ان من الشعر لحکمة و ان من البیان لسحرا

الحمد للہ کہ کلام معجز نظام حضرت پیر و مرشد مولانا جناب محمود شاہ صاحب قبلہ ناندیڑی نور اللہ مرقدہ
خلیفہ اجل حقایق آگاہ معرفت دستگاہ حضرت مسکین شاہ صاحب قبلہ حیدرآبادی

المسمی بنام تاریخی مذاق عاشقی ۱۳۲۲

معروف بہ

دیوان محمود

مؤلفہ

خاکسار عبدالرشید خان مخفی خلف حضرت افشان

جسکو سید عبدالحمید شاہ صاحب و سید عبداللہ شاہ صاحب سکنہ پانڈر کوڑہ عزیز خادمان حضرت
ممدوح سکنہ قصبہ بھوکر تعلقہ ناندیڑ سے زیور طبع سے آراستہ کیا

مطبع شمسی حیدرآباد دکن باہتمام محمد ابراہیم خان اکبرآبادی طبع شد

۹۲۲
دواوین

LIBRARY

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اے سالکان سلوک ربانی واے عاشقان طریق حقانی مبارک ہو کہ جسکی دید کے واسطے دیدۂ نیم باز خاص و عام ایمین انتظار در اشتیاق - اور قلوب طالبین صادقین جسکے نظارہ کیلئے نہایت ہی متمنی تھے لو وہ عروس حجلۂ سر یقین و غنچہ بستان عز و تمکین پردہ غیب سے جلوہ افروز ہو کر زیب بزم احباب اولوالالباب ہوا - یعنے دیوان زبدۃ العارفین عمدۃ السالکین سر حلقہ فقراء کاملین و سرچشمہ فیوض عرفاء و واصلین حقیقت آگاہ و معرفت دستگاہ مولائی و مرشدی حضرت محمود شاہ صاحب قبلہ ناندیڑی برد اللہ مضجعہ روحی فداہ و نور اللہ قبرہ و الجنۃ مثواہ خلیفہ اجل اکمل السالکین افضل العارفین حضرت مسکین شاہ صاحب قبلہ نقشبندی حیدر آبادی قدس سرہ العزیز بغرض طبع پیشکش شائقین کیا جاتا ہے -

الحمد للہ ہر آنچیز کہ خاطر میخواست — آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

چالیس برس اپنے شیخ کی غلامی اور نعلین برداری کی نفس کشی ایسی کہ صرف مسکین کی پھوڑی پر کئی سال گذر اوقات فرما کر سلوک طے کیا گیارہ بار زیارت حرمین شریفین سے فیض یاب ہوئے - اظہار کرامات کیلئے تو ایک دفتر چاہیے - مگر مشتے نمونہ خروارے اسوقت یون ہی جو یاد آگیا عرض کرتا ہون کہ بزمانہ علی موسیٰ رضا تعلقدار تین روز تک آپ پر حالت طاری تھی - بوقت ظہر جامع مسجد قصبۂ ناندیڑ کے لنگر پر [illegible]

نظر توجہ فرماتے ہی فوراً لنتر زمین پر گرا اور پارہ پارہ ہوگیا تخمیناً پانسو آدمی حاضر تھے
آپ حافظ قران نہین تھے مگر قصبہ بھوکر ہین ایک بار تا ختم رمضان المبارک
قرآن شریف سے آپنے تراویح پڑہائی جو آپکی کرامات کا ایک کرشمہ ہے۔
آپ سلب امراض بھی فرماتے ہین۔ کسی سلحدار کی بیماری اور ایک یار طریقہ کی پشت
کا پھوڑا سلب امراض کی توجہ سے فوراً آپ پر نمود ہوگیا تھا۔
صدہا کراماتون کو مین دیکھا ہون پیر کی کو حاجت ہو کیا قلم و سیاہی سطور کی
پیشین گوئیون کا تو کچھ حساب نہین جو لوگ صحبت سے مستفیض ہوئے اون پر
منکشف ہین۔ برہنہ شاہ صاحب مجذوب ہمیشہ اثنار ملاقات آپکو دیکھتے ہی فوراً ستر پوش
ہوگئے تھے۔
الحاصل یہہ بڑے بزرگ کا کلام ہے۔ دیکھو کسقدر سیدہی سادہی بلے تصنع بول
چال ہے صرف آمدہی آمد ہے آورد کا نام و نشان نہین **مصرعہ** حاجت مشاطہ نیست
روئے دل آرام را۔
ایک ایک شعر دلہائے ریش آلود کے لئے مرہم کافوری ہے۔ کیا کہنا عاشقان
رسول و دلدادگان مقبول کا کلام ایسا ہی ہوتا ہے **مصرعہ** جلوۂ طاؤس کے آبد ز مرغ
خانگی ؛؛ سچ تو یہہ ہے کہ ان اشعار کا لطف وہی خوب جانتا ہے جو کہ صاحب نسبت
ہے۔ صورت بین اس سے بے بہرہ ہین۔ ۲۶ ہر شعبان ۱۳۱۷ھ روز یکشنبہ کو حضرت
اس جہان فانی سے رحلت فرمائے عالم جاودانی ہوئے۔ آپکا کلام متفرق طور پر
پڑا ہوا تھا جسکو حضرت ممدوح کے فرزند ارجمند عبد الرشید خان صاحب نے بکمال
محنت و جانفشانی فراہم کرکے اس کتاب مستطاب گوہر نایاب کو مرتب کیا۔

بیت۔ بیا نظارہ کن اینجا خیال علم گرداری ۔ درین عالم خیال شاعران ہم عالمی ارد

الراقم حافظ شیخ سعید عفی عنہ خادم حضرت ایشان۔

سند عالم اکبر

مولوی سید لطیف صاحب قبلہ اولاد حضرت امام موسی کاظم رضی اللہ عنہ مقیم پانڈر کوڑہ نے دیوان ہذا کو سماعت فرماکر حسب ذیل ارشاد فرمایا۔

ان قصائد کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ (حضرت مصنف علیہ الرحمۃ) باخدا اور کامل بزرگ ہین۔ یہہ قصیدونکا مطلب بہت گہرا ہے اکثر اشعار احادیث صحیحہ کتب فقہ اور قران شریف کے آیات کا ترجمہ ہین۔

حضرت فنا فی الشیخ اور فنا فی الرسول تھے دو ہاتھ اور دو پاؤن ولیون کو بھی ہین اور ہم کو بھی مگر ہم ہین اور اون ہین بڑا فرق ہے عاشق شرع یہی لوگ ہین یہ جنکو دعا دیتے ہین اون کا کام ہوجاتا ہے اِنَّ اَوْلِیَاءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْن خدا انہی لوگون کی شان ہین فرمایا۔ اگر حضرت زندہ رہتے تو ہین ملاقات کرتا۔ اب بھی خدا چاہا تو خاص حضرت کی زیارت کے لئے نانڈیڑ آونگا۔ یہہ کلام اولیاؤن کا ہے ان قصیدون کا ایک مطلب نہین جسطرف چاہو ہوسکتا ہے اگر ایک شعر کا مطلب تمام دن بیان کرو تو پورا ہوگا صرف ایک لفظ کا مطلب بیان کیا جائے تو ایک جزو کی کتاب ہوگی یہہ قصاید اردو ہین مگر مطلب معتبر عربی کتابونکا ہے۔

پھر فرمائے ماشاء اللہ حضرت کیا دریا تھے خدانے خوب قوت دیا تھا۔ ایسے اولیاؤن کا کلام پڑھنا یا سننا بھی عبادت ہے نفل عبادت سے یہہ بہتر ہے حضرت نے اکثر اشعار ہین بھوجیو میان اور محمد یوسف وغیرہ کا نام لیا لوگون کے سمجھنے کیواسطے

دراصل حضرت کا مطلب دوسرا ہے ۔

خوشتر آن باشد کہ سرّ دلبران　　گفتہ آید در حدیث دیگران

دوبارہ ارشاد ہوا حضرت بڑے بزرگ تھے ہر کوئی اس کلام کو سمجھنا دشوار ہے
اثنائے سماعت غزل انا ساقی (ملاحظہ ہو صفحہ ۵۴) ارشاد ہوا کیا طوطا باتین کر رہا ہے
ماشاء اللہ کیا شعر ہین ان مین تناسب تلازمات استعارات کیا خوب ہین حضرت کو
خدا نے کیا دماغ دیا تھا۔ ہر ایک شعر پر اونگلی رکھکر صدہا مطالب و نکات بیان فرمائے
بعد ازان انگشت مبارک سے خاص اپنی ذات کی طرف اشارہ کر کے کسر نفسی
سے ارشاد فرمائے کہ ہمارے ایسے بے سمجھ لوگ اس کلام کو کیا سمجھ سکتے ہین جنکو
معرفت الٰہی ہو وہی اسکا مطلب جانتے ہین یہہ بھی ارشاد ہوا اگر یہہ کلام طبع ہو جائیگا
تو بہت لوگون کو فائدہ پہونچے گا۔

عبدالحمید شاہ صاحب و شیخ جی سکنہ پانڈو کوڑہ اور رقادر صاحب و جلال صاحب و
محمد صاحب و شیخ ہنو سوداگران سکنہ ہوکر مجلس مین حاضر تھے الغرض مولوی صاحب
موصوف بہت ارشادات فرمائے جسقدر یاد رہے مولف نے لکھہ لیا۔

تذکرہ (۳ ربیع الاول سنہ ۱۳۲۰ھ

راقم

خاکسار عبدالرشید خان خلف حضرت ایشان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مئی باقی اگر ساقی پلا جاتا تو کیا ہوتا / مزہ عشقِ محمدؐ کا چکھا جاتا تو کیا ہوتا

محب محبوب مین رکھا فرق کیون رنگنی والینے / اگر ہم رنگ دونونکو رنگا جاتا تو کیا ہوتا

چھپایا عشق دلہن کا کیا اظہار نوشہ کا / مثل دولہن اگر دولہا بنا جاتا تو کیا ہوتا

وہ دولہا کیا محمدؐ ہین یہہ دلہن مثل کعبہ کے / اگر دلہن کے گہر دولہا خود آجاتا تو کیا ہوتا

مکانِ لامکان پر لے گیا تہا کیا شبِ معراج / وہی شب گشت پہر دن کو پہرا جاتا تو کیا ہوتا

ازل سے لے ابد تک ہے وہی جلوہ محمدؐ کا / ذرا بہی دیدہ یہہ دل کا کہلا جاتا تو کیا ہوتا

زلیخا ہے نہ یوسف ہے نہ لیلیٰ ہے نہ مجنون ہے / وہی ایک نور حبیب احمد کہا جاتا تو کیا ہوتا

نقابِ ناز ڈالا کیا براے عاشقان رخ پر / دوی کا پردہ اے جانان اٹہا جاتا تو کیا ہوتا

ہوا ہم رنگ کیون نہین عاشق و معشوق کا قالب / دل عاشق مین خود معشوق سما جاتا تو کیا ہوتا

ارے ملاح لے آ کشتی مدینہ کو لیجا جلدی / ابہی لنگر یہہ کشتی کا اٹہا جاتا تو کیا ہوتا

وہی ہے کعبۂ ربی کہان رابعۂ بصری | اگر کعبہ خود استقبال آجاتا تو کیا ہوتا
وہی ہے یوسف کنعان کہان عاشق زلیخا ہان | رخ یوسف سے گر مقنع اُٹھا جاتا تو کیا ہوتا
وہی بردیمانی ہے کہان اب ویس قرنی ہے | ہر ایک کے تن اوپر حلّہ پہنا جاتا تو کیا ہوتا
وہی ہے خانۂ کعبہ کہان ہین اب رسول اللہ | فراقِ یار مین آنسو بہا جاتا تو کیا ہوتا
کفِ پا خاک سکین شاہ تو کر کحل البصر اپنا | مثل سرمہ کے قربت مین پسا جاتا تو کیا ہوتا

عمر بھر انتظاری مین گذر گئے آہ محمودا
لب شیرین سے اپنے لب ملا جاتا تو کیا ہوتا

وله

رکھا کیون نام مکہ اور مدینہ کہ یہہ دو ہین | اگر ایک نام دونون کا لیا جاتا تو کیا ہوتا
مدینہ مین ظہور ہے اوس جمالِ احمدیکا بس | وہی نور آکے مکہ مین بھی مل جاتا تو کیا ہوتا
نہ محرم سے چھپایا کیون عروسِ کعبہ کو دولہا | حرم کے محرمون سے سر چھپا جاتا تو کیا ہوتا
یہ کیا شادی ہے حج عمرہ محبان ہین حج سجا | در و دیوار نہا پھر دلہن بندھا جاتا تو کیا ہوتا
ہوا ایجاب قبول اسکا کہ حاجون کو بخشونگا | گواہ رکن یمین اسود لکھا جاتا تو کیا ہوتا
ہوا عقدِ محبت کا قیامت تک نہ ٹوٹیگا | یہہ مژدہ خاص عامون کو سنا جاتا تو کیا ہوتا
ہین جتنے حاج بیت اللہ وہ ہین مہمان ترے اللہ | طفل جہان اُنس سبکو چکھا جاتا تو کیا ہوتا
پڑھا جمعہ کا خطبہ جب براتیونکی دلع ہے کیا | مبارکباد مغفور ادیا جاتا تو کیا ہوتا
چلا کیون ہو کے آفاقی رہا کیون نہین شبلی | اگر جنید ہو یہہ کعبہ مین رہا جاتا تو کیا ہوتا
مثل لہن ہے عشق پیران بہانہ ہے مریدونکا | زبان پر مہر خاموشی لگا جاتا تو کیا ہوتا
ہوا عقد محبت کا گرہ ریشم کی کھلتی کیا | یہہ سرِ باطن ظاہر کھلا جاتا تو کیا ہوتا

ملے جب پیر مسکین شاہ تمنا کیا ہی محمودا
ہمیشہ شکر کی تسبیح پڑھا جاتا تو کیا ہوتا

ولہٗ

وہی عشق و محبت کی ہین دریا کی یہہ موجین
یہہ بیچارا غیر ساحل سے بہا جاتا تو کیا ہوتا

ہوا چلتی ہے رنگا رنگ محل وسکا ہی ایک ہی رنگ
یہہ دریا حال پر دایم تھما جاتا تو کیا ہوتا

محبت نے کی ایسا مست اٹھادی پردۂ عزت
حجاب شرم گر تن پر اڑا جاتا تو کیا ہوتا

ستر کھل جانا بیہوشی مین مجنون پر نہین ہی حرج
سوا مجنون و لیلیٰ غیر شہ آجاتا تو کیا ہوتا

ہوا بس عرصۂ ۳ سال میرا معلوم ہی مجکو حال
حقیقت حال غیرون پر جو کھل جاتا تو کیا ہوتا

زبان پر قفل ہے اور دل مین ہی راز خفی از حد
اگر ایک بھید اشارے ہی کہا جاتا تو کیا ہوتا

لیا بوسہ بحال سکر نہین جانا ای زاہد خشک
گناہ گاریکا کفارہ جو ہو جاتا تو کیا ہوتا

ادب شرع محمدؐ کا ہی واجب بلکہ فرض عین
وگرنہ مستی فقرا بتاجاتا تو کیا ہوتا

وہی ہین عارف باللہ مکمل پیر مسکین شاہ
اگر چندے غلامی مین رہا جاتا تو کیا ہوتا

ہمیشہ جام عشرت کا نہین ملتا ہی ای محمود
جو باقی عمر الفت مین چلا جاتا تو کیا ہوتا

ولہٗ

عمر ضایع نکر اپنی خودی اور خود روی مین بس
عمل ارشاد مرشد پر کیا جاتا تو کیا ہوتا۔

وہی روزہ وہی رمضان وہی حافظ وہی قرآن
مثل مسجد نبوی کے پڑھا جاتا تو کیا ہوتا

تمنا کیون نہ ہی یہہ رمضان شب قدر اسکی ہی درمیان
تمام رمضان کی راتون مین نہ سو جاتا تو کیا ہوتا

ہزار راتون تلک سو جا مزہ ایک رات کا چکھہ کر
قدر کی رات ہر کوئی جو پا جاتا تو کیا ہوتا

وصل جسکو ہو جس شب مین ہی نزدیک اوسکی قدر شب
دعا کرتے سے ای محمود نہ تہک جاتا تو کیا ہوتا

نہین ہے اہل دنیا کو بصیرت دلکی محمودا
تمامی عمر گر اونسی روکا جاتا تو کیا ہوتا

ولہ

وہی مکہ وہی بطحا ادب کان بوحنیفہ کا
طہارت مین کئی استنجہ کوئی کر جاتا کیا ہوتا

وہی یثرب مدینہ ہے ادب کان ہی امام مالک
تبر اپنی بقیع مین کوئی کروا تا تو کیا ہوا

وہی معراجکی شب ہے مگر کان ہین وہ صدیق اکبر
ابو جہل لعین کذاب سچا جاتا تو کیا ہوتا

براہیم اور سارہ مین تہا دیوارکا پردہ
نبی پر عایشہ کا صدق کہلجاتا تو کیا ہوتا

ہزارون ہین لطیفہ اور ہزار حکمت ہین پوشیدہ
اشارہ نور کا سورہ سمجھہ جاتا تو کیا ہوتا

جو عشق احمد ہے یا ہوا براہیم ہوی یا سارہ
ہوا پر تخت سلیمانی نہ اڑجاتا تو کیا ہوتا

وہی ہین شمس تبریز اب مگر کان ہین وہ مولانا
اگر شب پر کو نور خورد کہا جاتا تو کیا ہوتا

ہین مولانا جلال الدین کہان عاشق حسام الدین
اگر یہ مثنوی رومی نہ لکہہ جاتا تو کیا ہوتا

وہی ہی ویس قرنی اب مثل احمد نبی ہو کب
یمن سی بو ہر ایک کو جو سونگہا جاتا تو کیا ہوتا

وہی خواجہ بہاو الدین کہان عطار علاو الدین
محمد پارسا پارس جو مل جاتا تو کیا ہوتا

وہی ہین خواجہ باقی کہان ہین شیخ فاروقی
مثل اس نان بالی کے جو مر جاتا تو کیا ہوتا

ابہی حاضر ہے بیت اللہ کہان این رسول اللہ
پیادہ حج کئے پندرہ سوار جاتا تو کیا ہوتا

وہی ہین بایزید حاذق کہان ہین جعفر صادق
ادب بوالحسن خرقانی سکہا جاتا تو کیا ہوتا

دل عاشق مین جو وسعت ہی زمین آسمان تنگ ہے
دل عاشق مین وہ بیچون سما جاتا تو کیا ہوتا

وہی ہی کعبہ ربی ہوا کشف نبی عربی
قبا مین کعبہ استقبال آجاتا تو کیا ہوتا

وہی ہے یوسفِ مصری کہاں ہیں چشم یعقوب / حسد بہائیو لنبی اس چاہ میں نہ گرجاتا تو کیا ہوتا
وہی ہیں اب حسن زندہ کہاں ہیں فاطمہ زہرا / حسن کو زہر جعدہ سے نہ دلواتا تو کیا ہوتا
وہی ہیں اب حسین مظلوم نبی نے حلق کی چوما / یزید و شمر کو سنگدل نکرواتا تو کیا ہوتا
حسین ابن علی پندرہ کئے تھے حج پیادہ پا / مدینہ سے سوار اسپ ہو جاتا تو کیا ہوتا
ادب عزت کی کعبہ حسین ابن علی نے واہ / نہ جا کر کربلا کوفہ یہاں رہ جاتا تو کیا ہوتا
وہی صدیق امیر الحاج رکھا جنکے یہ سر تاج / اگر کوئی دوسرا صدیق بنا جاتا تو کیا ہوتا
کئے عثمان جو حج اور علی و مرتضیٰ جیسا / غلاموں کو ادب ویسا سکھا جاتا تو کیا ہوتا
میرے سینہ میں جو کچھ تھا سو بٹھا اوسکی سینہ میں / اگر سینہ نبی صدیق نہ مل جاتا تو کیا ہوتا
محبت کی نشانی ہے یہہ بوسہ حجرِ اسود کا / عمر فاروق کے مانند چوما جاتا تو کیا ہوتا
نہ ملتے اس زمانہ میں اگر مسکین شاہ کامل۔ / مثل مجنون کے صحرا میں برہنہ تن پھرا ہوتا
نظر آتا نہیں وہ گل بس اب خاموش ہو بلبل / تیرا بیوقت چلّانا تھما جاتا تو کیا ہوتا۔

عزیز جاتا رہا تیرا پریشان کرکے دل محمودؒ
عمر کے دل کو دے تسکین تھما جاتا تو کیا ہوتا

ولہٗ

غنیمت ہے غنیمت ہے یہہ دور آخر / پیالہ ایک دور آخر بھی مل جاتا تو کیا ہوتا
نہیں ہے تختیٔ دل پر بجز قامت الف یار / کروں کیا حرف اب دوسرا بھی یاد آتا تو کیا ہوتا
بچا تو شر و فتنہ سے ہر ایک فت بلا سے یارب / بجائے شیر کے اب شہد چکا جاتا تو کیا ہوتا
کرے تشبیہ بناتا ہے کبھے تنزیہہ دکھاتا ہے / یہہ اطلاق تعین کا اڑا جاتا تو کیا ہوتا
معرا اعتبارات سے سدا رہتی ہے ذات اوسکی / معرا ذات محبت کر بتا جاتا تو کیا ہوتا

نہیں دیکھا کوئی معشوق دنیا سے وفاداری　اگر منھ یار دنیا سے موڑا جاتا تو کیا ہوتا
ہو الاول ہو الآخر ہو الظاہر ہو الباطن　اگر وحدت کو کثرت سے دکھا جاتا تو کیا ہوتا
توجہ شاہ مسکین سے عمر بھر کی وہ گرمی کو　دل محمود خنکی سے بڑا جاتا تو کیا ہوتا
مقام عاشق و معشوق خدا سے ہے محمدؐ کا　مقام حب صرفہ تک اڑا جاتا تو کیا ہوتا
پڑا تھا خواب غفلت میں ہوئیں بیہوش تجھ　محبت سے ذرا آکر جگا جاتا تو کیا ہوتا۔
ہے اوسکی ید قدرت میں یہ جو دل کی در پر قفل　محبت کی وہ کونجی سے کھلا جاتا تو کیا ہوتا
نہیں ہے کوئی اب مقصود سوئے ذات پاک اللہ　خلاصہ اللہ ہو اللہ پڑھا جاتا تو کیا ہوتا
اٹھی جب غیریت کی تو محبت ہو وہ اللہ ہو　بس اب وہ آہ جذب و حال گھٹا جاتا تو کیا ہوتا
تیرے اس ناز استغنائی کے فرہاد کوہ سار۔　لب شیریں سے لب اپنا ملا جاتا تو کیا ہوتا
میں شیدا اوسکا ہوں دلسوز وہ شیدا ہی میرا ہے　اگر سینہ سے وہ سینہ لگا جاتا تو کیا ہوتا۔
گرانمایہ عمر جاتی رہی بس ہے اوسی کا غم　اگر نعم العوض دوسری دیا جاتا تو کیا ہوتا
محمدؐ کی برکت ہے توجہ شاہ مسکین شاہ　دل محمود وحشی کو رما جاتا تو کیا ہوتا۔
تھی چودہ سو برس کی عمر نوح مشہور دنیا میں　یہہ نور احمد کا ترسے بڑھا جاتا تو کیا ہوتا
شروع آدم نبی سے تا زمانہ نور احمد تک　نبی ہر ایک زمانہ میں نہ آجاتا تو کیا ہوتا
زمانہ ابتدا آدم سے لیکر تا بہ نفخ صور　مبدل رنگ زمانہ کا ہو جاتا تو کیا ہوتا
وہی ہے [illegible] نقاہ مسجد میں شہر حیدرآباد　کہاں ہیں پیر مسکین شاہ کہا جاتا تو کیا ہوتا

غرض جو جو کہا حق نے سب اچھا کیا محمود
عذر تقصیر خدمت گر نبھا جاتا تو کیا ہوتا۔

ولہ

الٰہی ایسا کب آویگا دن سفر جو بیت الحرام ہوگا
کبھی تو سیر جہاز دریا کبھی تو جدہ مقام ہوگا

اگرچہ ہی جسم بودہ اسجا مگر ہی روح در حضور کعبہ
سبب نقشبندی کی اعلی کسیدن مکہ قیام ہوگا

لبوں پہ ہر شب ہی آہ و نالہ ز جرس ناقہ بوجد حالت
بقافلہ رومی یا ن شامی ہمارا کسدن خرام ہوگا

کب آویگا وہ ہمارا میقات یلملم جا کر غسل کرینگے
کہینگے لبیک یہہ حج وعمرہ کفن ہمارا احرام ہوگا

منا مین جا کر بہ مسجد خیف کہینگے لبیک محرمان سب
بروز عرفہ بر جبل عرفات ہمارا کسدن قیام ہوگا

حرم مین ہمکو لیجا دیگا کون سوا معلم علی رضوان
طواف کعبہ تصدق ہونا محب کا تیار قوام ہوگا

نماز ظہر وعصر بہ نمرہ پڑہینگے کسدن سنینگے خطبہ
وقوف عرفات بعد مغرب عشا کیا مزدلفہ نام ہوگا

صبح کو عید الضحی منا مین کیا سات کنکر سے ہی شیطان کو
رمی جمار بعد قربانی کہلیگا احرام حجام ہوگا

مثال پروانہ شمع کعبہ پہ جان دینی مین اب ہی سرگرم
فقط نہ عشق ایاز محمود زلیخا یوسف کا نام ہوگا

مجازی ہے عشق زلیخا یوسف ایاز محمود فرہاد شیرین
جو خطرہ نیک آئی دلمیں محمود اوسی کا کیا نام الہام ہوگا

فراق یوسف مین چشم یعقوب ہے کو سفید گرچہ چہل سال
سونگہا دی اب بوی پیرہن کو کہ قوت جان اودا کا نام ہوگا

اسکا مقنع نہ ڈال رخ پر حجاب مت کر ایاز محمود
دکھادی ابروسے چشم اپنا ہلال ماہ صیام ہوگا۔

ولہ

تجلی ذاتی وصال دایم ہے لا تعین کیا نام اوس کا۔
یہہ سیر آفاق و انفسی کا بوصل عریان تمام ہوگا

تجلیات شیون ذات الہیہ سے ہے فیض سر پر۔
شہود یوسف محب میرے کا صبح سی لیکر تا شام ہوگا

اگرچہ ملک دکن وطن مین درود پہنچاتے ہین فرشتے

مگر حضور نبیؐ مین جاکر ہمار اکسدن سلام ہوگا

فرض ہے احرام وقوف عرفات طواف کعبہ کا بس یہہ سنیو
نویں ذوالحجہ عرفات جاکر بروز عرفہ تمام ہوگا

اگرچہ مجنون بحال مستی کنار بوسہ لیا ز لیلی
مگر تھا عشق پاک وصل عریان کیا حال مجنون مدام ہوگا

لطیفہ سرّی مکان عاشق یہی ہے میقات بھی ہے کوہ طور
فنا ہوز بر قدم جو موسیٰ نہ کیون تسلّی کلام ہوگا

بندھینگے میقات اپنی احرام عرب عجم عاشقان کعبہ
کہینگے لبیک تا قیامت نہ کیون یہ خانہ عظام ہوگا

ولہٗ

نشتر سے گزیا بہانہ تھا کیا جو درد پھلو رہا یک چلہ
یہہ درد دل زخمی دل کو مرہم ملیگا کسدن آرام ہوگا

دو ہفتہ کامل گذر گئے ایدل اثر دوا کا نہ دیکھا محمودؐ
دعا ز سکین شاہ پیر و مرشد طبیب حاذق تمام ہوگا

جو درد ہے محمود استخوان مین ہوا ہی وہ درد رگ اور سینہ
رفیق ایسا ملا ہے مجھ کو قبر مین جس سے آرام ہوگا

اگرچہ فرہاد شیرین زلیخا یوسف کا قصہ مشہور ہی آفاق
مگر کہان وہ ایاز محمود کہان وہ اعلیٰ مقام ہوگا

سن تیرا سو گیارہ آج ہے ہجری یوم دوشنبہ اور سوین رمضان

وظیفہ مسکین شاہ پیر و مرشد صبح سے لیکر تا شام ہوگا
مقام محمود ماہ رجب کیا شب معراج پر پہنچی ہے
سفر مبارک دو ماہ کا بس قریب نامہ ہی تمام ہوگا

اگر پیر مغان مجھ کو جو پیمانہ دیا ہوتا
تو مثل ستون کے پھر مین بھی تو مستانہ ہوا ہوتا

نظر آتا اگر چہرہ محمد والے لیے تیرا
قمر شرمندہ ہو جاتا اور دیوانہ ہوا ہوتا

حریم کعبہ دل کا مقام جائے پاکان ہے
نظر وہ شمع رو آتا تو پروانہ ہوا ہوتا

نظر آتا اگر روئے حقیقت کعبہ دل کا
طواف خانہ کعبہ کا مستانہ ہوا ہوتا

طریق عشق مین چستی و چالاکی کیا احسن ہے
سفر حج مین نا ہوتا تو ہم خانہ ہوا ہوتا

مسلمان عام کو وعدہ ہے ہو دیدار جنت مین
یہان حرمین مین دیدار خاصانہ ہوا ہوتا

دوکان ہے یار کی تیرے کیا مین ادہر ادہر
تو مثل مردہ کفن بند ہوتا تو مردانہ ہوا ہوتا

سعی واجب ہے محرم پر کہ دوڑے تا صفا مروا
توجہ کی نظر سے رقص وجدانہ ہوا ہوتا

ہمی باقی جو سنتا تہا ہے وہ زمزم شراب ابرار
جو پیتا دست ساقی سے تو رندانہ ہوا ہوتا

ادب شرع محمد کا واجب بلکہ فرض عین
وگرنہ پھر کلام مست رندانہ ہوا ہوتا

حضور و آگہی ہے اس طریقہ نقشبندی مین
غلام نقشبند ہوتا تو مردانہ ہوا ہوتا

محبت ہوتی گر مسکین فقیرون سے امیرون کو
تو پھر لبیک سوز انگیز مستانہ ہوا ہوتا

یقین آتا جو یہ زمزم مین ہے تاثیر اے طعام
اقامت کرتا مکہ مین اور فردانہ ہوا ہوتا

قناعت کرتا نان خشک اور جامہ کہن پر گر
غنی قلب ہو کے مکہ مین غریبانہ ہوا ہوتا

ہزارون آفرین ہے مرحبا بس اہل مکہ کو
جو ہوتی استقامت تجھ مین مردانہ ہوا ہوتا

لب لعل و دہن شیرین سے نا چکھتا مزہ فرہاد
تو پھر مشہور دنیا مین کیون افسانہ ہوا ہوتا

دکھایا کشتگانِ خنجر تسلیم کا ایک ضرب
ذرا دل پر جو لگ جاتا تو زخمانہ ہوا ہوتا

مگو را باب حق رفتند و شہر عشق خالی شد
جہان پر شمس تبریز ہست جو مولانا ہوا ہوتا

سن تیرا سو ایک ہجری تھی پنجم ماہ رجب کی
سفر دہلی کا نا ہوتا تو ہم خانہ ہوا ہوتا

جو لگتا عشق مسکین کا تجھے گر تیر اے محمود
تو زخمی دل کا خود مرہم وہ حنانہ ہوا ہوتا

دل

نہ ہوتی حب دنیا گر سر مو مزرہ دل مین
مثل بہلول دانا کے مین فردانہ ہوا ہوتا

حریفون سے پیا بادہ تھی خمخانہ چھوڑی واہ
ذرا قطرہ چکھا جاتا تو دیوانہ بنا ہوتا

پلاتے گر ذرا قطرہ خضر اس چشم حیوان کا
فخر سے سر پہ میرے تاج شاہانہ رکھا ہوتا

ملے گر لقمہ ایک سگ کو نہ چھوڑی عمر بھر در کو
جدا مسکین سے نا ہوتا تو فردانہ ہوا ہوتا

گناہ امرزر رندانِ قدح خوارونکا ہے غفار
کلام عاشق مسکین کا رندانہ ہوا ہوتا

زیارت کرنا طایف مین جو ہین عبد اللہ بن عباس
تو پھر احرام عمرہ کا جعرانہ بندھا ہوتا

زیارت امہات المومنین میمونہ ہی عمرہ
جو جاتا مسجد ضیغم تو دوگانہ ادا ہوتا

یلم لم ذو الحلیفہ سے بندھا احرام حج عمرہ
کلام لبیک مستانہ و رندانہ ہوا ہوتا

ہزارون مکتہ باریک ہین اس حج و عمرہ کے
اگر شق صدر ہوتا تو کاشانہ ہوا ہوتا

سنِ تیرا سو ایک ہجری کا تھا ماہ رجب اجمیر
سفر دہلی کا نا ہوتا تو ہم خانہ ہوا ہوتا

کرون کیا نذر خواجہ کی ہون مسکین بے زر و بے پر
سنا کر راگ شرعی کو مین نذرانہ دیا ہوتا

سنا جو میان مطرب میر ہے خواجہ کی کچھ مدح
جو ملتا صاحب دل سے تو مستانہ ہوا ہوتا

ہوا ایک پیر مین ثانی ہی وہ مقبول کل پیران
ملا دل صاحب دل سے تو پیمانہ دیا ہوتا

جسے ملتی توجہ شاہ مسکین کی قدر الذت
ادسے یہ عالم دنیا کا ویرانہ ہوا ہوتا

خدایا استقامت دے محبت شاہ مسکین سے
سر محمودؐ شیدا تاج شاہانہ ہوا ہوتا

کیا فلک عشق میرا قابل مستور نہ تھا
تادہن شیر خفی کہنے کا مقدور نہ تھا

لاکھ پردہ مین چھپایا نہ چھپا آخر کو
عشق محمود چھپانا تجھے منظور نہ تھا

غرق دریا محبت مین کیا جب مسکین
ہان محمدؐ وہ حبیب میرسے کچھ دور نہ تھا

قرۃ العین محمدؐ ہے میرا نور حبیب
ہے وہ نزدیک میری جان سے کچھ دور نہ تھا

دوا خانہ جس روز اٹھ جائے گا۔
کیا یوسف پھر محمودؐ کے گھر آئیگا۔

سُننے گا نصیحت نہ یعقوب کی
تو پھر چاہِ ظلمت مین گرجائے گا۔

حسد سے گرادینگے آہ چاہ مین
تجھے بھائی یہہ لانڈ گا کھا ئیگا۔

جدا اگر ہوا پیر سے میری جان
درم پانچ کھوٹے پر بک جائیگا

ہے یہہ ڈول بس بیٹھ رسی پکڑ۔
تجھے ساتھہ مالک بھی لے جائیگا

پھر آخر کو ہوگا عزیز مصر
مصر کا شہنشاہ تو ہو جاے گا

قدر نین سکے بھائی کنعان مین
مصر مین کیا بھایون کو بلوائیگا

ہے یہہ عشق محمودؐ یوسف کا پاک
فنا شیر و شکر مین ملجائے گا

ہے تاریخ پنجم صفر جمعرات
شب جمعہ بانگو مل جاے گا

سن تیرا سو نو ہے سال روان
۱۳۰۹ھ
اب نا ندیڑ مین یہہ شعر رہ جائیگا

ہو تصدق تو سارے پیرونکا
زلف محبوب کے اسیرون کا

ہو فنا اور بقا فقیرونکا
خاص پیر اپنے دستگیرون کا

اعتقاد نیک اون سے رکھ بہائی
سرمہ کر خاک پا فقیرون کا

شاہ مسکین سا پیر ہو جس کا
خوف اوس کے تئین کیا امیرونکا

صدق دل سے غلام ہو محمود
نقشبند خاص بے نظیرون کا

دان بدن عشق محمد مین کیا لذت دیکھا
ذوق اور شوق و مستی مین کیا خلوت دیکھا

نہ ملا سینہ سے سینہ اور تیرے لب سے لب
کیا شب وصل مجھ خواب مین غفلت دیکھا

روز اول مین قرار جیسا تھا دیسا نہ رہا
وقت شب جاتا رہا صبح کو حسرت دیکھا

اپنا دیدار دکھا دے ہو نمین مسکین غریب
صحبت غیر سے سو طرح کی وحشت دیکھا

عشق محمود نکر عمر یہہ دنیا مین صرف
عشق سے ایہہ مین بدنامی و ذلت دیکھا

عاجزی کرنا فقیرون سے نہین جسکا خمیر
دل محمود نے ایسے کے تئین کم بخت دیکھا

نبی معصوم گناہون سے ولی ہین محفوظ
مست بیہوش پر نہین شرع کیا حکمت دیکھا

جب تلک عقل ہے اور ہوش تو روزہ و نماز
مستی عشق کو کیا شرع نے سرمست دیکھا

چار شخص ہو گئے محروم جلالت سے میرے
اب جلال عشق محمدی مین لذت دیکھا

منکر حال فقیرونکا ہے محروم از فیض
عشق محمود ملا جس کو وہ قربت دیکھا

وقت بیعت کے کئے پیرنے زندہ دل کو
مضغہ گوشت یہہ پہلو مین حرکت دیکھا

عشق محمود کا محمود سے پہچانا ایاز
شاہ مسکین کی خدمت سے مین عزت دیکھا

پڑھکے سویا تہا درود اور مین کلمہ طیب ۔ یار آغوش مین تھا قرب کیا اقرب دیکھا
وعدۂ دیدار نبی اور خدا ہے بہشت ۔ کی آنکھون سے یہان خوابمین رویت دیکھا
خواب مین صورت وہ یوسف کی نظر آئی تھی ۔ اپنے مرشد کی مین صورتمین وہ صورت دیکھا ۔
اور کیا صورت یوسف سے بھلا دون تشبیہ ۔ حسن یوسف کا سنا تھا تجھے اسوقت دیکھا
شانِ بیچون کو بیچون سے ہوتا دیدار ۔ دل کی آنکھون سے تیری شان و شوکت دیکھا
جلوہ گر تو نظر آیا میرا جی جانتا ہے ۔ بعد دیدار تیرے پھر نہین وحشت دیکھا
آگیا یار جب آغوش مین پھر مین نہ رہا ۔ بیخودی نشہ و مستی مین کیا خلوت دیکھا
گنگ ہوتی ہے زبان میری کرون کیا تعریف ۔ عالم رویا مین کیا شان و شوکت دیکھا
پیر کامل کا ہو جب ہاتھ کسی کے سر پہ ۔ فخر سے عرش پہ پہنچا اور یہ رفعت دیکھا
ذات بیچون منزا ہے تعین سے وری ۔ صفت خاص ثمانیہ مین رحمت دیکھا
بحر وحدت مین ہوا غرق کیا اللہ اللہ ۔ جو ملا فیض لدنی وہ بصیرت دیکھا
خوف کسیکا نہین رہتا ہے معیت مین ذرا ۔ حال مین ثمرۂ قربت و صحبت دیکھا
نحن و اقرب کا کھلا سر تھا کیا فیض بیچون ۔ مورد فیض ہوا نفسی مین عظمت دیکھا
سب تا کے نہ ولایت ہوے صغرا کبرا ۔ کھان قالب نے بھلا فیض نبوت دیکھا
وصل عریانی مین ہوتا ہے معیت کا ظہور ۔ تام دو ظاہر و باطن مین محبت دیکھا
عقل و تدبیر سے ہوتا نہین وصل عریان ۔ نوجوان خام عقل مین یہی علت دیکھا
قلب سے لیکے تا قالب ہے رگ و ریشہ مست ۔ ہے برکت یہی جو پیر کی بیعت دیکھا ۔
زن و فرزند و مال باپ کو اور جان و مال ۔ سب تصدق کردن کیا پیر کی الفت دیکھا
حال محمود کا محمود سے ہے دنیا مین چھپا ۔ عاقبت ہووے جو محمود دیکھ حرمت دیکھا

دن بدن عشق محمد میں لطافت دیکھا
یا الٰہی ہو زیارت ہمیں حرمین نصیب
عالم خلق جدا عالم ارواح ہے جدا
بحر وحدت میں ہوا غرق کیا اللہ اللہ
بے خودی اور فنا لاتی ہے اسم ذاتی
عقد مشکل نہ کھلا ہو گئے چالیس برس
دل کی آنکھو نسی ہے دیدار خدا کا جایز
بخت محمود ہے اوسکا جسے دیدار رہلا
جامع الخیر ہے بس ذات میاں کی ہیرے

ان لطیفوں میں عجائب ہیں کرامت دیکھا
جو کیا حج و زیارت وہ شفاعت دیکھا
عالم رویا میں کیا دل نے امانت دیکھا
اسم اعظم کی اب قرآن میں کرامت دیکھا
می وحدت پیا جس نے سو سلامت دیکھا
اب ظہور خواب کا بیدار صداقت دیکھا
خواب میں یار سے ملنے کی بشارت دیکھا
جسنے کعبہ کی و روضہ کی زیارت دیکھا
خلق احسن ہے شجاعت و سخاوت دیکھا

نظم و نثر سے کیا کام غزل سے ہمکو
نعت احمد میں کیا محمود فصاحت دیکھا

محمد کے جو کوچہ میں گذر ہوتا تو کیا ہوتا
شفیع المذنبین میرا محمد سید الکونین
تیرے ناز و ادا رفتار کے قربان ای پیارے
دیکھا میں چاند رجب کا تو یاد آیا مجھے مصحف
غرض دیدار یار اپنا نہ مسجد ہے نہ میخانہ
سخن شیریں مثل طوطی کے ہی گفتار سب تیری
تصدق اب کروں لعل یمن کو تیری لب پیرے
ہوا میں منفعل ایسا نمک جیسا کہ پانی میں

مدینہ میں اگر میرا ابھی گھر ہوتا تو کیا ہوتا
اسی دنیا میں گر سب کا حشر ہوتا تو کیا ہوتا
میرا وہ نازنین نازک کمر ہوتا تو کیا ہوتا
جمال روئے مصحف گر قمر ہوتا تو کیا ہوتا
طرف دیوار مسجد کے جو در ہوتا تو کیا ہوتا
اگر وہ یوسف مصری شکر ہوتا تو کیا ہوتا
دُر دندان اگر تیرا گُہر ہوتا تو کیا ہوتا
نماز عشق میں ظہر عصر ہوتا تو کیا ہوتا

غروبِ شمس ہوا جسوقت نمود ہوئی شامِ غم
اگر اس وقت پہ شیخ عصر ہوتا تو کیا ہوتا

محبت کے ہین کیا آثار کبھی ہنسنا کبھی رونا
محو گریہ ہو ہنسنے مین ضرر ہوتا تو کیا ہوتا

سنِ تیرا سو چودہ تہا سنِ ہجری کا ای محمود
ربیع الاول مین اپنا ہی سفر ہوتا تو کیا ہوتا

اگر ملتی ذرا خاکِ مبارک قبر اطہر کی۔
دماغ روح جان کے تئین عطر ہوتا تو کیا ہوتا

دوا ہے سب شفا مطلق دیارِ احمدی کی خاک
یقین دل سے اگر کحل البصر ہوتا تو کیا ہوتا

حبیبِ نور احمد کا سرو کیا نخل قامت ہے
سرو سبز نخلِ خرما کو ثمر ہوتا تو کیا ہوتا

برکت ہے میرے اس خانۂ دلمین اوسکی بس
میرے پر فیض باران کا ابر ہوتا تو کیا ہوتا

تنِ عریان تھی بارہ برس سے آہ سنجا نا کوئی
نظر غیرون سے پردہ مین ستر ہوتا تو کیا ہوتا

نہین ہے عشق کے حرفون مین ضم تشدید اطبا
اگر باطن کے تئین زیر و زبر ہوتا تو کیا ہوتا

جو ہوتا معتکف چالیس دن باب السلام اوپر
تو پھر چالیس چلو نکا فخر ہوتا تو کیا ہوتا۔

وطن تا ندٹر مین ہوتی تسلی دیکھکر ہر دم
اگر خرما مدینہ کا شجر ہوتا تو کیا ہوتا

مبارکبادین دیتا لگاتا اپنے سینہ سے
تو لد نور حبیب احمد پسر ہوتا تو کیا ہوتا

طلب ہوتی اگر صادق نہ کیون ہوتا فنائی شیخ
توجہ مین تیرے ہر دم اثر ہوتا تو کیا ہوتا

غرض نعتِ نبی ہونا ردیف و قافیہ موزون
قصیدہ نظم محمود انثر ہوتا تو کیا ہوتا

دعا محمود اب منگ لے کہ مسکین شاہ رہی راضی
تصدق جان اور یہ مال نذر ہوتا تو کیا ہوتا

یارب دکھادے روضہ تو پیران پیر کا۔
اور کربلا مین شاہ شہیدان شبیر کا

کب ہوئیگا وہ دن کہ مین جاؤنگا در نجیف
دیکھونگا جلوہ آنکھون سے شان امیر کا

ارشاد میرے پیر کا ہے لا تخف مرید
دامن نہ چھوٹا ہاتھہ سے پیران پیر کا

بیہوش ہے مرید مثل طفل شیر خوار
جون چوستا ہے سینہ سے فیضان پیر کا

محتاج ہین دعا ہی کے دنیا کے بادشاہ
کیا مرتبہ ہے اللہ رے سلطان فقیر کا

کیا غم ہے اوسکو جسکو مدد ہووے دستگیر
ہے سر پہ سایہ مہر درخشان منیر کا

گر حج ظاہری سے ہون اس سال بے نصیب
باطن سے تین ہون دور یہ احسان ہے پیر کا

ہوتا ہے حج باب فتح کعبہ در حرم
کیا داخلہ ہے عام اب سلطان فقیر کا

ہوتی دعا قبول ہے حجاج زائران
کیا خوب جلوہ ہوتا ہے شان قدیر کا

ہو خاتمہ بخیر میرے پیر کا اے رب
محمود پر بہت سا ہے احسان پیر کا۔

مبارک اسم اعظم کے وسیلہ سے دعا کرنا
اب اس سردار عالم کے وسیلہ سے دعا کرنا

ابوبکر و عمر عثمان علی اور فاطمہ حسنین
اب اہل بیت کاظم کے وسیلہ سے دعا کرنا

سب انصار مدینہ اور مہاجر اہل مکہ کے
صحابہ عدی حاتم کے وسیلہ سے دعا کرنا

الٰہی از طفیل اسم اعظم اور ابراہیم
اب موسیٰ عیسیٰ مریم کے وسیلہ سے دعا کرنا

ہے کیا تعویذ جان میرا یہ اسم نقش اللہ ہو
اب ہوا اور آدم کے وسیلہ سے دعا کرنا

بحق نقشبند خواجہ بہاؤ الدین بخارا کے
نگینہ شرع خاتم کے وسیلہ سے دعا کرنا

جناب غوث اعظم کے وسیلہ سے دعا کرنا
اب اون کے خاص خادم کے وسیلہ سے دعا کرنا

بحرمت خواجگان چشت کہ فیض عام ہی جنکا
معین الدین چشتی کے وسیلہ سے دعا کرنا

بحق نجم الدین کبریٰ سہروردی طریق جسکے
اب اس شہر مفخم کے وسیلہ سے دعا کرنا

وسیلہ سے بزرگون کے دعا مقبول ہی
امام اعظم معظم کے وسیلہ سے دعا کرنا۔

گناہ کر کے کیا ہو توبہ تو وہ توبہ نصوحا ہے
اب اس عاصی نادم کے وسیلہ سے دعا کرنا

شب معراج بست ہفتم زمین و آسمان پر نور
براق نازنین مسم کے وسیلہ سے دعا کرنا

پکڑ کر دامن کعبہ لگا سینہ بہ ملتزم
علی رضوان معلم کے وسیلہ سے دعا کرنا

وسیلہ ہے شفاعت کا قیامت مین میزابکا
محمد عربی ہاشم کے وسیلہ سے دعا کرنا

ہوا ربد بلار سخت کے شر سے بچا یارب
رضا تقدیر مبرم کے وسیلہ سے دعا کرنا

رکن ہین چار کعبہ کے یمانی اور عراقی شام
اب حجر اسود اکرم کے وسیلہ سے دعا کرنا

رکن ہین چار کعبہ کے گویا طناب خیمہ کے
ستون خانہ مکرم کے وسیلہ سے دعا کرنا

شراب ہے اولیا کی بس یہ پینا آب زمزم کا
شب عاشورہ محرم کے وسیلہ سے دعا کرنا

دعا کرنا دعا کرنا بعجز و انکساری کے
وہ صدر بحر قلزم کے وسیلہ سے دعا کرنا

دعا مقبول ہوتی ہے خصوصاً ماہ رمضان مین
بحرمت شہر عاصم کے وسیلہ سے دعا کرنا

سن تیرا سو ہے پندرہ ستر دین ماہ رجب کی
اب ابراہیم ادہم کے وسیلہ سے دعا کرنا

محب محمود کو یارب نکر دنیا و دین مین خوار
شہ مسکین کے ہمدم کے وسیلہ سے دعا کرنا

خدا اگر عاقبت محمود بحق مسکین شاہ میرے
اب وہ خیراتی میان کے وسیلہ سے دعا کرنا

یعقوب جو یوسف کا طلبگار نہ ہوتا
محمود عزیز اوسکا خریدار نہ ہوتا

پھرتا نہ کبھی کوچہ و بازار بہ اندیشہ
مجنون کے مثل دشت و کوہسار نہوتا

ملتا نہ کبھی خاک و کو کو سے بہ رد کو
گر خوف اوسے کفر و زنار نہ ہوتا

یہہ نفس میراب ہے کیا آہ او ہتہا
مشکل تھا اگر پیر مددگار نہ ہوتا

ہار ہوتا گلے بیچ اور نہ ہاتین تیی
صحبت سے خوش وس گل کی گرفتار نہوتا

یہ کفر طریقت سے محبت کا ہے جذبہ — پھر فرق یہ خاص عام مین زنہار نہوتا
عامون کی شرع سے ہے کئی درجہ وہ بہتر — اسلام حقیقی سے خبردار نہ ہوتا
ہے معتکف یار کی دہلیز پہ تسکین — رمضان نہ ہوتا تو یہ دیدار نہ ہوتا
تہا وصل یہ عریانی کسی نے نہ پہچانا — کیا شرم وحیا ستر و تلوار نہ ہوتا
تھی حالت احرام مگر فرق قمیص کا — میقات یلملم سے کیا مین پار نہوتا
منزل مین محبت کے کہان قرب و دوری — ہوتی نہ محبت تو یہ اقرار نہ ہوتا
طرفین کی محبت کا نہ ہوتا جو گواہ آپ — یہ ناز و نیاز اور یہ اسرار نہ ہوتا
توبہ کیا تو یہ کیا توبہ ہوئی شکستہ — عاصی جو مین نا ہوتا تو غفار نہ ہوتا
رمضان کے مہینہ کی دعا تیر ہدف ہے — ہوتا نہ قبول روزہ تو افطار نہ ہوتا
گر عشق نہ ہوتا وہ غم عشق نہ ہوتا — یہ گفت و شنود اور یہ گفتار نہوتا
کیا عمر یہہ دنیا مین کیا عمر کو برباد — ہوتا نہ خراب اتنا جو انکار نہ ہوتا
کیا پیر مکمل نے مسکین شاہ مولا — ہوتا نہ فضل رب تو یہ سردار نہوتا

نہ ہوتا حبیب نور محمد جو یہ نا ندیر —
محمود کو پھر کس سے سروکار نہ ہوتا

عشق خلوت مین تھا آخر سر بازار ہوا — ایک عالم میری حالت سے خبردار ہوا
لیلی مجنون کا ہے قصہ یا زلیخا یوسف — عشق مین شیرین کی فرہاد کیون کوہسار ہوا
عشق اور مشک چھپانے سے کہین چھپتا ہے — لاکھ حجرے مین رکھو طبلہ عطار ہوا
رخ دیکھا اپنا ذرا اور اٹھا دے نقاب — جامہ زندگی بس تن پہ گرانبار ہوا
ایک لحظہ نہ جدا یار وفادار سے ہو — وقت سختی و مصیبت جو مددگار ہوا

یار دنیا سے وفائی نہین دیکھا کوئی۔
امتحان کرکے زمانہ کا مین ہوشیار رہا

کس مین طاقت ہے کرے وصف امام اعظم
سو دفعہ خواب مین رب کا جسے دیدار رہا

برس چالیس تک ایک وضو سے ز عشا
کیا نماز فجر پڑہی کیسا یہہ سردار رہا

ایک قرآن کا ختم ایک دوگانہ مین کئے
ساٹہہ قرآن کیا رمضان مین اسرار رہا

کیا نکلتی ہے زبان سے وہ انا الحق کی صدا
سر منصور اسی واسطے بر دار رہا۔

رند مستو نکا ہے مقبول سبہی حال وقال
مئے وحدت جو پیا اوسکا رب غفار رہا

ایک زبان اور قلم دونون ہین تیر وشمشیر
کیا ہوا ظاہر الوہے کا نہ ہتیار رہا

جامہ چون کی خبر جسکو نہ ہو ہے مجذوب
حالت جذب مین کیا حال نمودار رہا

عاشق نام محمد کو نہ چہیگی دوزخ
نفس شیطان سے گر لاکہہ گنہگار رہا

ہوئی اسی وسیلہ سے اسی نام کے آدم کی نجات
توبہ مقبول ہوئی کیا یہہ استغفار رہا

غرق سے نوح کی کشتی کو نکالا کس نے
نور احمد میرا ہر جا پہ مددگار رہا۔

شر سے نمرود کے بچنے کا سبب تہا سو تہا
شعلۂ نار ابراہیم پہ گلزار رہا۔

گل نہ ہوویگا قیامت تک چراغ محمود
جس نے افروختہ کی وہی نگہدار رہا

حالت چاہ سے یوسف کو نکالا کس نے
نام احمد میرا ہر جائے مددگار رہا

کسکے صورت کی تہی عاشق وہ زلیخا یعقوب
حسن یوسف کا عزیز آپ خریدار رہا

نور احمد کے تئین دیکہتے ہی سجدہ کیا
فیل محمود ابابیلون کا شکار ہوا۔

کون ایسا ہے مہربان کہو مثل خلیل
کیا ذبیح اللہ پہ خنجر کا کہین وار رہا

کسکے ہتی نام کی برکت تہا وسیلہ کسکا
غسل صحت کے کئے ایوب جو بیمار رہا

نہ ملا عاشقِ صادق کوئی آہ مثلِ ایاز
مرضِ عشق سے محمود اب بیمار رہا

زاہدِ خشک کو معلوم ہے کیا میرا حال
کیون مین محرم ہوا اور سر پہ یہ دستار ہوا

امتحان کرتا فقیرون کا ضرر ہے تیرا
امتحان کُل سے نہ کر گر میان ہوشیار ہوا

فیض ملتا ہے اوسی کو ہو جسے نیک گمان
ظنِ بد سے کوئی دریا کے نہین پار ہوا

لحنِ داود کی حاجت ہے مزامیر کی کیا
نغمہ مطرب میرا جس دن سے کہ مزار ہوا

نقشبندی ہون ریاست ہی ہے نقشبندی کی
پیشوا پیر میرا خواجۂ احرار ہوا

آلِ ارواح خفی اور وہ اخفی نفسی
ہر بُن مو میرے قالب کا سلطان رہا

توبہ صد بار کیا توبہ نصوح ہوئی نہ نصیب
نفسِ امارہ کے اب ہاتھون سے لاچار ہوا

یک جبل نور ہے پر نور اور وہ غارِ حرا
شق صدر سورۂ اقرار سے پُر انوار ہوا

دنبۂ نفس اگر آج منا مین بھی ہو ذبح
دستِ محبوب سے ذبح نہ ہو مردار ہوا

حق و باطل مین کیا فرق چراغِ محمود
زورِ ایمان سے دیکھو کیا در فار ہوا

تشنہ لب عاشق سکین ہو تشنۂ صادق
آبِ زمزم سے وہ سیراب و سرشار ہوا

دنیا مند سے گیا اوسکو ہی خوف گرگان
جو جدا چہرہ ہو جاندار سے مردار ہوا

عاشق شرع اٹھاتا ہے عقل کا جامہ
جام ساقی نے پلاتے ہی مین سرشار ہوا

عقل حیران نہین ہے اس جائے فلاطون زمان
درد پہلو کا نہین عشق کا آزار ہوا

وقت سختی کے مدد کرتے ہین پیران کبار
پیر پیرانِ شہ جیلان میرا انصار ہوا

جو کہ آزاد ہو دنیا سے نہین وہ قیدی
حال مین عشق و محبت کے گرفتار ہوا

پیر سلطان براہیم کے قربان جانا
عشق احمد مین وہ کس طور سے سرشار ہوا

عاجزی اور اطاعت سکھیا ایسی وہ ایاز
آپ محمود ہوا آپ ہی سردار ہوا

پیرِ مسکین کے دامن کو ہین پکڑا جب سے ۔۔۔ دل قوی ہو گیا قالب میرا زنگدار ہوا

آتشِ عشق سے ہے محمود قیامت تک تیز
ماسویٰ اللہ کو جلایا تو وہ دلدار ہوا

کیا مبارک ماہ ہے رمضان کا ۔۔۔ ہے تراویح اور ختم قرآن کا
روزہ دارون کے لیے ہین دو خوشیان ۔۔۔ وقتِ افطار اور لقا رحمان کا۔
جب سے دیکھے چاندِ رمضان مومنان ۔۔۔ ہے بشارت قید ہے شیطان کا
کھل گئے دروازہ جنت صایمو ۔۔۔ جاؤ جنت باب ہے ریان کا۔
سرد ہو گئی آتش دوزخ ہے فضلِ خدا ۔۔۔ بند ہوا دروازہ اب نیران کا
شاہ مسکین کی توجہ سے ہو بس انجام ۔۔۔ کھول یارب عاصیو پر بابِ غفران کا

کیا مبارک ماہ ہے محمود یہ
وصف رمضان کی لکھے امکان کیا انسان کا

کیا مبارک نام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا ۔۔۔ حل مشکل کام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا
بادشاہ ظالم نے پھینکا تھا کسی خادم کے تئین ۔۔۔ غصہ ہوا ز بام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا
وقت گرنے کے پکارا بے گناہ ہون نقشبند ۔۔۔ دستِ غیبی تھام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا
خواجہ ایک سے مسخری کرتے تھے دل او باش چند ۔۔۔ کیون نہین ہے ریش خادم بھی بہاؤ الدین کا
دل تنگ ہو کر پکارا داڑھی نکلی آنہین ۔۔۔ کیسے ننگ و نام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا
اوسکو مجنون مت کہو جو عشق مین مجنون ہوا ۔۔۔ مرضِ عشق انعام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا
اولیاء اللہ کی منکر کرامت کا جو ہو ۔۔۔ حجت و الزام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا
جسکو کہتے ہین محبت ہے وہ عشقِ احمدی ۔۔۔ کیا لبالب جام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

چودہ دن تک سر بہ سجدہ رکھکے مانگی ہیں دعا
کیا نشان اتمام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

جس نے دیکھا چہرۂ انور کو شیدا ہو گیا
کیا رخِ گلفام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

ہے مقام اول فنا فی الشیخ طالب کو ضرور
بے نشان انجام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

بیقراری نالہ زاری آہ پہلے پھر سکوت
فیض کئی اقسام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

جب تلک جلتی ہے لکڑی آگ میں تھی کو لگی
اب فنائے تام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

کیا فنا لکڑی ہوئی کہ خود وہی آتش بنی
بحرِ فیض انجام ہے۔ خواجہ بہاؤ الدین کا

جامع الخیرات ہیں میاں محمدؐ کے غلام۔
تاج فضل انعام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

بے مدد مرشد کے کچھ ہوتا نہیں محمود بس
ہمکو اعتصام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

ذکر اسم ذات کر اللہ ھو اللہ دل سے تو
فیض خاص و عام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

سات پشت بخشائی جائیں ایک دن لی اگر جو ہو
قرب حق اتمام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

ہے حضور قلب ادنیٰ خادموں کو تیئیں نصیب
لوحِ دل پر نام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

ہے مرید ادنیٰ کے تئیں اذن شفاعت کو نصیب
کیا مرید فرجام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

مشرق و مغرب تلک پہونچا طریق نقشبند
فیض روم و شام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

عاشقوں کو بس ہے لذت ذکر اور شغل کی
دلمیں ارتسام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

بنصر و خنصر ہو یا وسطیٰ سبابہ ہو مگر
حلقۂ ابہام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

عالم ارواح میں دوری و نزدیکی کہاں
قرب التیام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

سوچ میں چون جیسی ہے دیسا ہے قالب لطیف
الطف اجسام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

ہے ریاست اس دکن کی نقشبند احراریہ
کیسا انتظام ہے خواجہ بہاؤ الدین کا

یا الٰہی رکھہ سلامت بادشاہ محبوب کو
خادمِ خدام ہے خواجہ بہاؤالدین کا

جو فنا فی الشیخ ہووے بس وہی محبوب ہے
وہی دل آرام ہے خواجہ بہاؤالدین کا

بے ریاضت بے کسب کے فضل شامل حال ہے
کیا طریق آرام ہے خواجہ بہاؤالدین کا

اب مدد محمود کی کرنا خدا کے واسطے
پیر پیران نام ہے خواجہ بہاؤالدین کا

شوق کعبہ نے کیا ہم کو دیوانہ اپنا
کیا نصیبہ ہے اگر ہووے جو جانا اپنا

بسبب حب مکین کے ہے مکان الفت
کیون نہ محبوب ہو محبوب کا خانہ اپنا

ورنہ وہ ذات مبرا یہ سرابِ آب نما
کہین عنقا بھی بتاتا ہے نشانہ اپنا

عام مومن کو کہا سنگ و گلِ میر امکان
خاص کو قلب سے سمجھایا ٹھکانا اپنا

قلب کو قلب نہ جانو ہے وہی قلب صحیح
ذات بیچون نے کیا جس مین سمانا اپنا

کسی قالب سے کرے ذکر نفی غیر کی ہو
لیک مقصود ہو محبوب وہ پانا اپنا

کہان اخفی ہے وہ خورشید جہان تاب مگر
نقش شب پر نے یہہ پہونکا ہے فسانہ اپنا

دشتِ پرخار بھی گر ہووے وطن کا رخ کو
مثلِ گلزار دکھاتا ہے سہانا اپنا

مرضِ باطن کے گرفتار کو چاہتا ہے طبیب
معالجہ روح کہو کس سے کرانا اپنا

باب اسلام سے داخل ہو حرم مین اے دل
رہنما کوئی متصوّف کو کرانا اپنا

کیا ہے اسلام کہ ہو شرع محمد کا مطیع
حکم مین اوسکے یہان سر یہ جھکانا اپنا

جسکا معشوق ہو جس جائے اوسی جا کعبہ
کعبۂ دل سے تصوّر یہہ جمانا اپنا

الف احمد کے بجا میم محمد کی رکھتا
میم معشوق کے پردہ کو اٹھانا اپنا

دوست جبتک نہ ملے شوق ہے اوسکی گھر کا
مئی الفت جو پلاوے تو ہو جانا اپنا

مَے اُلفت نہ ملے پیر مکمل کے بغیر
دامنِ پیر پکڑ چھوڑ بہانہ اپنا

گنج قارون ہے سینہ میں یہ مسکین کے مخفی
ذکر اللہ ہو یہ اللہ ہے خزانہ اپنا

گفتگو اُس سے ہماری ہے جو ہمراز ہے
کام کیا اُس سے سخن جسنے نہ جانا اپنا

نعتِ احمد جو قصیدہ میں لکھا ہے محمودؔ
پھول ایک باغ میں گویا ہے لیجانا اپنا

ہے کمین گاہ میں اس کعبہ کے راہزن بدوی
کیسۂ نقد عمر ہان نہ گنوانا اپنا

قافلہ سات چلا جا نہ ہو تنہا راہ میں
تشنہ صحرا میں نہ حلقوم کٹانا اپنا

سیر آفاق میں آفاقی کو آرام کہاں
سیر انفس میں نہ کیون دل یہ رمانا اپنا

جبکہ بیعت ہوی مملوک ہوا مالک کا
اب وہ مختار ہے چاہے کرے مولا اپنا

قطرہ قطرہ سے بھی ہوتی ہے کہیں پیاس کم
جام اے ساقی تو بھر بھر کے پلانا اپنا

تشنہ لب عاشقِ مسکین کو تا ہو تسکین
ظلِّ عبدی کے سبب حق کہا خانہ اپنا

دشمنِ جان تو کیا بلکہ ہیں دشمنِ ایمان
نفس شیطان سے ایمان بچانا اپنا

نور سے میرے ہے تو نور سے تیری ہیں
عرش و لوح و قلم روز شبانہ اپنا

پہ تو نور سے احمد کے کیا ظاہر جب
ہوا ظاہر تو کہا رخ نہ چھپانا اپنا

پیشتر نور کو لو لاکھ برس دنیا سے
سیر کروا تا رہا راز نہانہ اپنا

نور سے اوسکے بنی جنت و دوزخ کرسی
نام جب میں نے لکھا عرش پہ اوسکا اپنا

روز میثاق میں آدم سے نبی مرسل تک
نکتہ ایجاد دو عالم کا سنانا اپنا

جس زمین پہ ناگاہ آوے میرا احمد پیارا
سب کو لازم ہے کہ سردار بنانا اپنا

سُن چکے جبکہ یہ تعریف تمامی مرسل
عرض کی سب نے کہ ہے بار خدایا اپنا

کی فرشتون نے بھی ایسی ہی تمنا زاری — بلکہ جبرئیل نے سر تاج بنایا اپنا
نعتِ احمد جو سنا اوسکو ہوئی بے تابی — غائبانہ کیا احمد نے دیوانہ اپنا
عشق مین تیرے ہوئی لاکھون کرورون بے تاب — شل ہوسی کے گریبان کو پھاڑا اپنا

اونکی تعریف مین توریت زبور و انجیل
اور قرآن بھی آخر مین اوتارا اپنا

آتشِ عشق سے بس دل یہ جلانا اپنا — یہی اسلام ہے بس سب کو سنانا اپنا
حجرِ اسود ہے وہ کیا بات ہو وہ بیت الست — دستِ محبوب پہ بوسہ یہہ لانا اپنا
جبلِ عرفات ہمیشہ ہے یہ صحبت ہے کہان — دامنِ پیر پکڑ چھوڑ بہانہ اپنا
پیر نے پیر دکھایا کہ وہ دریا تھی عمیق — اوسی دریا نے مجھے بوند چکھایا اپنا
غرق ہے نور مین احمد کے وہی مسکین شاہ — مجھے بے دام غلام اوس نے بنایا اپنا

نام لیوا تیرے محبوب کا ہے یہہ محمودؐ
جیسا محمود دکھا ویسا بنانا اپنا

جب جبلِ مفرح سے مدینہ نظر آیا — اوس گنبدِ خضرا کا نگینہ نظر آیا۔
آتی ہے محبت کیا مجھے جبلِ احد سے — عاشق ہے نبی طور دو سینہ نظر آیا
بس دیکھہ لیا عرشِ برین روئے زمین پر — جب منبرِ نبوی کا وہ زینہ نظر آیا۔
کیا ابر وہ رحمت کا برستا ہے شب روز — بس خیمہ فلک کا یہہ شمینہ نظر آیا
الماس و جواہر کو مین قربان کرون اسپر — اوس رحمتِ عالم کا دفینہ نظر آیا
کیا سنگ و زمرد کی بھی ہے قدر و قیمت — انگشتری گنبد کا جو مینہ نظر آیا
کیا لعل بدخشان پہ پڑے نظر جوہری کی — لاقیمت جواہر کا دفینہ نظر آیا

جس منبر نبوی پہ پڑھا جاتا ہے خطبہ — بس عرش بریں کا گویا زینہ نظر آیا
ہر روز ہے رمضان و ہر شب ہے شب قدر — کیا خوب مدینہ میں یہہ جینا نظر آیا
ہر ایک حسین پیر و جوان اہل مدینہ — کیا مثل حلب آئینہ سینہ نظر آیا
جس کوچہ میں جاوے تو بس خوشبوئے عطر گل — اوس خوئے محمد کا پسینہ نظر آیا
جنت بقیہ کی ہر ایک قبر ہے پر نور — زندہ دل دبا فیض دفینہ نظر آیا
وہ مرتبہ ہے میرے رسول عربی کا — افلاک شب معراج میں زینہ نظر آیا
جس دل میں محبت نہ ہو بوبکر و عمر کی — پہچان لیا دل وہ کمینہ نظر آیا
سن بارہ سو نود کے اوپر آٹھ تھا جو وقت — دن پیر تھا عاشورہ مدینہ نظر آیا
جو زیر قدم پیر کمل کے رکھے سر — لاموت عجب دنیا میں جینا نظر آیا

محمود تو یہ چھوڑ دے دنیائے دو روزہ
کر شکر مدینہ کا خزینہ نظر آیا

کس نے محبوب کے دیدار کو روکا آہا — کیا سگ نفس نے اوس یار کو ہوکا آہا
شہوت نفس کی کیا ہوگئی آتش غالب — بند کیوں ہوگیا یہہ نعرۂ ہو کا آہا
یار ہی اپنا بھلا کس سے خفا ہوتا ہے — نفس کافر نے دیا گیا یہہ دھوکا آہا
سر مو فرق نہ تھا عاشق و معشوق میں بس — ذات بیرنگی کو کیا فرق ہے مو کا آہا
رنگ بیرنگی کا جامہ نہیں پہنا دلبر — وصل عریانی میں کیا فرق ہے دو کا آہا
پردۂ رنگ ہے بیرنگ رخ عاشق پر — آتش عشق سے کیوں دم کو نہ پھوکا آہا
جتنے معشوق ہیں دنیا کے تو مونہہ اتنے ہوا — بیوفا یار کے کیوں مونھہ پہ نہ تھوکا آہا
دست ساقی میں لیا لب سے پیا ساغر — مے ساقی نہ چکھا دل جو تھا روکھا آہا

جسکا عاشق ہے خدا تو بھی ہوا اوسکا عاشق
شیخ مین فانی ہو کیون راہ کو چھوکا آہا

شاد ہے عشق مین اب آہ کیا عمر محمود
چھوڑ دے عشق مین جو زنگ ہے بوکا آہا

شاہ مسکین سا اب پیر ملے تجھکو کہان
کیون نہ دیدار کا اُن سکے ہوا بہوکا آہا

عمر دنیا سے ہے کیا عشق سجھے محمودا
کیون نہ دیوانہ ہوا پیر کے روکا آہا

در مین کعبہ کے گر آج نہ سوتا ہوتا
شبِ عرفات کو غفلت مین نہ کہوتا ہوتا

کیون نہ احرام بندہا آٹھوین تاریخ حج کا
زیرِ میزاب حطیم آج جو ہوتا ہوتا

جامۂ تن کو کیا میلِ گناہ نے کالا
آبِ زمزم سے اگر پاک جو ہوتا ہوتا

پانی زمزم کا ہے کیا آب ہے وہ رحمت کا
فیضِ رحمت سے یہ قالب کو جو دہوتا ہوتا

حاجیون کا ہے کفن نام ہے اوسکا احرام
چاہ زمزم مین اگر اوس کو بہگوتا ہوتا

حج وہ نعمت ہے کہ ہر قدم پر ستر نیکی
کیسہ نقدِ عمر آج نہ کہوتا ہوتا۔

جبلِ عرفات کا ہے چھوٹا مثالِ کوہ طور
جبلِ عرفات سے گر دور نہوتا ہوتا

ولکی دریا ہے عجب موجزن استغنا
عاجزی لاکے نظر مارتا غوطہ ہوتا

بچہ روتا نہین جب تک نہین ماں دیتی شیر
نعرہ چہ لاکہہ و حجاج کا ہوتا ہوتا

ذوق مسجود اللہ خانۂ کعبہ ہوتا
ذاتِ مسجود لہ مین کوئی ڈوبا ہوتا

عشق محمود اگر ہوتا تو مجنون بنتا
لیل عرفات کو غفلت مین نہ کہوتا ہوتا

گر پڑہا ہوتا درود روز جمعہ ہی سو بار
غم دنیا سے ہوا آزاد بس چھوٹا ہوتا

نوین ذیحجہ ہے وقت خاص وقوف عرفات
ظہر سے تا بغروب آج جو ہوتا ہوتا

سر کہا آج ہے جبہ لاکہہ سے معمور عرفات
عاشق کعبہ کا انکار نہ ہوتا حاشا

مانگتا جلد دعا دست نہ کوتاہ ہوتا
عشق کعبہ کا اگر دل مین جو ہوتا ہوتا

اہل نا ندیڑ دعا گو ہے تمہارا محمود
ناتوان بات محبت سے کیا موٹا ہوتا

غیر حق کس سے دل لگانا نا | اپنے ہمدم سے مونہہ پہرانا نا
طالب مولا از ہمہ اولے | طالب حق سے باز آنا نا
لا الہ کے بعد ہے الا ہو | ذکر کلمہ کا کیا سکہانا نا
اللہ اللہ ذکر قلبی کو … | عاشقون کے سوا بتانا نا
نور یوسف ہے تو اے میری جان | غیر کو حسن یہہ دکہانا نا
اوٹہہ گیا غیریت کا پردہ اب | عمر کو رائیگان گوانا نا
سرسری ہت سمجہہ محبت کو | آہ یہہ راز تو نے جانا نا
پڑہ کے اعوذ اور بسم اللہ | نفس شیطان کو کیا بہگانا نا
حسن ظن ساتہہ ہو در حضور شیخ | سہو ظن ذرہ دل مین لانا نا
باادب رہنا اور نہ کرنا کلام | شوخی گستاخی پیش لانا نا
لاکہہ طرح سے ہو خفا محبوب | عاشق دامن سے دست چہڑانا نا
ایک ساعت کی صحبت مرشد | ہے وہ اکسیر قدر جانا نا
در محبوب پر رکہے جب سر | جان دنیا پر سر اوٹہانا نا
آپ مرنا یا پیر کا ہو وصال | اوسکے در سے قدم اوٹہانا نا
جب تلک جان سے نہ ہووے وداع | جان جانان سے فیض پانا نا

نہیں مرتے ہین زندہ دل پیران / خاص مظہر شہید جانا نا

خون شہدا کا پاک ہے بیشک / اونکو غسل اور کفن پہنانا نا

بے شرع پیری اور مریدی کو / دل محمود نے آہ مانا نا ہے۔

اے دل سنگ ایک رنگ ہو جا / رنگ دوی کا آہ جانا نا

ایسا یوسف کہ چاند ہو شرمندہ / چاہ مین بہائی تو گرانا نا ہے

رونا بے اختیار ہے یعقوبا / در دیوسف خدا دکہانا نا

باپ بیٹے ہین عاشق و معشوق / بہائی اس راز کو تو جانا نا

وصل عریانی ہووے جسکو نصیب / خوف مخلوق سے ڈرانا نا ہے

عشق پاکون کا پاک ہی اے رقیب / بدگمان ہو کے زخم کہانا نا ہے

گرچہ ظاہر عقل مین نہین آتا / باطناً نفع کیا دلاتا نا ہے

ست نظر کر خطا پہ عاصی کے / اے مرے نور چشم جانا نا ہے

سن تیرہ سو دس ہے ہجر النبی / کیا دعا لکہہ کے دل رما تا نا

دل مسکین ہے نازک اور لطیف / شاہ مسکین کا دل دکہانا نا

عیش ابدی ملے تجہے محمود ہے
دامن پیر چھوڑ جانا نا ہے

ردیف (ب)

پلادے ساقیا مجھکو مئی خمخانۂ یثرب / پیا جو مین شراب اس جا طہور اونکا ملیگی کب

ہم آغوشی و ہم بستری ہی وحدت ہے یک رنگی / یہی ہے وصل عریانی فہم یوسف مین آسکے کب

عرس کو ہر برس جاتا قدمبوسی پیر ہو آتا / ملی آج جان روح ہے بس فنائے تامّہ ہی اب

اسی تاریخ بست و پنجم جمادی الاول جاری / پڑا تہا خواب کیا محمود تہی لیل جمعہ نصف شب

قریب سینہ کے تہا اور لب پر تہا قفل ایسا ۔۔۔ مزا تہا خواب کے اندر چکہی لذت زبان وہ سب
ملایا موتہہ سے مونہہ اپنا میرے محبوب نے ذرخواب ۔۔۔ سنو بادام اوہشن اپنا دیا مجہکو ہے احسان سب
میرے بازو سے تہا ایک یار براہیم نام ہے جسکا ۔۔۔ وہ قسمت پیر دیا اوسکو ادا کیا شکر ہوگا رب
عشا سے تا فجر کس سے تہا مین کرتا ہوا باتین ۔۔۔ سنا تہا شب کا رتبہ کیا وہی ہے شب قدر یا رب

قدر دان شب قدر کے ہین وہی سکین شاہ محمود
چہپا آب حیات ظلمات مین دیجور کی ہی شب

این بگفتم من بگفتم وقت خوش یا عندلیب ۔۔۔ از نسیم صبح شگفتہ مثل گل دل اے لبیب
راز پنہان آشکارا می شود بے اختیار ۔۔۔ میکند کار وندا انداز فراز و نشیب
عمر ضائع می شود در لہو لعب ہشیار باش ۔۔۔ مثل شب کن رازداری سر خود را از رقیب
از طبیب ظاہران این مرض باطن بہ نہ شد ۔۔۔ صحبت وصل ہست دوا دیدار پیران چو طبیب
کس نداند حالت محمود را جز شیخ او ۔۔۔ دہ بشارت از مراقب نحن اقرب ای قریب
یا الہی آن چہ دادی عشق و الفت را بما ۔۔۔ دوستان خاص ما را ہم کن تو بے نصیب
روز جمعہ وقت ظہر حالتے بر من شدہ ۔۔۔ از فضل شد جسم ما را لذت بیحد نصیب
ہفتم ذی قعدہ نود سہ والف مائتین ۔۔۔ سال ہجری می بود این را کنی تو چون حبیب

بے توجہ شاہ سکین کار محمود وصل نہ شد
حل مشکل کن بحق شاہ مردان اے مجیب

پیر سکین شیخ ہندی نقشبندی آفتاب ۔۔۔ ہست در ملک دکن قطب زمان عالی جناب
یا الہی سنیان دادہ تو حب اہل بیت ۔۔۔ نجم آسا کل صحابہ عاشقان بر ماہتاب
حضرت ابوبکر و عمر عثمان و حیدر نامدار ۔۔۔ این چہار اوتاد خیمہ آسمان فیض سحاب

یک ہزار و سہ صدؔ و ماہ محرم سال ہجر
بست و دو دم صبح صادق شد دعا مستجاب

لیل عاشورہ جمعہ بود روشنی شمع دین
چہ عجب از غم حُسینا شد دلِ عاشق کباب

بس تو شو خاموش اے محمود مسکین و گدا
از فیض پیرم می شوند نزد خدا ہم باریاب

خلوتِ دارم بیا داو کہ غم نامحرم است
عالم علوی و سفلی جان جسم نامحرم است

کن سکوت از رازِ عشق ہرگز مگو در عام و خاص
ظرف مَی و ہم سبوح و شیشہ ہم نامحرم است

جام جم را این چنین تاثیر کے بود یوسفا
مستی مَی جام نوشان جام جم نامحرم است

جز بہ مادر و پدر را زکس امید خیر نیست
چشم اپنی کو چشم جانان سے ۔ خواب مین چشم جو ملاتے ہین

آتش عشق سے جلا دل جو ۔ دل عاشق کو کیون جلاتے ہین

عمر محمود عشق مین ہو شاد
ایسے سوتون کو کیون جگاتے ہین

کیسے پیری مین حال ہوتے ہین ۔ کہ جوان پیر دیکھ روتے ہین

سرد دل ہو گیا ملال سے جب ۔ عقل کیا پھر حرام مین کھوتے ہین

مرحبا از پئی فقیرون کو ۔ دانۂ ذکر حق پروتے ہین

ننگی شمشیر ہے ہاتھ مین تسبیح ۔ کیا عصا مولوی کے سوٹے ہین

آئینۂ دل فقیر ہے نازک تر ۔ سنگ دل بے تمیز ہوتے ہین

آدمی اصل سے ہے نقل طوطے ۔ کیا پرندے بھی آدم ہوتے ہین

نہ ملے دل کی جب کسوٹی سے ۔ زر خالص نہین وکھوٹے ہین

فیض سے شمس کے جہان روشن ۔ ایک سراج سے ہزار ہوتے ہین

آپ سے فیض نام اللہ کے ۔ جامۂ دل کا میل دھوتے ہین

کیا کرینگے مد جوان ست حال ۔ عاشق پیر پیر ہوتے ہین

غزل محمود اب سنا مطرب
صاحب حال ہوش کھوتے ہین

پیر مسکین سوا اسیر کوئی محبوب نہین ۔ اونکے دیدار سوا اور کچھ مطلوب نہین

جیسے صیقل کرے کیا صاف ہوا آئینہ دل ۔۔۔ قلب ثابت ہے محبت میں کچھ مقلوب نہیں

خطرۂ غیر تھا پردہ مجھے معلوم نہ تھا ۔۔۔ اوٹھ گیا پردہ دوئی نقش سے مرعوب نہیں

دل کی تختی پر لکھا ہے کیا قلم اللہ ہو ۔۔۔ ذکر عشق میں حرف حاسب و محسوب نہیں

سینہ سینہ سے ملے اور لب لعل سے لب ۔۔۔ بحر وحدت میں ہیں غرق راکب و مرکوب نہیں

اپنے محبوب سے کیا کشتی محب صادق ۔۔۔ پہلوان عشق ہے خود غالب و مغلوب نہیں

پیر اوستاد و ماں باپ کی تعظیم ہے ادب ۔۔۔ کیا حرم خورد و کلان تیئں سنت و مندوب نہیں

کیا تجلی ہے محمد کی اب عاشق صادق ۔۔۔ کوئی ایسا نہیں جو طالب و مطلوب نہیں

دونوں میموں میں اشارہ ہے کیا عاشق معشوق ۔۔۔ کیا فنا اور بقا سالک مجذوب نہیں ہے

ہیں یانی و نقد رالحق کیا حسن صلیح ۔۔۔ عین تاثیر ہے نمک غیرت مصحوب نہیں

ذات اوسکی ہے معرا و مبرا بیچون ہے ۔۔۔ اعتبارات تعین سے یہ مکسوب نہیں

ہیں براہیم و اسمعیل و اسحاق یعقوب ۔۔۔ کیا ذبیح اللہ خلیل اللہ کو مرغوب نہیں

غزل محمود سنا جو کہ ہو عاشق مسکین ۔۔۔ جامۂ دل ہے سیاہ جسکا اوسے شوب نہیں

ہے مراقب جو حقیقت محمد احمد ۔۔۔ کیا محمد کا غلام احمد و محبوب نہیں

تو شہنشاہ دو عالم ہے اسے یوسف مصر ۔۔۔ کیا عزیز اور زلیخا کا تو مطلوب نہیں

امر معروف نہیں منکر ہے بر عقل بلوغ ۔۔۔ صاحب حال کی کیا عقل اب مسلوب نہیں

ہے حیا اور شرم غیر سے نامحرم سے ۔۔۔ وصل عریانی میں عاشق سے اپنے محجوب نہیں

نہیں جھکتا ہے کبھی عاشق بیدل جب سے ۔۔۔ ذات بخت فیض نبوت کا کیا موہوب نہیں

اپنی اولاد تصدق کردن بر صاحب دل ۔۔۔ چھن چرا تیر و کمان جنگ و سر توپ نہیں

صوت داودی کی حاجت ہے نہ امیر کی
نغمہ چنومیان کیا ساز و مرتوب نہین

اگرچہ ہے پردہ عشاق خراسان اعراق بھی
حجرہ مطرب مکروہ سے مرغوب نہین

اپنا آواز سنا دے تو ہے مطرب میرا
راگ بلبل کا بھلا گل کو کیا مرغوب نہین

کونسی چیز کا عاشق ہوا محمود برآیاز
مثل چنومیان کیا اور کوئی محبوب نہین

خدا چاہے ملک عرب دیکھتے ہین
ان آنکھون سے ہم بیت رب دیکھتے ہین

شب قدر کی کیا قدر بے قدر کو
جو ہین عاشقان قدر شب دیکھتے ہین

نہ ہو یاد اللہ جس انسان کے دل مین
مثل جانور خر کلب دیکھتے ہین

نہ ہو جسکو تعظیم قبلہ کی دل مین
تو اہل حرم بے ادب دیکھتے ہین

نظر عاشقون کی نہین ہے عرب پر
جسے دیکھتے ہین محب دیکھتے ہین

نہ ہو جس کو ایمان اگر بادشاہ ہو
ہم فرعون اور بولہب دیکھتے ہین

رہے پیر مسکین شاہ ہم سے راضی
توجہ کی تاثیر سب دیکھتے ہین

سنا صاحب دل کو اپنی غزل تو
سخن شیرین محمود رطب دیکھتے ہین

طفیل چہ کے چہ لاک ہوئے آزاد بر عرفات
ہم ہر سال حج فضل رب دیکھتے ہین

مبارک ہوا سے حاجیو حج اکبر
ظہور یا غفور اہل قرب دیکھتے ہین

جہاز کلان تیز اڑتا ہے کھنی
۱۲۹۶ھ
پیر محمود تیرے عقب دیکھتے ہین

ہزار آفرین تجہ پہ محمود تا ندیشہ
یہ نسبت کی توکری عجب دیکھتے ہین

کیا چاند ذی قعدہ تاندیز مین تھا
کیا ذالحج یلملم پہ اب دیکھتے ہین۔

پہونچے کو محمود کے ایسی جلدی　　محبان نا اندیشہ عجب دیکھتے ہین
نہین جانتے اہل دنیا فضل کو　　قیاس و عقل اور کسب دیکھتے ہین
غم دنیوی نہین فقیرون کو ایک سو　　مگر اہل دنیا کرب دیکھتے ہین
بصیرت نہین اہل دنیا کو دل کی　　کیا یہہ نور باطن قلب دیکھتے ہین

سن بارہ سو نودا و پر بنات ہے محمود ۱۲۹
ہوا آٹھوان حج یہہ جب دیکھتے ہین

یہان ایک رنگی سے نے کی اپنا جلوہ　　کہ نام و ری کو بر لب دیکھتے ہین
عجب معاملہ عشق ہے پیچ در پیچ　　جو ہین اہل دل بس وہ قلب دیکھتے ہین
یہان ابتدا انتہا ایک سان ہے　　جو جب دیکھتے تھے سو اب دیکھتے ہین
خدایا تو دے عشق محمود کو اپنا　　گمان نیک سے سب عجب دیکھتے ہین
ستون حنانہ کا رونا اب تک　　کیا تا نیر ہے ممبر کو جب دیکھتے ہین
سنا ہون ہے وہ دفن ممبر کے پائین　　مگر عشق عام خاص کب دیکھتے ہین
ہوئے حج محمود تو شکر کر اب　　زیارت ہشتم فضل رب دیکھتے ہین
دعا پیر مسکین کی تیر ہدف ہے　　جو جب دیکھتے تھے سو اب دیکھتے ہین
نہ موروثی ہے فیض نہ جدی کسب ہے　　خدا داد ہے فضل رب دیکھتے ہین
حسن بصری ہو یا سہیل ہو عراقی　　ایاز و بلال حبشی کب دیکھتے ہین
میرے پیر و مرشد ہین کامل مکمل　　دعا مین سدا ملتے لب دیکھتے ہین

خدا جذبہ دحال محمود ہو آخر
توجہہ پیر روز و شب دیکھتے ہین۔

خدا چاہے بیت الحرم دیکھتے ہین　　ان آنکھون سے باغ ارم دیکھتے ہین

جسے دیکھئے ہین سر و پا برہنہ　　کیا محرم بھی دنیا کا غم دیکھتے ہین

اٹھا لے مزدلفہ سے انچاس کنکر　　منا مین کیا شیطان رجم دیکھتے ہین

فنا ہوگئے ایسے دیدار کعبہ　　کہ محرم کو عاشق صنم دیکھتے ہین

ہین حقدار ما باپ اور پیر و استاد　　کیا خدمت مین جاہ و حشم دیکھتے ہین

ہو صورت محب اور باطن مخالف　　تو ایسے سے رنج و الم دیکھتے ہین

ہوئے جب سے داخل ہم خد حرم مین　　اوسی دن سے فیض و کرم دیکھتے ہین

یہہ شور بکا اور گریہ و زاری　　دعا حاجیان چشم نم دیکھتے ہین

تجلی ہے رسم غنی کی بر عرفات　　کہ شاہ و گدا کو بہم دیکھتے ہین

نہین یہہ فخر کچھ کہ حج کیا رسوا ن ہے　　امید عفو کا قلم دیکھتے ہین

فقط کودک حلوا فروشی کا رد لا　　کیا بحر و سخا اور کرم دیکھتے ہین

بندھا آج محمود احرام حج کا　　دم شکر منا ہیچ غم دیکھتے ہین

کیا اترا ہے جنت کا ٹکڑا زمین پر　　کہ کعبہ مین ناز و نعم دیکھتے ہین

کیا نور جیب احمد سے قرۃ العین　　محبت مین ہم چشم نم دیکھتے ہین

ہین تیرا سو ہے تمین ہجری کا اسو تیت　　ضعیفی سے ہم پشت خم دیکھتے ہین

نہ ہو جس عمل مین خلوص اور محبت　　تو ویسی عبادت رسم دیکھتے ہین

نظر کرتے ہین حال مسکین کا جب سے　　تو طاعت سے اپنے شرم دیکھتے ہین

شہید عشق محمود میرے تیغ لا سے
کسی جا مرے اہل دل دیکھتے ہین

ہے شکر خدا آج عدن دیکھتے ہین
عدن کیا کہ ملک یمن دیکھتے ہین

گلستان عرب کا ہے کیا ایک گل تر
اسی جائے سے بو قرن دیکھتے ہین

مقام قبا ہے یلملم کی میقات
کہ احرام حج کا کفن دیکھتے ہین

کہان لوئے دنیا کے گل مین ہے ایسی
جو بو باطنی فیض مطن دیکھتے ہین

اگرچہ ہے گرمی عدن کا مران مین
مگر اہل دل کب محن دیکھتے ہین

کیا برگزیدہ تو ملک عرب کو
عجم مین بہت شر فتن دیکھتے ہین

جسے عشق محمود ہے زندہ ابد ہے
کسی جا مرے خوش خرم دیکھتے ہین

نہ کر فکر دنیا کی محمود ایک دم
کیا کچھ صاحب دل حزن دیکھتے ہین

کیا نصیبہ ہے جو مکہ مین رہا کرتے ہین
گرد اس کعبہ اقدس کے پھرا کرتے ہین

ملتی ہے کیسی نماز اور ذکر مین لذت
اور مناجات حرم مین جو کیا کرتے ہین

حجر اسود ہے گویا دست وہ محبوب کھلا
بوسہ ہر بار حجر اسود کو دیا کرتے ہین

جسطرف پیر کا رخ ہو وہی قبلہ محمود
کعبہ دل کے ہم اطراف پھرا کرتے ہین

گرچہ کعبہ ہے فرشتونکا فلک پر معمور
ہان ملا ایک ہی طواف کعبہ کیا کرتے ہین

شیخ کامل و مکمل کا ہے دل مثل حرم
جو دعا اس مین منگے اسکو روا کرتے ہین

ذبح کرتے ہین یہ دنبہ کو وہ شمشیر سے کیا
تیغ سے لا کے جب اپنے کو فنا کرتے ہین

تیغ سے لا کے قتل ہوئے وہ مرد ہین شہید
جان سو جان وہ جانان پہ فدا کرتے ہین

صدقہ جاریہ مردہ کو ہے زندہ کرتا
آج تک نام زبیدہ کا لیا کرتے ہین

انکو سرتاج سمجھا وہ رہو تو انکا غلام
جو خلوص اور محبت کہ کیا کرتے ہین

قافیہ ہے نہ ردیف اور فصاحت شعرا
اپنے گھر آپ ہم دیوانہ بنا کرتے ہین

دشت ویرانہ مین کیا قدر کریگی یہ بوم
قدر بس باز کی شاہ باز کیا کرتے ہین

سن ہے بارہ سو اور اسی کے اوپر نو محمود
در و دیوار پہ ہم شعر لکھا کرتے ہین

۱۲۸۹ھ

جبسے خوش آئی تجھے گوشہ نشینی محمود
اہل دنیا تیری حالت یہ ہنسا کرتے ہین

مرض عشق مین جو تن اپنا گلا دیتے ہین
شافع روز جزا اوسکو شفا دیتے ہین

جان اپنی جو دیا راہ خدا مین محمود
جان جانان سے شہید ونمین ملا دیتے ہین

جبل عرفات پر چہ لاک برہنہ سر ہو
کرکے آواز وہ لبیک رلا دیتے ہین

کرتے ہین کیسا طواف اور زیارت اس جا
بس ریاضت سے یہ تن اپنا گلا دیتے ہین

شمع کعبہ پر گرا کرتے ہین پروانہ مثال
عقل اور ہوش کے پیر اپنے جلا دیتے ہین

ملتزم پاک ہے محبوب کے سینہ کے مثال
ملتزم پاک سے سینہ جو جما دیتے ہین

اس زمانہ مین خصوصًا میرے پیر و مرشد
فیض اس کعبہ کا اس جا بھی دلا دیتے ہین

ہر مہینے مین ہر ایک سال ہر ایک دن ہر شب
فیض و رحمت سے یہ قالب کو جلا دیتے ہین

سلب امراض سے لئے اونکی توجہ کافی ہے
مرض مہلک سے میرے پیر شفا دیتے ہین

دیکھہ کر صورت بیمار طبیب حاذق
جیسی بیماری ہو ویسی دوا دیتے ہین

نہین کرتے ہین وہ اظہار محبت اپنی
غیر کی آنکھہ سے یہ فیض چھپا دیتے ہین

ہے غلاف کعبہ کا محبوب کا جامہ ہی سیاہ
جسکو چاہتے ہین تو دامن مین چھپا لیتے ہین

عاقبت تیری ہو محمود بزرگان حرم
پیر و مرشد بھی خصوصًا یہ دعا دیتے ہین

بسا اوقات در حالات فنا باشم بذکر تو
نمی آید زمن یارب بجز لا ہو و الّا ہو

فرامُوشم شده ما دون نه ذکر و ذاکر و مذکور
چه بحر وحدت است یارب که غرق است قالب و رُوح

سر مو خشک اگر مانده وغسل است ورنه طن طاہر
ہمین دان حب دنیا را که ناپاک است ہمه بدبو

خداوندا چه خواہد شد خدا خود عالم الغیب است
درین سال روان بینی چه خواہد کرد آخر ہو

غزالانِ حرم را قید در دام محبت کُن
بزور روز ز غرورِ نفس نه آید صید این آہو

وداع باد محبان را که قدر ما ندانستند
ازین نا ندیر بے زارم سفر در پیش آعمو

شکایت نیست از یاران که در حلقه نمی آیند
ندیدند خلق محمود ا برفتند چار سو ایک سو

سرِ زلف وگلِ رخسار محبوبی پھنسا دل کو
کہ پھر بار دگر ہر گز خلاصی نا ہو بلبل کو

کمندِ یار مین ایسا پھنسانا چاہیئے دل کو
دلِ آہو رمیده کا مرادِ دل اب حاصل ہو

گلستانِ حرم کے آج کیا خندان گل و بلبل
رہے سر سبز یہ باغ جہان یارب نہ زایل ہو

غزالانِ حرم کا صید گر چاہتا ہے ای صیادُ
تو پھر میدان عرفه مین ملیگا تجھ نہ کاہل ہو

تصدق ہو تو ایسے کا کہ جو ہو عاشق کعبہ
تجھے کیا قدر کعبہ کی نہین تو عاشق کامل ہو

نہین ہے دور وہ کعبہ تیرے شاہ رگ سے ہے نزدیک
یہی ہے وقت فرصت کا یلم لم چل نہ کاہل ہو

فرض ہے باندھنا عرفه اور احرام طواف کعبہ
ذبح کر نفس دنبہ کو کہ پھر حج تیرا فاضل ہو

نہ جب تک سر تراشے حاج کھلے احرام تا گمن
کرے سنگسار شیطان کو ہی واجب دیکھ مسایل کو

فدا کر مال جان اپنا کہ جو ہو عاشقِ مسکین
ذرا تو قدر کر عالم نہ اتنا منکر جاہل ہو

دعا ہے یوم عاشورہ گویا مفتاح جنت کی
فتح ہے باب کعبہ کا اس سے جو کہ داخل ہو

عمر ہو پیر کی زیادہ ایک سو سے بھی
کہ مرشد شاہ مسکین ہین قطب کامل و اکمل ہو

اسی باد خزان آفات دنیا سے نگاہ رکھنا
دل محمود و فنا رگل پہ ہان ہرگز نہ مائل ہو

دکھا دے اے یوسف تو دیدار کو
ذرا پوچھ اپنے تو بیمار کو

نگاہ توجہ کر متقنع اٹھا کے
ذرا دیکھہ لے عاشق زار کو

تو ناظر ہے اوس کا وہ ناظر تیرا
چھپا دل مین اپنے تو اسرار کو

مبادا کرے نا رفیق راز فاش
نہین مصلحت وقت اظہار کو

تمنا ہے بے داد اور سین ھ
لب لعل شیرین شکر خوار کو

نظر مین نہین سیرے سکین سوا
غنی دل خدا بیچ خریدار کو

امانت ہے چالیس برسون کی آج
سپرد کرنا چاہتا طلب گار کو

یہی سمجھا تہا نور ظلمات ہے
طمع دنیوی توڑ زنار کو

صفت ہو عفو کی تو وہ ہے کریم
بخشش یہ امانت تو دیندار کو

لے آیا ہون مایہ نفیس و عجیب
لیجاتا کھلے ہاتہہ بازار کو

ہے نور حبیب محمد میرا
دعا دے تو اپنے برخوردار کو

سن تیرا سو ہے آٹھ ہجری کا اب
کیا کرتا ہے اس سال گل خار کو

غنیمت شمر ۱۳۰۸ دور محمود ہے
دعا نیک کو دے نہ فخار کو

سلامت رہو پیر سکین شاہ
دعا کرتا محمود مددگار کو

حق روضۂ اقدس حضرت کا کب ہمکو دکھاتا دیکھین تو
یا اوسکی تمنا مین ہمکو در گور سلاتا دیکھین تو

لطف کو بلی گئی پہر منہ سے گئی اے وائے قسمت وائے نصیب
کیا اوسکی تمنا مین ہمکو دنیا سے اوٹھاتا دیکھین تو

یک قطرہ پے گر کوثر کا پھر تشنہ ہو تا بہ ابد — وہ آب حیات مدینہ کا کب خضر ملا تا دیکہین تو

خوشبو ہے اگرچہ عطر عنبر لیکن ہو برابر کب ہمسر — بو خاک مبارک روضہ کی کب ہمکو سنگہا تا دیکہین تو

کیا خوف ہے ادسکو دوزخ کا جو سیر ہوا آب زمزم کا — دیدار شہود کعبہ کا کب ہمکو دکہا تا دیکہین تو

جسدنکہ مدینہ ہو پہنچو نگا خیرات کرونگا پڑہتا درود — بس اپنے معلم ہے ہمکو کس دن وہ ملا تا دیکہین تو

کیسی تہی محبت مسکین ہے اس میرے نبی ہاشم کو — خرما مدینہ مسکین بہا تہہ کب ہمکو کہلا تا دیکہین تو

ناپاک گنا ہون ہے ہون اب وہ آب طہارت ہے کس جا — اس نہر مدینہ ہے نہلا کون پاک کرا تا دیکہین تو

دیدار کا تیرے ہی ہوکا محمود غریب مسافر ہے — بعد دورو ہجرت مدت کے کس روز بسا تا دیکہین تو

سن تیرا سو ہجری کا چلا اور قرض ہی اکیسو پنجا ہو — اس سال روان مین محمود کا کون ہمکو لیجا تا دیکہین تو

ہو طول حیات مسکین شاہ کیا فکر ہے تجہہ کو محمود ا — شیخ نظر توجہ ہے ہمکو کس روز ہلا تا دیکہین تو

شہود یار ہے دیدہ میرا مستور مت کیجو — کہلی چشم بصیرت جب اوسے پہر کور مت کیجو

سبق دے نحن واقرب کا انا و نفس زایل ہو — اب تار عشق محبت کو سرد کافور مت کیجو

یہ حسن یوسف مصری نہ تو بہ مثل آدم کے — مقام خلت ابراہیم ہے اب دور مت کیجو

مجہے کیا کام ہے فرہاد اور شیرین سے کیا مطلب — تلاطم موج دریا عشق احمد شور مت کیجو

یہ گرمی عشق کی یارب قیامت تک رہے باقی — اب تار عشق محبت کو سرد کافور مت کیجو

محبت ہو تو تیری ہو اور الفت ہو تو تیری ہو — میرے دلکو اب خطرہ غیر سے مخطور مت کیجو

کیا آزاد جب تو قید دنیا ہے ہمین یارب — گناہ گارون ہے اب دوزخ کے تئین معمور مت کیجو

یہ نسبت نا رآمد رفت ہے ہے قوت ایمان — تو نے جب تار ایمان کا اوسے منفور مت کیجو

ادب واجب ہے حسن ظن اگر سالک ہو یا مجذوب — تن عریان ہے بے جامہ ہے اب مشہور مت کیجو

بڑا ہے رتبہ عالی کیا مجذوبان حق یارب ۔ تیرے مجنون کو در سے سگ کے تئین مشہور مت کیجو

غلام کمترین ادنیٰ ہے ایک محمود نانڈیڑی
اب تیزی عشق آتش کو سرد کا فور مت کیجو

نہین ہے قرب جانی کیتئین قرب مکان دلکا ۔ مثل شیر و شکر کر دے فنا نا تو رہت کیجو
بوقت فرض واجب اور سنت کے نہین فرصت ۔ جوان عشق کے تئین پیر او زعذ و رہت کیجو
مثل گل کے رہون خندان نہ مثل غنچہ لب بندہو ۔ بسط کے بعد قبض سی پھر ہمین رنجور مت کیجو
ہر ایک دن توبہ کرتا ہون شکست ہوتی ہی ستر بار ۔ سیاہ روئی سے اب نانڈیڑ مین مشہور مت کیجو
دکھا دیدار اپنا تو شب اوتار دہ آخر ۔ کہ تو زینت قدر مثل شب دیجور مت کیجو
محمد ہے حبیب میرا تو وہ سہ قرۃ العین ہے ۔ وہ ہے تعویذ جان میرا جسم سے دور مت کیجو
شمار حاجیان ستر کئے تو بہ ہیرے دست ۔ طفیل ان حاجیون کے اب حرم سے دور مت کیجو
ہوئی لستم ربیع الثانی یعنی تیرا سو دس ہجری ۔ در لیلیٰ سے مجنون کے تئین لس دور مت کیجو

حقیقی یا مجازی ہو مگر ہو عشق ایاز محمود -
یہ سر حال باطن کا مثل منصور مت کیجو۔

مشہور اولین ہو مذکور آخرین ہو ۔ سردار انبیا کے تم رحمت اللعالمین ہو
قریب خدا کسی نے تیرے سوا نہ پایا ۔ از خیل واصلین ہو از جوق کاملین ہو
احمد کے وہ سخن ہین جسمین نہ شک سر ہو ۔ اونکو کہے جو جھوٹا بوجہل کا قرین ہو
تھا جسم پاک ایسا جسپر نہ بیٹھے مکھی ۔ سر پر ابر تھا سایہ ایسے تو نازنین ہو
ستر ہزار فرشتے پڑھتے درود دن رات ۔ رشک درود ضہ اندر تم خاتم النبیین ہو
جسدن کہ انبیا سب بولینگے نفسی نفسی ۔ امید ہے ہمکو تم سے شافع المذنبین ہو

جو تم حکم کئے ہو ہے حکم وہ خدا کا
اس حکم پر ہو جو کوئی کہ جانشین ہو

اونکے صحابہ سارے ہین فلک کے ستارے
دشمن اگر ہوا ونکا بیشک وہ ظالمین ہو

کربل کی جو زمین پر حضرت امام اوپر
خنجر سے جس شقی نے مارا وہ ظالمین ہو

پڑہکر درود محمود کر ختم یہ قصیدہ
عاشق ہو پیر مسکین راہ دان وراہ مین ہو

جبریل کا مکان تھا جو سدرمنتہی سے
احمد کا لامکان تہا کیسے وہ جانشین ہو

معراج کی جو شب تھی تھی فوج سب ملک کی
ہمراہ رکاب جسکے جبریل سا امین ہو

ہر ایک نبی ولی کے ساقی ہو تم محمد
مخزن ہو فیض رب کے مقصود طالبین ہو

بندہ ہے تیرا محمود اوسکا ہے تو ہی مقصود
تیرے سوا نہ معبود الرحم الراحمین ہو

مشہور ہے ذکر ہو لامن کل شئ اولیٰ
کر ذکر دل مین اللہ در حلقۂ ذاکرین ہو

ہو معتقد تو دل سے پیران نقشبند کا
ہو جا غلام اونکا در سلک خادمین ہو

سب دوستان حق سے رکھہ اعتقاد اچہا
منکر کرامت اونکا از جمیع منکرین ہو

توبہ مین کر تو چستی کب تک غرور ہستی
کر جلد توبہ اسوقت از جملہ تائبین ہو

مان باپ کو تو میرے بخش ایخدا فضل سے
پرنور کر قبر کو مغفور والدین ہو

ہو تم کہان اے مسکین محمود کو دیو تسکین
ہے ہجر مین وہ غمگین دیدار بہاؤالدین ہو

یک لحظہ نا ہو دوری چاہتا ہے گر حضوری
خاصان حق کے دل مین محمود جانشین ہو

مرشد کے واسطے سے آیا ہے فیض دل پر
مرشد ملے ہین کامل ازبس کہ شاکرین ہو

ہووے نہ گر توجہ مسکین شاہ مولا
ہووے اثر نہ دل پر کیسا ہی زاہدین ہو

محمود کی دعا سے محمود سے کے خدا سے

محمود نام ہے جیسا ویساہی صالحین ہو

جیتے جی روضۂ انور کو دکھایا ہم کو	شکر ہے لاکھہ مدینے مین بلایا ہم کو
حالت وجد مین جو چاک گریبان ہوا	صحن مسجد مین وہ نبوی کے لٹایا ہم کو
پیر سلطان براہیم کے قربان جانا	چھوڑ شاہی بلخ شوق دلایا ہم کو
شربت وصل پلا۔ توہی ہے ساقی میرا	آتش عشق محبت نے جلایا ہم کو
من رانی فقد رأ الحق ارشاد نبیؐ	عالم رویا مین دیدار دکھایا ہم کو
دیدہ مجنون نے کیا دیکھا تھا جمال لیلیٰ	ہوا مجنون سو وہ مجنون بنایا ہم کو
جبکہ دیکھا کف پا نقش وہ قصوی رسول	ناقۂ صالح کے تئین یاد دلایا ہم کو
اثر عشق کف پائے محمدؐ نے میرے	سنگ دل نرم کیا موم بنایا ہم کو
دل محمود پہ جب نظر کرے مسکین شاہ	وہی تاثیر وہ جذبہ نے ملایا ہم کو

یا شاہ خواجہ سراسنگے قصیدہ محمود
مرحبا چنو میان سب سے کرایا ہم کو

ہے یہ ارشاد نبیؐ جسنے زیارت کی میری	مین شفیع ہونگا شاہد ہی رکھایا ہم کو
حج کیا پاک ہوا یا زیارت کو میرے	اپنے سینہ سے لگاتا ہون تھمایا ہم کو
حج کیا جو نہ زیارت کیا آکر میری	ظلم مجھہ پر کیا وہ ایسا ڈرایا ہم کو
خاص ہے اوسکو شفاعت جو مدینہ مین مرے	کیا کلام مخبر صادق نے سنایا ہم کو
مجھہ پہ واجب ہے شفاعت جو زیارت کر گیا	کس محبت سے نبیؐ شوق دلایا ہم کو
قوت وجذبہ جوانی کی اب مستی نہ رہی	درد غم ہجر مدینہ نے گلایا ہم کو
کیا کرے کام توجہ نظر شیخ عصر	دل مضطر تھا تڑپتا سو تھمایا ہم کو

رد نہین ہوتی دعا خاص رسول اکرم ۔۔۔ کیا حضوری مین قصیدہ وہ پڑہا یا ہم کو
گو شیطان وہ دجال لعین کا نہ چلا ۔۔۔ دامن ظل محمد نے بچایا ہم کو

نام مسکین ہے محمود خدا کو پیارا
شکر ہے زمرہ مساکین مین ملا یا ہم کو

سنتے تھے خطبہ محبت کا حرم مین بحضور ۔۔۔ دام مین زلف معنبر کے پھنسایا ہم کو
کیا ہوا عقد محبت کا محب و محبوب ۔۔۔ رشتہ عشق کے ریشم مین گتھایا ہم کو
مرتبہ غوث ملا یا کہ مقام محبوب ۔۔۔ دین کے دولہ کا خدام بنایا ہم کو
دلہن دین کی ہین رابعہ بی بی ای اجی ۔۔۔ بطفیل اونکے دعا منگنا سکہایا ہم کو
جب ہوا عقد محبت کا حرم مین بحضور ۔۔۔ بعد ایجاب قبول شاہد رکہایا ہم کو
شادی دنیا کی ہے دو روزہ یہ شادی ہی مدام ۔۔۔ حاج زوار ہین دولہ وہ بنایا ہم کو
میرا استاد بخاری تہا کیا شیخ عبد الشکور ۔۔۔ بوسہ پیشانی پر دے سینہ لگایا ہم کو
اہل دنیا کی ہے صحبت مین فریب اور دغا ۔۔۔ پیر و مرشد کی توجہ نے بچایا ہم کو
آجتک ہم سے خطا جو جو ہوی گستاخی ۔۔۔ عفو کر نفس و شیطان نے ستایا ہم کو
باادب جسنے پڑہا روضہ اطہر یہ سلام ۔۔۔ ہے بشارت وعلیک کا سنایا ہم کو
حسن یوسف سے کے ہین آشفتہ زلیخا یعقوب ۔۔۔ یان ہزارون سے وہ یعقوب بتایا ہم کو
مثل طاؤس کے کل شب کو تہا نازان وصال ۔۔۔ آج کیا مار مثل پیچ کہلایا ہم کو
نام مسکین پہ کیا خاص توجہ ہے نبی ۔۔۔ خادم پیر کیا مسکین شاہ بتایا ہمکو

دل یہ محمود کا نازک ہے مثال شیشے
کس نے ایذا دیا اس دل کو ہلایا ہم کو

پارهٔ دل پہلوئے خود نظر با دلدار نہ ۔ کسب مجنون سر برہنہ خالی از دستار نہ
دل بده اے روبۂ ناچیز ہمت باد ازان ۔ زور پنجہ شیر حق را حاجت گفتار نہ
خود روسے تا کئے کنی ای نفس کسب بے لگام ۔ کن اطاعت شر خود را بر قدم اسوار نہ
از کسب دور است منزل و ز فضل نزدیک یار ۔ راہ باطن جان جانان حاجت رفتار نہ
قدر نعمت بود زایل شیوهٔ اہل عوام ۔ در محبان خاص ماند یر آه کس غم خوار نہ
اہل خلوت را نشد از عشق حق ہرگز خبر ۔ اہل دنیا را چہ قدر این حوصلہ تجار نہ
مشکل ما مثل ہو باریک و ز شمشیر تیز ۔ خواجہ ما حل مشکل کرد مدد در کار نہ
مستیٔ رندان حق از مستیٔ دنیا جدا ۔ تن برہنہ غرق وحدت صاحب شلوار نہ
رد نمی گردد دعا ماه ربیع الاول دلا ۔ لیک راز خود با اہل حلقۂ اسرار نہ
روز اول فتح نصرت شد چرا غافل شدی ۔ آه صد افسوس کس در عاشقان ہشیار نہ
بست و ششم شد ربیع الاول دوشنبہ آمده ۔ کن دعا اکنون اجابت را چرا اظہار نہ
یک نظر شیخ مکمل کافی است از اعتقاد ۔ ورنہ صد سالہ عبادت بے عشق در کار نہ

عشق مسکین عشق محمود است کن شکر اله
عاقبت محمود باد آه کس درین جا یار نہ

مبارک ہو مبارک ہو یہ شادی اور بسم اللہ ۔ جوان صالح ہے یہ دولہ عمر بست و دو سالہ
محبت دی بنی میں اور بنے میں اب خداوندا ۔ کہ جیسی تھی صفورا کو محبت با کلیم اللہ
محبت ایسی دے جیسی دیا آدم و حوا میں ۔ اولو العزموں میں میں اول نبی آدم صفی اللہ
زمین آغوش حضرت میں فلک سی آکے دنیا میں ۔ ہے ممکن گر کہوں جیسی کو فرزند رسول اللہ
بندھا عقد محبت کا کہ جیسی گره ریشم کی ۔ یہی یوسف اور زلیخا اور سارا با خلیل اللہ

عطا یا بی بی عصمت مین اور نوشہ مین الفت
عطا ہو جسطرح بی بی خدیجہ یا رسول اللہ

محبت ایسی دے جیسی علیؑ اور فاطمہ مین تہے
محبت کیا ختم ہوی عایشہ کی یا رسول اللہ

و دم شادی ہو جنت مین رسول اللہ کی بیشک
یہ بی بی آسیہ اور جو ہین ما در عیسیٰ روح اللہ

غریق بحر وحدت تہا کہ آنعت سی ہوا الفا
مبارک ہو عروس خاص مقبول ولی اللہ

غلام کمترین ادنیٰ ہے یک محمود نا ندیڑی
کرو نظر توجہ کی شہ تسکین اب اللہ

نفی ہو غیر کی لا سے اور ہو اثبات الا اللہ
کہے پر چہوڑتے دم ہین محمدؐ یا رسول اللہ

مبارک فجر عرفہ ہے جمع جیہہ لاکہ حاجی ہین
دعا مقبول ہے حجاج بہ روز عید مزدلفہ

اسی ماہ مبارک مین پڑا تہا خواب ابراہیم
ذبح ہو دیہہ اسمٰعیل جو بیٹا ہے ذبیح اللہ

ہین دیکہا خواب مین تجہکو ذبح کرنا میری منشا
تیری مرضی ہے کیا کہدے اے اسمٰعیل ذبیح اللہ

مبارک ہے یہ خواب انبیا صادق وحی ہی جان
مبارک ہو یہ فدیہ جنتی آیا تہا جو دنبہ

غرض کی حکم حق لاؤ بجا جلدی سے پیچ ہے نہ تو ایسا
ہین حاضر ہون مجہے پاؤ گے تم صابر انشاء اللہ

کہا برد اسلا ما نار نمرودی بہلا کس نے
کہا رتبہ حبیب میرے کہان رتبہ خلیل اللہ

لواء الحمد کے نیچے نبی سب ہو ونگی حاضر
محمدؐ کے ہین کل محتاج ز آدم تا بروح اللہ

خدایا بخشدے تو حاضران مجلس مسکین
محبت دے تو اسکین ہے قطب ہین پیر مسکین شاہ

الٰہی از طفیل اسم ابراہیم و اسمٰعیل
بخش محمود کو یارب بحق اولیاء اللہ

بشارت ہے بشارت ہے بشارت عاشق کعبہ
کہان ہین رابعہ بصری کہان سلطان ادہم شاہ

یہ وہ کعبہ ہے جس کعبہ کی کرتے تہے حبیب عزت
بندے احرام حج آدم تا موسیٰ کلیم اللہ

[illegible]

نہ کیون عزت و عظمت ہو نہ کیون شوکت و ہیبت ہو　　بنائے خانۂ کعبہ ہے آدم اور خلیل اللہ
رہین گے گرد کعبہ کے تمامی حاج بیت اللہ　　غلاف کعبہ ہاتھون مین زبان لبیک واہ شوقا
مکانِ طور مقید ہے ردا مطلق عرش اعظم پر　　تجلی ذات حبیب بیچون صفت موسی کلیم اللہ
دل و روح سر خفی الطائف خمسہ عالم امر ہے　　ولایت زیر قدم ہر ایک نبی کے ہمراہی عبد اللہ
تجلی کیا ہو الباطن دلِ محمود پر ہوئے آج　　میان عاشق و معشوق ہے کیا اسرار ہو اللہ
سوا تیرے نہین مقصود سوا تیرے نہین معبود　　نفی ہو غیر کی ایدل کہ ہے اثبات الا اللہ
نہ حاجت نغمۂ داود نہ حاجت حسن یوسف کی　　ہو غرقِ نور احمد مین اسیکا نام ہے حب فی اللہ
نگاہ فضل ہو تیری کہ ہے یہ حلقۂ مسکین ہے　　عفو ہوئے خطا میری کہ ہون تمہین سے شرمندہ

چلا اب ہاتھ سے یوسف نہ جانا قدر کچھ محمود
الٰہی کیا ستایا ہے مجھے یہ نفس امارہ

مبارک ہو مبارک ہو مبارک ہو حج بیت اللہ　　زیارت روضۂ اطہر محمد الرسول اللہ
غلافِ کعبہ اب مانند زمین موجود ہے محمود　　وسیلے سے یہ پردہ کے شفیع ہونگے حبیب اللہ
ختم قرآن کلمہ کا اور تحیت صلعم نذر لے جا　　دعا ہوتی نہین رد در روز عرش شاہ سعد اللہ
قدمبوسی مرشد کی تمنا ہے مجھے از حد　　دکھاوے مجھ کو وہ دیدار کہ ہو جاون مین صدقہ
قدم اونکے دکھا جلدی کہ ہے محمود کی یہ شادی　　وصال دائمی ہم کو نصیب ہوئے بقا باللہ
سنا ہون کہ عمر اونکی ہے ایک سو بیش یا نو سال　　قطب یا غوث یا قیوم ہے ذات پاک ظل اللہ
سلامت رکھ خدایا تو میرے محبوب کو سر پر　　ملا حجاج روز روان سے جو ہو عاشق کعبہ
قلم لے ہاتھ مین ایدل من تیرا سو تیرا لکھ　　مبارک ہو سعید حافظ تمہین یہ حج بیت اللہ

۱۳۱۲ھ

غلام کمترین ہون مین شہ مسکین کا ادنیٰ

نصیب ہووے مقام محمود شفاعت ہو رسول اللہ

یارب بہ برکت یہہ قصیدہ بردہ — زندہ ہو جائے تیرے نام سے قلب مردہ

ہے یہ مقبول خدا اور نبی اطہر مین — مدح خوان میرے نبی کا ہے ہمیشہ زندہ

زاہد خشک سے کیا کام ہے اہل دل کو — رندی مست سمجھتے ہین وہ حال زندہ

مالک الملک ہے وہ قادر بیچون منعم — شکر کس منہ سے کرون تیرا ہون اوتی بندہ

جب نسیم سحری بہتی ہے باغ دل پر — ایک ایک غنچہ شگفتہ ہو مثال خندہ

پیر مسکین کے دعا کی یہ ادنی تاثیر — دل محمود کا ایک آن مین ہوئے زندہ

غزل محمود سنادی تو ہی مطرب میرا
خدمت احسان نے تیرے کیا بس شرمندہ

الہی دکھا دے دیار مدینہ — کہ سر پہ کرین ہم غبار مدینہ

کلام الہی کی آیات سے بس — منقش ہے درو دیوار مدینہ

کسی نے نہ دیکھا ہو دیوار جنت — تو دیکھے وہ جا کر حصار مدینہ

ثنا اس مدینہ کی کیا لکھ سکے کوئی — ثنا خوان ہے پروردگار مدینہ

مدح خود مدینہ کی کرتے تھے حضرت — قرار جہان اور قرار مدینہ

نزول ملایک ہے ہر روز اس جا — ہے صل علی کیا بہار مدینہ

نہ کیون شہر محبوب کا ہوی محبوب — نبی نے کئے اختیار مدینہ

جہان تک کہ ہین انبیا اولیا سب — وہ کرتے ہین عز و وقار مدینہ

وصال حقیقی ہوئے تک نہ چھوڑے — یہانتک کہ ہو گئے غبار مدینہ

نہ سایہ ہما کی کرے وہ تمنا — ملے جس کو سایہ دیوار مدینہ

سنا ہون کہ پرسش نہوگی اوسکو | جو مدفن ہوا در جوار مدینہ
کرین رخ نہ حوران خلد برین پر | جو ہو محو دیدہ نظارہ مدینہ
حقیقت مدینہ کی ہے جبسے روشن | وہ ہین اہل دل جان نثار مدینہ
قسم ہے قسم ہے قسم ہے خدا کی | ہے پرنور کیا مرغزار مدینہ
دوا ہے شفا ہے مدینہ کی ہرشئے | یہانتک کہ خاک اور غبار مدینہ
جسے دیکھو عاشق حیات النبی کا | خیاط و تجار و نجار مدینہ
تصدق ہے اسکا پہ ہر ایک ہری | ہر ایک مثل یوسف بخار مدینہ
کہان ایسی لذت ہے میوہ مین کسیکا | جو رکھتے ہین لذت اشجار مدینہ
نہین خوبصورت ہین دیکھا بشر کوئی | جو دیکھا صغار و کبار مدینہ
نہین خلق پایا ہین ایسا کسی مین | جو پایا ہو مین بس دیندار مدینہ

زہے بخت محمود اوسکے کہ بس جو
بسے اور مرے در دیار مدینہ

سرسے پا تک تجھے دیکھون ہے میر یوسف ثانی | کیا زلیخا سے شرم وصل ہوی عریانی
ذات بیچون سے ہے کام صفت ہی جامہ | تن عریانی ہے اقرب نہین صورت معنی
نظر جامہ پہ ہے غیر دوئی نامحرم | فرض ہے ستر اب غیر دوئی سے ہو جائے جانی
صاف کہتا ہون تو ہوتا ہے ہیر یار خفا | حالت جذب سے ہان یار ملے آسانی
عقل کرتی ہے کرے فہم کیا راز عاشق | بس خجالت سے عرق ریز ہو پانی پانی
دلسے باتان کری ظاہر مین نہ لب ملے دونون | آتش فتنہ بجھا گر تو ہے یار جانی
غیر کا آتا ہے اطلاق اگر ہو جامہ | منکشف ہوتا نہ جوتن سے تو تھا لاثانی

نہین ہوتی ہے جدا دست سے انگشت شہید — ذات سے کب ہو جدا پاک ہے وہ روحانی

غیر اور شر مین نہو جسکو تمیز ہے نادان — عقل دینی ہو جسے اوسکو کہے انسانی

دلکو میرے ہے تمنا کہ ہو دیدار نصیب — ہے فرشتون کی غذا ذکر تیرا سبحانی

کار ریا کان نکر اپنے پر خیال اے جاہل — روح حیوانی کو نسبت ہے کیا روح انسانی

دلکو میرے ہے تمنا کہ ہو دیدار نصیب — تری تصویر کی مشتاق ہے نقش ثانی

خانۂ دل میرا آباد ہو مسکین شاہ سے — یاد حق خوب سے لے پند تو از خاقانی

سن تیرا سو ہوا سال رواں ہشت محمود
عمر ضایع ہوی آہ اور نہ گئی نادانی

ختم قران تھا اور ذکر حسین ابن علے — یوم عاشورہ کی محمود کو فرصت نہ ملی

یوم عاشورہ کے جو فیض سے محروم رہا — آہ تبرک و بتاشے و جلیبی نہ ملی

نفع دنیا کے لئے کیا ہے یہ آنا جانا — پیر مظہر میرے جانان سے کیا نسبت نہ ملی

یوم عاشورہ کی ہے آہ کیا توبہ خالص — بس تمنا مین رہا توبۂ خالص نہ ملی

مثل نقارہ کے آواز ہے باطن خالی — شہوت نفس ہے غالب آہ اطاعت نہ ملی

ہے بہانہ کہ مرید آیا ہے توبہ کرنے — منکشف پیر پر ہے توبۂ خالص نہ ملی

غنچۂ دل کو کیا بند نہ کھلنے پایا — اس گل سرخ پر کیا باد صبا ہی نہ چلی

دستگیری کرو اے پیر مرے مسکین شاہ
طفل بازی ہے یہ محمود کو نعمت نہ ملی

آغاز ہوئی چاندنی اسلام بدر کی — اٹھ جائیگی دنیا سے اب ظلمات کفر کی

تب سے کہ توجہ ہوی اس شیخ عصر کی — پروا نہ رہی مال وطن زن و پسر کی

دو لعابنا جس دن سے میرا احمد پیارا
باقی نہ رہی حاجت ذرا خوف خطر کی

ہوا مشرق مکہ سے طلوع مہر نبوت
روشن ہوئی دنیا کی زمین جسنے نظر کی

جو ذرہ کہ فانی ہوا خورشید فلک مین
حاجت نہ رہی اوسکو سفر اور حضر کی

جو دل کہ جلا عشق و محبت مین خدا کے
کیا اوسکو جلاویگی بھلا نار سقر کی

احمد شفیع جسکا ہوا پھر اوسکو ہے غم کیا
کیا فکر ہے دنیا دون اور سختی حشر کی

ہر صدی مین ہوتا ہے یہ امت مین مجدد
تاثیر ہے اب جو دین مین کسکی نظر کی

معراج نماز مومنین ہر روز ہے پنج وقت
مغرب و عشا فجر عصر اور ظہر کی

ایمان بھلا [illegible] بھی دائم
مقبول دعا ہوگی محمود فجر کی

اے مطرب خوش لحن سنا راگ اذان کا
شادی ہے [illegible] کی

ہوتا ہے اب آغاز دوم سال محرم
کیا یوم وہ عاشورہ حسینا نے صبر کی

یاد آگیا اب سال گذشتہ وہ مدینہ
دن پیر کے عاشورہ وصال میان مظہر کی

سن تیرہ سو پر ایک ہوا ذی حجہ آخر ۱۳۰۱
کیا سیف یہ قاطع ہے زبان اہل ذکر کی

بس داغ غلامی کا کہ ہوں امت احمد
ہے عرش پر سر اپنا سزا وار فخر کی

ہوں خادم مسکین شاہ مین کمترین ادنی
محمود وہ مقبول ہے جسنے کہ شکر کی

حسنے مستے عجب از لطف ادا زی عجبے
می پرستی عجبے فتنہ طراز ے عجبے

طاق ابروے تو قبلہ و من سر بسجود
چشم بد دور کہ ہستم بہ نماز ے عجبے

گشتہ چون شمع ز عشق منشے حالت من
جان بسوزی عجبے من بگدازی عجبے

بہر قتلم چون کشی تیغ شوم سر بسجود
او نیازی عجبے من بہ نیاز ے عجبے

یعنی جس دن حضرت حافظ ابوالنجیب جناب سجادہ نشین خانقاہ [illegible] حضرت مرزا [illegible] شہید رحمۃ اللہ علیہ [illegible] فرمائی [illegible] ارشاد [illegible]

دست بسمل شدم آب بنوشانند مرا
مہربانی عجبے بندہ نوازی عجبے

مرغ بسمل شدم کس نکند ماتم من
عشق محمود عجبے حسن ایازی عجبے

وقت مشکل تو توجہ بکن اے خواجہ بزرگ
وقت تنگ است سفر در درازی عجبے

غوث محی الدین مدد کن کہ جہازی زفلند
جوش دریا عجبے سیر جہازی عجبے

آب رحمت کہ ازان بردل پیران بارد
منشا فیض عجبے عجز و نیازے عجبے

باش درویش ہمت شل قلندر آزاد
دست کوتاہ عجبے پائے درازی عجبے

بے سبب جذب حقیقی نرسد طالب را
نزد ہمان عجبے عشق مجازی عجبے

بست و ہفتم شدہ ذیحجہ بہ سوگر باندیشہ
حال [illegible] نمازی عجبے

[illegible] شاہ نور است
چشم مازاغ عجبے نظر نوازی عجبے

شاہ دستگیر کجا پیر مکمل امروز
نغمہ اکسیر عجبے نغمہ دسازی عجبے

نسبت شاہ دستگیر چہ نسبت خاص است
خواب محمود عجبے راز و نیازی عجبے

برق تجلی چمکی تھی کیا اُس غیور کی
جو خاک سرمہ ہو گئی اُس کوہ طور کی

گندم کے ایک دانہ نے آدم کو کیا
لاکھوں گناہ مٹاتی تجلی غفور کی

طوفان نوح میں کیا تیمم فرض ہوا
کیا خاصیت ہے خاک میں آب طہور کی

ایک پرتو تجلی کی موسی نہ تاب لائے
نور حبیب کی کشتی نے کیا عبور کی

کوہ طور جلگیا تھا تجلی سے ایکبار
ہر روز شان یہان ہے نئی جبل نور کی

محمود یار دہ ہے وری الوری حبیب
چھوڑ یہ محبت فانی اناث و ذکور کی

جس جا کہ وصل ہے تو نہیں قرب او بعد
مانع ہے کب محبت کو منزل یہ دور کی

چلتی ہے جب ہوا یہ محبت کے زور سے
نسبت سمجھ لے جیسی پتنگ اور ڈور کی

خاصان حق کو آج ہے دیدار وقت نقد
یان انتظار ہی عام کو ہے نفخ صور کی

قربان اپنے پیر کا محمود ہو سدا
کیا باطنی یہ نظر توجہ ہے دور کی

عیسی کو آسمان سے اترتا تھا مائدہ
پھر اٹھ گیا فلک پر جماعت قصور کی

خوان کرم رکھا ہے یہ امت مین تا حشر
خاصون کے تئین کیا حاجت ہے نان تنور کی

ہے نور آفتاب کا روشن مثال بین
شب پر کی آنکھ کھلتی نہین کسے کور کی

تیس برس سے عشق مجازی مین ہون پھنسا
کٹ جائے رگ یہ شہوت نفس غرور کی

چالیس برس ہو گئے ہو کر مرید شیخ
ابتک نہ آگہی ہوی دل کیا حضور کی

یکسر حرم مین غوطہ زنی ہے از روح فضل
کیا خواجہ نقشبند کی روح نے صدور کی

دریائے غم مین نوح کی کشتی بچا ہے
خواجہ خضر نے کسکی مدد سے عبور کی

بارہ ہزار جبل حرم مین ہین رنگ برنگ
عقد ثمین مین شیخ خضر نے مذکور کی

بعضی جبل ہین سونے کے بعضی ہین چاندی
لیکن نظر سے عام کے اخفی مستور کی

غار حرا ہے مکہ مین اور جبل بو قبیس
تاثیر جا کے دیکھ لے اب جبل ثور کی

کیا ہے مقام سرسری موسی کا عاشقی
اخفی ہین دائمی ہے تجلی حضور کی

تابع خضر کے ہو گئے موسی کلیم کیا
شان اولوالعزم سے لئے نہ ذرا ظہور کی

جب دیکھتا ہون چشمہ زمزم کا در حرم
آتی ہے مجھ کو بوئے شراب طہور کی

خاصان حق کے دیدہ بصیرت سے ہے یقین
پر شک شبہ خودی نے تیری بجھے دور کی

جبتک فنا تمام نہ ہو ذکر ہو کرے
بعد از فنا بقا ہے وہ ذات مذکور کی

ہوتا اگر زمانہ خواجہ عجدوان ؒ — نوبت نہ ہوتی دار انا الحق منصور کی

محمود کیا جدا ہے وہ سلطان ایاز سے
کیا گفتگو فنا میں یہی ہے قرب دور کی

تیزی کریگی نار کیا نمرود جبیل ؒ — بس کرتا یک پشہ سزا ہے غرور کی
جس جلسے نور پاک محمد کی تار — تیزی کریگی نار کیا نمرود مغرور کی
محبوب ساتھ ہے تو نہیں خوف مار مار — تاثیر جا کے دیکھ لے اب جبل طور کی
کیا خوف ہے نزع و قبر اور حشر کا — نعمت ملیگی ایسی کہ جیسا صبور کی ؒ
چالیس دن رہا تیرے درد فراق میں — احرام بندہ کے مرده ہوا آہ نہ شور کی
مقصود سے ہے یہی ہو خاتمہ بخیر — محمود سے امید نہیں عفو قصور کی
وہ حج اکبر ہے کہ جس حج میں پیر ہو — ہوتی ہے کیا تجلی اسم غفور کی
کمتر غلام ادنی ہے شرمندہ روسیاہ — ظلمات سے نکال تجلی ہو نور کی
فیض نظر سے دور ہوں یا پیر المدد — باقی عمر تمنا غلامی حضور کی ؒ
کیا اسم بامسمی ہیں خیرات دین واہ — الولد سر ابیہ سلطان الیسی ظہور کی
پڑھ فاتحہ بنام مشائخ بروز عرس ؒ — خوش ہوگی تجھ سے روح سب اہل قبور کی

توشہ دعا پیر کا محمود ساتھ ہے
کیا خوف گر بلاتے ہیں سیہ صدور کی

تجلی نے آکے چومی تھی قدموں کو سر کے — یاد آگئی کرامت مقام دردور کی
عاشق کے تئیں جلانا یہ برق کا تھا کام — معشوق کا تار ہونہ جلا کیا شعور کی
ماہ رجب تھا یوم ربعہ وقت ظہر کا — سن تیرا سو میں ایک تھا کم جب ظہور کی
۱۲۹۹ھ

صد ہا کراماتون کو مین دیکھا ہون پیر کے
حاجت ہے کیا قلم و سیاہی سطور کی

دو طفل کھیلتے تھے جب حافظ تہا خدا
پتہر سے کسنے کھینچے کی انگلی کو ہی کی

ختم لطایف تحت قدم مین ہین اولوالعزم
اخفی لطیفہ شان ہے جامع حضور کی

نزدیک تیرے باغ جنان مین فلک اوپر
اقدام تحت مان کے ہے جاے سر کی

دنیا نہین ہے جاے قرار ہے فرار کی
یہ بات ہے عیان جو مسافر ملے غور کی

تیرے فضل سے جیتے ہین ہم عاصیان جہان
تاب عدل کی ہم کو نہین جبکہ غور کی

کیا شکر تیرا ہم سے ادا ہو سکے خدا
جو جو بلا کہ آتی کبہی ہم سے دور کی

کرتی نہین ہے رد قضا کو مگر دعا
رحمت تیری فلک سے کیا دل پہ صدور کی

ظلمات چاہ پر زدہ ماہ ہو گیا روشن
یوسف سے ساتھ چاہ نہ غلمان حور کی

فانی ہو پیر مین کہ گویا شیر اور شکر
کام آوے گی شفاعت اہل حضور کی

نعلین تن سے چمڑے کی ہی گر گردن بچا
کیا قدردانی ہو گی وہ صدر الصدور کی

کر رابطہ تو پیر کا محمود روز و شب
ملتی ہے کیا توجہ مین لذت حضور کی

علی احب سلطانی مقدس قطب ربانی
بلا شک غوث صمدانی محی الدین جیلانی

نبوت تیرے گھر کی ہی رسالت تیرے گھر کی
سیادت تیرے گھر کی ہی شہادت تیرے گھر کی ہی

مدد پھر کیون نہین کرتا مرے محبوب سبحانی

خدا نے تجھکو جو تربت عطا کی ہے وہ ہے ظاہر
خدا نے تجھکو جو نعمت عطا کی ہے وہ ہے ظاہر

خدا نے تجھکو جو حرمت عطا کی ہے وہ ہے ظاہر
خدا نے تجھکو جو حشمت عطا کی ہے وہ ہے ظاہر

سبب کیا ہے نگاہ رحمت نہین کرتے ہو جیلانی

تیرے نزدیک مردوں کو ترانا کچھ نہیں مشکل ۔ تیرے نزدیک مردوں کو جلانا کچھ نہیں مشکل
تیرے نزدیک مردوں کو جلانا کچھ نہیں مشکل ۔ تو ثابت ہے کہ جو مانگو دلانا کچھ نہیں مشکل

پھر اتنی دیر کیوں ہے یا علی شیر حسن ثانی

مرا مطلب بر آنے میں یہہ عرصہ کا سبب کیا ہو ۔ مرا مقصد بر آنے میں یہہ عرصہ کا سبب کیا ہو
مری حاجت بر آنیمیں یہہ عرصہ کا سبب کیا ہو ۔ مری منت بر آنے میں یہہ عرصہ کا سبب کیا ہو

مدد کر میری فقہ اب تو مرے یا غوث صمدانی

شرافت تیری گھر کی ہے نجابت تیری گھر کی ہو ۔ سخاوت تیری گھر کی ہے نجابت تیری گھر کی ہو
سیادت تیری گھر کی ہے شہادت تیری گھر کی ہو ۔ ولایت تیری گھر کی ہے کرامت تیری گھر کی ہو

چھپانا کیوں کرامت کو تیرے مشوق ربانی

قضا مبرم کا رد کرنا کسی سے ہو نہیں سکتا ۔ غرض سیف القلم کرنا کسی سے ہو نہیں سکتا
یہہ ناز و شوخ کا کرنا کسی سے ہو نہیں سکتا ۔ یہہ عجز و ناز اس ڈھب کا کسی سے ہو نہیں سکتا

تو قادر ہے تجھی معلوم ہے یہہ راز سبحانی

دعا کرنا تمہارا کام دعا سے ہو ہمیں آرام ۔ تمہیں لائق ہے رب الہام عنایت ہو ہمیں العلم
حکومت تیرے گھر کی ہو ریاست تیری گھر کی ہو ۔ عدالت تیرے گھر کی ہے دیانت تیری گھر کی ہو

ضمانت کیوں نہیں لیتا مری یا غوث صمدانی

تمنا ہو جسے اولاد وسے اولاد دیدینا ۔ تمنا ہو جسے عید اوسے عید اودیدینا
تمنا ہو جسے دنیا اوسے یہہ دنیا دیدینا ۔ تمنا ہو جسے عقبیٰ اوسے عقبیٰ یہہ دیدینا

ملے محمود کو تسکین شاہ محبوب سبحانی

عشق دل کو لگا دیا کس نے
مجھے مجنون بنا دیا کس نے

چشم لیلے ہے یا زلیخا ہے
سورہ یوسف سنا دیا کس نے

رہا بارہ برس مجازی عشق
وصل عریان کرا دیا کس نے

عکس یوسف مین ہو گیا مجنون
اصل یوسف چھپا دیا کس نے

کل تہا آغوش مین حبیب مرا
آج کے دن جدا کیا کس نے

اے فلک مین ابھی تو ہنستا تہا
ہنستے ہنستے رولا دیا کس نے

مین تو نادیدہ مین تہا خانہ نشین
دشت ویران چلا دیا کس نے

الحذر الحذر یہہ دنیا سے
شوق دنیا لگا دیا کس نے

نام پیری سے شرم آتی ہے
نام محمود لکہا دیا کس نے

دل مردہ جلا دیا کس نے
پردہ غفلت اٹہا دیا کس نے

یار کر دیتا تھا کیا بے پردہ
سقف حجرہ چھپا دیا کس نے

چاروں دروازے کہلے ہے حجرہ
چار پٹ در لگا دیا کس نے

ایک ساعت تھی صحبت یوسف
آہ یوسف جدا کیا کس نے

یوسف مصری کا وطن کنعان
بہائی جان اب بہلا دیا کس نے

وطن اصلی ہے روح کا مکہ
دل محمود جدا کیا کس نے

صبح صادق کی تھی دعا مقبول
یہہ توجہ بہلا دیا کس نے

کچھ تو حکمت ہے پردہ داری ہے
دل یہہ القا کرا دیا کس نے

یار بیچون ہوا ہے ہم آغوش
یار سبہی جدا کیا کس نے

شب قدر ہے یا ہے شب معراج — آہ شب وصل سلا دیا کس نے
دل محمود کو بہا دیا کس نے — دل وحشی بنا دیا کس نے
اہل ناندیڑ نے نہ پہچانا ہے — سنگ دل کیا کرا دیا کس نے

حال محمود کے کیا ہوئے سنکر
شغل دنیا کرا دیا کس نے

گناہ سب عفو ہوں ہمارے تمہارے — طفیل محمد سے نبی ہین ہمارے
ہوئی گم تھی جو چیز سو اب ملی ہے — ہے شکر خدا جو ملے حق کے پیارے
ہے آزار درویش آزار اپنا — اگر ہے شبہ دیکھہ کتابونکو سارے
فقط بہر ہو ہو ہے اور تیغ لا کی — فنا ہوتے ہین دشمن دین سارے
ہے حنفی و شافعی مالک و حنبلی کو — یہہ چارون امامون نے دینکو سدہارے
کرو گیارہوین اور پڑہو فاتحہ سب — مدد کرتے ہین سب یہہ پیران ہمارے
کرو تو یہ تابع ہو سنت جماعت — جو کہتے ہین جمہور علما ہمارے
خدا دین احمد کا ہے خود نگہبان — ہین علماء امت فلک کے ستارے

ہے مسکین شاہ پیر محمود کے سر پر
اُسے کیا ہے غم گر مخالف ہون سارے

یک بیک یار آتا جاتا ہے — دونی آگ عشق کی بڑہاتا ہے
ذوق اور شوق سوزش سینہ — بس جدائی مین یہہ کراتا ہے
سوزش سینہ کم ہو یکسا عشق — سینہ سینہ سے جب ملاتا ہے
قلب و قالب مین فیض جاری ہو — یہہ مزہ کب زبان پر آتا ہے

قربت زن مین یہہ نہین لذّت
یہہ لباس دولی کو کردے چاک
ایسی لذت ہے ہر بن مو مین

سینہ محمود سے جو بلاتا ہے
برہنہ یار نظر آتا ہے
جامہ تن مین نہین سماتا ہے

عشق آوے نہو گناہ کبیرہ
فضل محمود یہہ بچاتا ہے

حسن یار اپنا جب دکہاتا ہے
درد عشق سے کرے جب آہ
ہے لحاظ شرع کا خلوت مین
رحم کرتا ہے جب وہ جانا نہ
کسکی قسمت مین ہے دعا فقیر
عشق آوے نہ آوے ہستی کیا
سینہ بے کینہ ہے تیرا صاقی

ایک ساعت جو آتا جاتا ہے
ہاتہہ سینہ پر تب پہراتا ہے
ستر عاشق کا کیا چہپاتا ہے
اپنے عاشق کو جب رُلاتا ہے
دل خوش ہونے سے فیض آتا ہے
حال آتا ہے جذبہ لاتا ہے
دل محمود مین جوش آتا ہے

ہے شراب محبت اسینہ مین
کیون نہین محمود کو پلاتا ہے

خاک نعلین مبارک سرمۂ عینین ہے
نفس امارہ ہے کافر تیغ لا ہے ہو قتل
ایک دن مین فیض ملتا ہے برس کا فضل سے
ایک چلہ ہے مقابل برس مین چالیس کے
نصف شعبان کی دعا محمود سے

عرش پر پہنچا تہا جو بس یہہ ہی نعلین ہے
نحن اقرب کا اشارہ قاب اودنیٰ قوسین ہے
صبر کر خیدر روز اسے دل اتنا کیون بیچین ہے
بس اطاعت پیر و مرشد خوبی دارین ہے
کیا برات عاشقان کی رین ہے

عاشقِ مسکین کا تعویذ ہے تو — حسبِ مسکین نعمت دارین ہے

بحث ہے محمود اس کا جس کو ہو نسبت ذرا
ساعت دیدار مرشد حاصل کو نہین ہے

آغوش مین ہر شب کیا بہلا یار نہین ہے — عاشق ہے جسے طاقت گفتار نہین ہے
جو عشق و محبت مین ذبح ہووے ہے عاشق — معشوق کے کیا ہاتہہ مین تلوار نہین ہے
جو قتل ہوا راہ خدا مین اُسے غم کیا — زندہ ہے ابد حاجت گفتار نہین ہے
گر رنج و مصیبت مین صبر خانہ نشین ہے — جس جائے کہ گل ہے کیا وہان خار نہین ہے
ستار نے ستاری کیا عیب کو جسکے — اب کہولنا عیبون کا سزاوار نہین ہے

ایک نظر توجہ شہِ مسکین کی بس ہے
نانذیر مین محمود کوئی غمخوار نہین ہے

کلمہ پڑہا ایک بار وہ کفار نہین ہے — توبہ کیا جس نے وہ گناہگار نہین ہے
امت ہے گنہگار محمد ہین شفیع بس — کیا عفو گناہون کو وہ غفار نہین ہے
سرکار محمد کا یہہ قانون جدا ہے — شرمندہ گناہون سے ہو وہ خوار نہین ہے
گر لاکہہ گناہ ہوئین مثال کف دریا — گر حب نبی ہو تو جرمدار نہین ہے
گر ہوتا نہ یہہ نور حبیب میرے کا نہین — خالی ہے یہہ نانذیر کوئی دلدار نہین ہے
ہے قرۃ العین حسن اور حسینا — کیا اپنے نواسون کا نبی پیار نہین ہے

کیا قدر کرینگے تیرے محمود نظم کی
جز شیخ عصر تیرا خریدار نہین ہے

دنیا مین ان آنکھون سے تو دیدار نہین ہے — کیا حشر مین بہی دیدار کا اقرار نہین ہے

دیدار ملے بعد تمنا رہی یہہ سر کیا
کیا رتبہ باطن سے کیا اسرار نہیں ہے

دیدار کا ہے عام کو وعدہ تو سر لحد
خاصوں کے لیے عیش ہے کیا دیدار نہیں ہے

یہہ خواب ہے محمود کا محمود اسے ...
آج بعض عدو دیا فنا اظہار نہیں ہے

تاریخ ہے دسوین شب عاشورہ محرم
سن تیرہ سو کیا آٹ مین کوئی پانسین ہے
۱۳۰۸ھ

مت دیکھ حقارت سے کہ مسکین ہے محمود
نسبت نہیں کیا اوسکا کوئی سردار نہیں ہے

محبت مین جو گدر سے محنت نہیں ہے
کرون بات دل کی تو وسعت نہیں ہے

مین تشنہ ہون دیدار کا تیرے یوسف
مزہ شیر و مصری کا شربت نہیں ہے

نہ جانے قدر یوسف مصر بہائی
درم پانچ کھوٹے کی قیمت نہیں ہے

خریدار یوسف ہوئی تھی ضعیفہ
متاع ایک پٹی کیا قیمت نہیں ہے

پلا ساقیا شربت شیر و شکر تو
مجھے یوسف مصری حاجت نہیں ہے

مریض عشق کا ہون دوا دے وصل کی
شغل دنیوی مین کیا حجت نہیں ہے

جسے دیکھا سمجھا ہے یہہ یار جنی
کیا محمود یہہ بحر وحدت نہیں ہے

گیا وقت عمر کا پنا السیف قاطع
لہو و لعب مین کیا ذلت نہیں ہے

دعا روز عاشورہ ہوتے نہین رد
محبت کا رونا و رقت نہیں ہے

یتیمون کے سر پر رکھو ہاتھ اپنا
کھلانا کیا مسکین کو عزت نہیں ہے

ہے یہہ نور عین حبیب محمد
کیا مسکینا سے مجھکو الفت نہیں ہے

اگرچہ ہے زر دست محمود نادار
کیا مسکین سے مسکین کو قربت نہیں ہے

مکہ میں ہر جبل سے تجلی طور ہے
غار حرا وہیں ہے وہیں جبل نور ہے

جس جبل پر گرا ہے قدم آپکا ابھی
سردار جبل ہو گیا کیا جبل نور ہے

مکڑی نے جالا دی تھی کبوتر انڈے دیے
کاٹا تھا سانپ صدیق کو کیا صبور ہے

جبل احد کی شان میں حضرت نے یہ کہا
کیا تمیز علم سے ہے کیا شعور ہے

عاشق مرا ہے وہیں معشوق اسکا ہو
وہ جبل حقیقی ہے گویا کہ وہ طور ہے

شق صدر ہوا تھا نبی کا مرے وہاں
اترا تھا سورہ اقرا و نبوت ظہور ہے

شق القمر ہوا تھا کیا جبل قبیس پہ
آتا نظر ہے کعبہ کا چھت کیا نور ہے

جب دیکھتا ہوں چشمہ زمزم کا حرم
آتی کیا ہے مجھکو شراب طہور ہے

صہبائے عشق کعبہ کا زمزم حلال ہے
ہاں یہ شراب دنیا حرام و نفور ہے

اب آسرا تو یہ ہے مسکین شاہ کا
باطن سے ہے قریب اور ظاہر سے دور ہے

محمود یار وہ ہے ورا الورا الیقین
لیکن خودی سے تیرے بس تجھ سے دور ہے

مکہ معظمہ کی زمین فرش نور ہے
اس پادشاہ حقیقی کی قدرت ظہور ہے

جھولا کہہ حاجیوں کا ہے رونا کیا سیر
آتش گناہ کے آنسوں کے پانی سے دور ہے

دستار سر پر اور رشتہ پاؤں میں کفن تن
اللہ غنی وانتم الفقراء ظہور ہے

مرغ کا ہے آشیان لامکان ادھر
کیا عرش پر یہ ہم اڑ گیا کیا طیور ہے

عرش مقام ہے کیا مقام ہے جنت
نعمت جو ہو سکے اب دسوان بھی شکور ہے

مسکین کے کام آوے نہ دنیا میں مال زر
کس کام کی ہے دولت دنیا غرور ہے

مسکین حاج کی نہیں رد ہوتی ہے دعا
وسعت ہے قلب عاشق و شرح صدور ہے

احرام تبدنا کے حدود حرم میں تو آ — میدان شفاعت ہو وہ کیا یوم النشور ہر
جائے امن مقام براہیم کو نہ چھوڑ ہر — کرنا طواف ہونا ندامت قصور ہر
ہو اعتکاف کعبہ جلالش بحجرہ دل — کرتا ہے رنگ زمانہ کا کیا قصور ہر

جب سے کفن کو پہن لیا مردہ ہو گیا
محمود مسکین بن گیا یارب غفور سے

کیا چاند مدینہ کا وہ تاباں نہیں چھپا ہے — اس نور حبیب احمد پہ سو جان فدا ہے
عاشق تھی زلیخا اسی کنعان کی — یہ نور نبی ثور جبل غار حرا ہے
تھا حسن وہ یوسف کا صحیح ظاہر لیکن — کیا یوسف مصری اسی مقنع میں چھپا ہے
اس یوسف یثرب کو ذرا دیکھے زلیخا جو — بازار مدینہ میں جواب جلوہ نما ہے
وحشی جو تھے اب قاتل حمزہ کا سنو حال — ایمان جو لائے تھے عفو ساری خطا ہے

حامی جو ہو محمود کا محمود عربی
محمود خطا اس کی ہے گر لاکھ کیا ہے

درس تدریس کا زمانہ ہے — واسطہ پیر کا بہانہ ہے
ذکر کرتا جا اب نفی اثبات — اللہ اللہ یہ خزانہ ہے
رشتۂ عشق سے تو بن جا ہمہ — بیعت کا یہ تانا بانا ہے
نسبت عاشقی و معشوقی — یہ شمع ہے اور وہ پروانہ ہے
کیا تھا اور کیا ہوا اور کیا ہوگا — شان بیچون کا کیا نشانہ ہے
شور و غل جب کہ ہو وہی زاغ و زغن کا — بلبلوں کا کہاں ترانہ ہے
حج اکبر طواف دل کا ہے — دل مومن خدا کا خانہ ہے

مرغ [illegible] کو وطن کب یاد آیا ہو — ہم نشین عنقا آشیانہ ہے
[illegible] ساعت تو آجا صحبت مین — نہین یکسان کبھی زمانہ ہے
[illegible] کو غسل و درود لیس کے — دست مشاطہ مین کیا شانہ ہے
[illegible] مسکراں نظر نہ پڑے — خلوت خاص مین زنانہ ہے

حال محمود کا نہ کوئی جانا ہو
کس [illegible] دانا کہے دیوانہ ہے ہو

جس نے دیکھا ہو یوسف یعقوب سا — اسکے تئین حال اب بتانا ہے
ہو قریب [illegible] عشق [illegible] — دوسری راہ سے تو آیا نا ہے
دل آہو کو کون پکڑے گا جو — دام مین زلف کے پھنسانا ہے
خود [illegible] ہر وہی او [illegible] — عشق مجازی مین دل ربانا ہے
کہان تسکین ہے ملے جو نصیب — دل مسکین کے تئین بہانا ہے
دل سے دریا سے پکڑا [illegible] — کون اس وقت کے تئین پہچانا ہے
یاد کعبہ کا نگین [illegible] سیراب — چھت پہ میزاب اب لگانا ہے
[illegible] وطن نہ کرنا زیادہ خواہش — حال درد [illegible] کیا آزمانا ہے
دوستی اہل دل کی کرنا سیا — بعد مرنے کے کام آنا ہے

شاہ مسکین پیر کا محمود
ظاہر احسان کب چھپانا ہے

محبوب کا محبوب ہے محبوب خدا ہے — عاشق کو کسی دیکھ اگر کچھ کو تعجب ہے
عاشق ہے خدا آنکا یہہ معشوق ہیں [illegible] — یہ عاشق و معشوق کا انداز نیا ہے

ہے عشق محمدی کا یہ عجب لطف نرالا
یہہ لطف و مزہ خاص صحابہ نے چکھا ہے

اے یار خدایا مجھے مسکین جلا تا
اور موت وے ایسی جو کہ مسکین کو دیا ہے

ایسی تو فنا دے کہ فنا جس مین ہے ہیچ
جسکو کہ فنا کہتے ہین وہ عین بقا ہے

کیا ذات بحت مجمع کلمات ہے اللہ
عریان و مبرا جو اشارہ سے ہوا ہے

جس جال جبار کے کہو اس سے بری ہے
بس آپنا کہو قاب و قوسین بجا ہے

عاشق ہین محمد کے وہ مسکین شاہ محمود
کہ اونکی غلامی اسی خدمت مین مزا ہے

ذکر نقشبندون کا اللہ ہو ہے
جدہر حق کی مرضی ادہر اونکا رو ہے

محبت خدا مین فنا جسکو ہووے
تو نزدیک اوس کے نہین ہر دو تو ہے

خودی اور عقل کا جبکہ اٹھہ جاوے پردہ
سمجھہ لے کہ محبوب بس روبرو ہے

فضل وہ ہی ہوویگا سو سکا بخشیش
شب قدر کی اس سبب جستجو ہے

جس آئینہ دل پہ زنگ آگیا ہو
تو بس صیقل اس دل کا اللہ ہو ہے

محبت مین پیرون کی جو جا دل ہو
تو قلب فنا کو بقا کا رفو ہے

جو ذکر الہی سے ہو مست ہر دم
تو پاس اس کے سلطان گدا ایک سو ہے

محبت دے اور معرفت دے الہی
رضا تیری اور میرا مقصود تجھے ہے

بنا اس طریقہ کی ہے بر شریعت
کہ سنت فضیلت عمل پر غلو ہے

ہو بس عاقبت اس کی محمود اے شاہ
یہی ہے مراد اور یہ ہی آرزو ہے

محبت خدا اور محمد کی جو ہے
حقیقت مین یک لیک ظاہر مین دو ہے

جو عشق نبی ہی وہ عشق خدا ہے
وصل باطنا ظاہر اظہار جستجو ہے

جدا نہین ہے معشوق سے عاشق کبھی
جدھر اُس کی مرضی اُدھر اسکا رو ہے

زلیخا ہو یعقوب دیوسف کو جسنے
تو بس دیکھ لے یہ تیرے روبرو ہے

نہین فرق ہے حسن باطن کا یکتل
وہی عکس یوسف کا کیا ہو بہو ہے

نہ چالیس چلون سے دل صاف ہوتا
توجہ مین پیرون کے تاثیر جو ہے

توجہ ذکر سے ہو دل کو صفائی
یہ لذت ہے ایسی نہ کچھ گفتگو ہے

خشیت ساتھ مسکین کے ہو دہی خدایا
یہی ہے تمنا یہی آرزو ہے

ہے محمود کمتر غلامون مین ادنے
گناہون سے شرمندہ آزردہ رو ہے

سہارا خویش دبیگانہ کا کب ہے
محمد کا بھروسہ ہمکو سب ہے

نبیون مین ہین تین سو تیرا مرسل
اولوالعزمون مین احمد منتخب ہے

کیا انگشت سے شق القمر کو
ہوا ایسہ معجزہ تو کیا عجب ہے

میانہ قد تہا اور چہرہ منور
وہ آنکھین سرمگین سرخی سے لب ہے

ہوا عاشق جو ایسے نازنین کا
اُسے کیا حاجت اکل و شرب ہے

کہا لولاک حق مین اُس کے رب نے
کلام اللہ جو ام الکتب ہے

لئے جب مصطفے کا نام محمود
درود مین پڑھ یہی شرط ادب ہے

لئے جاتا ہے وہی عشق محمد
عوض کی غم نہین کچھہ مجھکو خوشیان ہو ہزار
ہے وہ فردوس رضا اور لقا سے اوسکے
لیک غم اور درد تمکو پدر ہے میرے
عمر بہر تم کو رہے رنج مجھے یک ساعت
گھر مین کیون خواب نہین مجھہ کو سنائی آقا
میری مان ہاجرہ بی بی سے مین رخصت ہوتا
دیکھہ صورت کو میری باتون سی کرتے وہ اگر
غم نہ کہا صبر تو کرنا کہ قیامت مین تجھے
ایسا فرماتے اگر خواب مین کہتا گہر مین
دونون تینون جو یہہ رہتے کہین دل بہرتا
مجھہ پہ اس وقت یہہ ہوجاتا عتاب اللہ کا
خواب مین سارا مفصل کہا اب تجھہ کو
چند وصیت کئے بیٹے نے کہا کہ اے بابا جان
ذبح کے وقت میرے ہاتھون کو اور پاؤن کو
پٹی آنکھون کو بندہو منہہ یہہ نہ دیکھو میرا
منہ میرا نیچے کرو اور چھری کرنا تیز
میرے حلقوم پہ پھیر دو گے چھری کو جلدی
میرے کٹتے کو خون آلودہ نہ ہونے دینا

غم کے عوض ہین خوشی کیا ہی سو کر تو بیان
دار دنیا سے کیا ہے وہ لقا میرے تئین
مجھہ کو آرام ہے یہہ جان کا دینا سن لے
جب تلک جیتی رہو فارغ یہہ نا ہو لوگے
رنج یہہ کیسا ذبح بیٹے کو کرنا اس وقت
خواب پوشیدہ رکہا تم نے نہ بولا شاہا
جو وصیت مجھی کرنا تھا سو کرتا بابا
مین تسلی سے یہہ سمجھاتا کہ امان صبر کر
اجر دیگا خدا فضل سے بخشیگا تجھے
جوش الفت پہ تیری مان کو جو ہوتا لبریز
مان سے بچہ کو جدا کرنے کے لئے آنا پڑتا گھر
کہ براہیم نے بس حکم یہہ ٹالا کیا
کر محبت سے پیچیدہ زمین کوئی حائل ہو
سوا اف گستاخی کو کرنا کہ جب بہت نادان
نزدیک تعصب یہ رہی ہے جگر کرتا یہ ہو
جوش پدری سے نہ اڑجاتی کلیجا تیرا
تیز ایسی کرو شعلہ سی ہو لب آتش ریز
حلق کٹ جائیگا کچھہ مجھہ کو نہ ایذا ہوگی
میری مان ہاجرہ بی بی کے حوالہ کرنا

جاؤ گے جب تو سلام اوسکو یہ کہنا پیار — سونگہتے جا تو یہہ جامہ تو یہہ جینا پیارا
خوش تو رہنا کہ شفاعت مین کرونگا تیری — نار دوزخ سے بچاؤنگا ہے امان میری
جب تو دیکھیگی کسی لڑکے کو میرے جیسا — یاد کرنا میری صورت کہ تہا بیٹا ایسا
سن چکے چند وصیت تو خلیل اللہ نے — جوش باطن سے رو آنسو کو گرایا اپنے
روئے اتنا کہ وہ روتے سر عرش اور کرسی — آسمان اور زمین رونے لگے اوسکو رو دی
تہے ملائکہ جو سماوات پہ ان سب نے یون — رو کے بولے کہ رحم کر دے خدایا اونکو
باپ روتے تہے ادہر بیٹا ادہر روتا تہا — سننے والونکا جگر رونے سے بس پہٹتا تہا
عاجزی سے وہ تسلی دے کہان والد کو — کیجئے تا کہ یہ زاری رونیکو ذرا سا روکو
حکم اللہ مین اگر دیر کہین ہوئیگی تو بڑہو — دل نہ پہر جائے ذبح مجھکو یہہ جلدی کرلو
الغرض دونون نے پڑہ کر یہہ ثنا ایسی دعا — کیا درگاہ مین اوس کی جو ہر چیون و چرا
راہ مین تیری الٰہی ہمین رکہنا ثابت — صبر دینا ہمین روشن ہو ہماری حاجت
صادق الوعد رسولاً تہا جو وہ اسمٰعیل — دل مین خوش ہو کر رکہا سر کو جب عبد خلیل
آفرین آفرین اس باپ پر اور بیٹے پر — حکم خالق سے سر فرزند پہ اپنے جو سر
بیٹے اپنے کو وہ رسی سے جکڑ کر باندہا — پٹی آنکہون کو بندہا بسم اللہ دہ خنجر کو لیا
پہر کیا عرض کہ اے باپ میرا ای وہ فلفر — کہول دے بند یہہ رسی کہ ہوا ہون مین ضعیف
واسطے اوس کی رضا کے مین خوشی کر آیا — جان دینے کو ہون تیار یا آیا ہمیں سے
دیکہتے ہین جو فرشتے تو کہین گے ایسا — واہ براہیم کے بیٹے نے بہت خوب کیا
وقت قربانی کے ہاتہون کو نہ یاد نکو بندہا — جان اپنی دیا عاشق ہے بے شک بچا
حق طاعت ہے بہت خوب چہوڑا رسی — فکر سوچی تہی مجھے ایسی کہا مین اپنی

پھر خدا یوں نہ کہے مجھ سے کہ ای اسمٰعیل — دست و پا بند نہ کئے کیا تھی وجہ کیا ہو دلیل
جان دینے کو بس پیش کیا تھا شاید — بہ خوشی اوسکو نہ منظور تھا آنا شاید کو
بیٹا ایسا ہین تیرا کہ جو وہ بھاگ گیا — بندا وس پہ ہو جو فرمان نہ مانے تیرا ہو
الغرض اپنے جگر گوشہ کا کہنا سن کر — اوسکو سجدہ مین رکھا بند کو کھولا اوسپر
واہ خلت پہ براہیم نے پوری یہ کیا — حکم اللہ کا سنا بیٹے کی پروا نہ کیا
ہو کے تیار وہ بیٹے پہ چلایا خنجر — بولتا تھا یہ زبان سے کہ ہے اللہ اکبر
بس اسیدم یہ ندا آئی کہ جبریل امین — لے خبر بندے کی جا اوس کو بچانا تو وہین
کی مکان سے جبریل نے ایسی جلدی — آئے ایسا کہ وہ خنجر نہ چلا تھا جو اسے
جس طرف مونہہ تھا چھری کا تو اُسے لیکر آپ — حلق پر بیٹھ گیا مونہہ کو پہرایا وہ شتاب
حلق ہرگز نہ کٹا گرچہ چلایا خنجر — سچ کیا خواب ندا آئی ذبیحہ مت کر
ہم نے بھیجے مین فدیناہ بذبح دنبہ — ذبح کر دنبہ کو اور جان بچالے اس کا
صدقت الرؤیا تھا وہ خواب سو سچا کیا — ہم جزا دیتے ہین محسن کو اسی طور بجا
شانمین اوسکی فدیناہ بذبح سنا — اوس کے بدلہ مین دیا ذبح مین دنبہ اپنا
شرح اوسکی ہے بہت طول نہ لکھا محمود — ختم کر مانگ دعا اوسے جو ہے رب ودود
یا الٰہی بہ طفیل اس کے جو ہے اسمٰعیل — رحم کر اوسپہ کہ تیرا ہے جو یہ عبد ذلیل
زیر فرمان وہ مرشد کے ہمیشہ یہ رہے — تا دم زیست خلاف اوسکی رضا کی نکرے
اس زمانہ مین ہے وہ شیخ عصر مسکین پناہ — قلب بیمار کو بس کرتی ہے یک اوسکی نگاہ
رہیں دنیا مین تو ایمان سلامت لینا — تابع شرع نبی رہ کے اسی مین مرنا
دمبدم مانگتا جاتا ہے دعا یہ محمود — خاتمہ خیر ہوا اور نہین ہے مقصود کچھ

۷۸۶

قصاید عربی تصنیف پیر و مرشد حضرت محمود شاہ صاحب قبلہ ناندیڑی قدس سرہٗ

یا قوم العرب و العجمی صلوا کثیرا — علی النبی العربی بشیراً و نذیرا
یا سید الانبیا و یا خاتم الرسل — ما را اینا فی العرب والعجم مثلک نظیرا
ھذا النبی و انا اشھد با اللہ — فی وصف النبی قبل الوحی قال بحیرا
من قبل ولادتہ نبینا محمدؐ — شاھد ورقہ نوفل و تبع بن حمیرا
یا سرا دنی فتدلی قاب قوسین — سبحان الذی اسری بعبدہ اسری
فی حقک لولاک لما خلقت الافلاک — فی نعت محمود املا نظماً و نثرا
یا راکب رفرف و یا راکب براق — یا خارق حجابات سما فلک و نورا
یا ساقی بیر زمزم و یا ساقی کوثر — یا راکب فرسٍ و بغل قصوی لعبیرا
امی والی روحی فداک احمدا — حیٌ فی قبرہ فی قبۃٍ خضرا
لا فرق من بینی و بین حبیبک — وارزقنا شفاعتہ الحبیب یوم النشورا
فی نعت النبی قلم ولسان عاجز و قاصر — لا حاجۃ لوح قلم قرطاس دبیرا

محمود مریض عشق حبیب انت طبیبی
لا حاجۃ لی الا دعا خاتمۃ خیرا

یا رب بحق مسجد و محراب و منبر — بحق شباک النبی کل امت مغفورا
یا رب بحق جبل عرفات و جبل نور — احد ابو قبیس و حیرا و ثورا
یا رب بحق مسجد نمرہ و مزدلفہ — فی ھذا الزمان مسجد خیف مشہورا

یارب بحق رکن مقام میزاب واسود — از رفا حج وعمره صفا سعی مشکورا

یارب بحق سیدنا ابوبکر الصدیق — فاروق وعثمان علی بحرا غدیرا

یارب بحق عمی نبی حمزه وعباس — اصحاب جلیل مجتهدین فی امر خطیرا

یارب بحق قرة العینین حسنین — فی کربلا اہل بیت معه فاطمه صغرا

یارب بحق کل بیت احمد مرسل — طهر قلوب المومنین کالحق تطهیرا

یارب بحق سابقة الایمان خدیجه — فی حب النبی فی انفقت کل مالا کثیرا

یارب بحق زوجة النبی عایشه صدیقه — قال النبی فی حقها کلمنی حمیرا

یارب بحق امهات المومنین تسع — سوده وحفیظه وحبیبه وجویرا

یارب بحق ام سلم زینب طلحه — ماریه قبطیه براهیم صغیرا

یارب بحرمت بنات النبی اربع — ام کلثوم ورقیه وزینب فاطمه زهرا

یارب بحق کل مهاجر وانصار — اصحاب نبی کلهم کالشمع منیرا

یارب بحرمت قدوم نور حبیبک — خرج من نا نذیر جمع ظلمة وکفرا

یارب بحق کل حبیب مشرق ومغرب — ارحمنا جمیع غربا مساکین فقیرا

یارب بحق عرس غلام علی شاه دهلی — لا تحرمنا فی فیض وبرکات کثیرا

یارب توسلنا بجاه قطب الاقطاب — مسکین شاه نقشبندی فی هند شهیرا

فی بلده حیدرآباد دکن عارف باالله
لا شبه فی هذا زمان شیخ کبیرا

[illegible] اسعد بلغنی زیارت — من قبل مماتی فی الحیات الف مشکورا

الحمد لمن ارانا شیاک النبی — مملو من العطر مشک صندل عبیرا

الحمد لمن وصلنا دار حبیبی
اذّینا صلواة اربعین فی مسجد نبوی
لا تحرمنا باب شفاعت بنبیک
یارب بحرمت شباك النبی احمد
الله تقبل منّا حج و زیارت
یارب بحق معلمنا محمد علی رضوان
بحق مشایخنا عبد الغنی مفتی
جئنا فی حضرتك یا سید مرسل
یارب بحق خواجہ سرار روضہ محمد
یارب بحق لبیك حجاج بیت الله
یارب بحق اولاد النبی طیب و طاهر
یارب بحق میمونہ ماریہ قبطیہ
عام الف و ماتین و تسعین و تسعہ

شرفنا من الفیض و برکات کثیرا
اقرارنا صلواة و سلام و جهہ حضورا
محتاج الی بابك سلطان وزیرا
وقفنا صلواة و سلام لیلاً و نهارا
یسّر الجوانی تخیّب حج مبرورا
رضوان و امین شیخ دلایل و شکورا
صاحب طریق نقشبندی شیخ کبیرا
مزجاجات و تجاوزت وزنا و کثیرا
سلطان و یاقوت و قیروز سرورا
ارحمنا علی محمود مسکین هندی فقیرا
قاسم و براهیم و کل صغیر و کبیرا
ازواج النبی ام سلم قمراً منیرا۔
قل حسبی الله وکیل نعم النصیرا

یارب بحق شیخنا مسکین شاہ مولا
بلغنا من محمود صلواة سید بشیرا

یارب بحق کل نبیٍ و ولیٍ
من قلب قریبٌ و من ابدان بعیدٌ
عریان من العلم جهل تشبیه و تنزیه
مجنون صفت فی عشق مجازی لا حقیقی

ارزقنا زیارت النبی حج مبرورا
من طرف طالب محب محبوب احد قنبر تبیرا
قدمت وصل عریان و من غیر کثیرا
فی ذات بحت لا تعین فیض کثیرا

من سبع وستین بقیه عمرنا ضایع وباطل | ماعرفنا سرعشق کما ساقی الضمیرا

فی شهر ربیع مولود النبی ختمنا قصیده
بعنا من ارواح مشایخنا فقیرا۔

یارب بلقد نصرکم الله ببدر زکو | ورزقنا زیارت شهیداحد وبدر
یارب بحرمت محمد وابوبکر | فاروق وعثمان علی بحر عذیر
یا ساقی بیر زمزم ویا ساقی کوثر | یاراکب بغل وفرس قصوی لعیرا
یارب بحرمت حسن والحسینا | الفاطمه بنت النبی بنت صغیرا
یارب بحق امهات المومنین کلی | ازواج النبی عایشه کل احد وعشر
یارب بحق خدیجه سابقة الایمان | ازواج النبی عایشه خاص بنت ابوبکر
یارب بحق آسیه وهاجره ساره | ادخلنا من ایمان فی الدنیا فی قبر
یارب بحق ستة انبیاء اولوالعزم | ارحمنا علی جمع غنی وفقیر
ادعونا بجاه سوره جمعه ویوم | فی شهر صفر تاریخ محمود شنبه وعشر
بحرمت الم ذالک | واکشفنا من اسرار ومقطعات لقر
یارب بحق سوره والفجر لیالی | وفقنا اطاعتک لیل وفجر
یارب اذقنا برد عفو ولعفوا | من نخل مدینه لذیذ تمر وثمر
لاحاجت دعا لا لم لنا اعطیت ری | اسقنا من شراب حبک من کاس خمر

یارب بحق سوره یوسف بن یعقوب
القو علی وجهه قمیص یوسف مصر

یارب بحق سوره الم نشرح لک صدرک | الشرح الهی من معرفت لصدری

یا رب بحق سورہ قدر انّا انزلنا — اعننّا علی ذکرک فی لیلت القدرِ
یا رب بحق هذا شهر مبارک — اعطی کل حوائجنا مع العسر والیسرِ
یا رب بحق سورہ نور نور محمدؐ — واکشفنا من النور کـ فی قلب البصرِ
یا رب بحق سورہ وانشق القمرِ — لا تبعد من قرب حسن وجهک قمرِ
یا رب بحق سورہ هل اتی الآخر — نجنا من آفات و مصائب دهرِ
یا رب بحق کل مهاجر و الانصار — فی حب نبی مثل نجم عاشق بدرِ
یا رب بحق سورہ فاتحہ والاخلاص — هبلنا خلوص نیت و یارکنا فی خیرِ
یا رب بحق سورہ انا اعطینا — اعطینا من الحوض یشرب و طهرِ
یا رب بحق سورہ اذا جاء نصر الله — انصرنا علی اعداء دین فتح و نصرِ
اعلموا ما شئتم غفرت لکم کلٌ — فی حقهم اصحاب بدر جا خیرِ

یا رب بحق الم تر و لی الاف
نجنا من الخوف و امنا من قهرِ

یا رب بحق سورہ مزمل و مدثر — فضل من نجاسات دنیاء عذیرِ
یا رب بحق سورہ طٰہٰ و یٰسین — اغفرنا جماعة مومن و مومنه تبد
یا رب بحق سورہ کھیعص — اصحاب کهف کلهم سبعة نفرِ
یا رب بحق سورہ ص ق والقرآن — ء عجرنا من قرات قرآن فی حرف اخیر
یا رب بحق سورہ حمٓ الا مرا کر — سهل لنا من کل امورات خیرٍ
یا رب بحق سورہ ق وص القرآن — آجرنا من قرآن فی حرف اخیر
یا رب بحق آیات قرآن و حرفات — نجنا من النار و طوفان بحرِ

یارب بحق سورہ نور سورہ براھیم ... نجنا من النار وطوفان بحرٍ
یارب بحق جامع الخیرات ولد شیخ ... فی الحب کا الیعقوب عزیز لیوسف مصرٍ
یارب بحق سورۂ یونس وھوا ... خلصنا من حبس موت دنیا عراضیٍ
یارب بحق سورہ مریم ام عیسیٰ ... احفظنا بجمیع اخوان محمود بهتان غرٍ
یارب بحق آدم وحوا وموسیٰ ... اھدنا صراط مستقیم کالھم نصرٍ
ما یعرف ضم وفتح کسرہ لی سکون شل ... قلت ھذا من محبت حبیب فی سکر
یارب توسلنا بجاہ قطب الاقطاب ... مسکین شاہ نقشبندی فی ھند شہر
فی بلدہ حیدرآباد دکن عارف باالله ... لا یوجد فی ھذا زمان شیخ کبیرا

محمود مسکین بلاد ھند فی ناندیڑ
اضعف عبادک لا یعلم فی شعرٍ

نقالوا ایھا العشاق مسکین ... الی عرصات عرفات الوادی
طریق العشق لا مبداء وختم ... ولا بعدُ ولا قرب کل احادی
انا رب العلی اسمی غفورٌ ... غفرت کل ذنب السمیع منادی
ندا فی قلب مومن یوم عرفه ... ولا خوفٌ ولا تحزن عبادی
سرقت الناس عشقی کل حسدٍ ... فلا یبقی عطائی الکباری
الٰهی بیک حجاز ان محرم ... الٰهی بلغ المحمود مرادی
الٰهی اغفر الذنب خطیه ... بوالدین مشایخ واوستادی
کہ شیخ عبد الشکور صاحب دلاویل ... امین واحمد ورضوان اوستادی
افوض امرنا رجی الی الله ... که ان الله بصیرٌ بالعبادی

الف الف صلواة و السلام — علی النبی بتول والامجادی
ولا ملک من دینار درهم — سوالفنی عن الجنت والفوادی
معرا عن جمیع اعتبارات — مبرا من تعینات العبادی
قلوب المومنین فی اصالح — الهی عشق حبک فی الفوادی
ثلاثة تا تبین واحد الف عالم — دعاء مستجب بادی العبادی
بحق سیدی مولوی الشیخ — که مسکین شاه عارف ذی اعتمادی
ملاذ ملجاء قبله وکعبه — طبیب قلب مریض دوا عبادی
دعا مسکین فی حق مریدین — الهی والروح جمیع اولادی

الهی ارحم الفقرا و مسلین
علی جمع حضور محمود رشادی

الهی ارحم باسم اعظم قدیم ذاتک بلا مثالی
فناء ممکن وجود حادث یا حی القیوم لا یزالی
لا ضد و لا ند لا حد الی محیط کل شیء بسیط
منزه عن جهات سته لا تحت و لا فوق یمین شمالی
لا ابتداء لا انتهاء اول و آخر ظاهر و باطن
فی ذات بحت معرا معبود وری الوری من فهم خیالی
مقام قاب قوسین اولی فی لیل سرا بنص قران
اشاره نحن اقرب الیه وصال بے کیف اتصالی
لا تحزن ان الله معنا ثانی اثنین اذ هما فی الغار

میت وھو امعلم شغلی فقیل خواجہ امیر کلالی
نظر شفاءٌ کلام دوا ءٌ وصحبتک نور الضیاءٌ
انا مریض من ھجر حبک وطال شوقی الی الوصالی
طبیب حاذق ملاج واثق فی السیر جعفر وفیض صادق
من اھل بیت بنی لاریب وانت تعرف جن بہ حالی
استقامت فوق الکرامت علی الشریعت والطریقت
وانت اکرم من سین القوم فکیف منک اخفی حالی
الھی انت ستار کریم وانت بر روف رحیم
وانت غفار رزق حلیم ارزقنا یارب رزق حلالی
لا عالم ولا مشائخ قاضی لا محتسب لا وزیر سلطان
عبید ذلیل لرب جلیل عبید حبشی حضرت بلالی
لا صوت داؤد لاحسن یوسف لاصبر ایوب لاشکر نوح
لا صادق الوعد ذبیح پیمبر خلیل حسبی قبل سوالی
لا شاعر مثل حسان فصیح فی نعت احمد مدح بلیغ
لا مثل لقمان حکیم طبیب مریض عشق طالب وصالی
فاین آدم فاین حوا فاین مریم فاین عیسیٰ
من دار دنیا زار کل یبقی وجہہ ذوالجلالی
فاین مطرب فاین داؤد فاین عشق ایاز محمود
فاین یوسف فاین یعقوب تحد دامثال قیل قالی

دعاء یوم عاشورہ لاہر دقبول وقت ظہر خصوصاً

عام الف بعد ثلاثة مایة احد عشر یارب استجب لی

لاحترمنا من وصال مرشدی فی وقت هذا قطب ارشاد

خصوصاً مسکین شاہ نقشبندی عارف باللہ طریقہ عالی

بحق خواجہ نقشبندی بحق مظہر جان جانان

عفو قصورات محمود ہندی کنت نسیان من خیالی

الٰہی انت برؔ رءوفٌ رحیمٌ کریمٌ وحلیمٌ

اغفر جمیع ذنوب یارب اللہ محسن ستار جلالی

ترکت آداب مجلس شیخ غریق بحر ندامت هیهات

رأیتُ من صحبتك اکسیرٌ من الحضوری الی الجالی

اللہ جمیلٌ یحب جمالی	
اللہ اللہ اسم جمالی	

حدیث قدسی المال مالی شرح معالی فقرا عیالی

من لم ینفق مالی علی عیالی فهو فی النار ولا یبالی

بحق شهیدہ ٔ احد بدر بحق شهداء کربلا کل

بحق قرة العینین حسنین والاول واصحاب ذو الکمالی

بحق کل اہلبیت اصحاب الٰہی اغفر جمیع ذنبنا

ما بین محب محبوب سرّ لا یعلم الا ذو الجلالی

این طبیبی وقلب روحی سراج بینی فی التبیله المعراج

وانت شمسی وانت بدری وانت قطبی اسماہ ولی
الٰہی ارحم بحق خواجہ نقشبندی صاحب طریقۃ
وبحق شاہ من بحر الّٰہ فی ہذہ اجواھر غزالی ولی
فاین سلطان فاین یاقوت فاین فیروز بلال حبشی
محب صادق خدام ومضطر عاشق مسکین محمود خصالی
لا دعوی علم لا دعوی تقوی احاجت باب سلاطین امرا
انا فقیر مذنب حقیر خدام مسکین فخر کمالی
لا تحرمنا صحبت مرشدی وقت ہذا کبریت احمر
قطب ارشاد اسم مسمی مسکین خلق محبوب افعالی
الٰہی نعوذ من شر کل من مکر شیطان نفس خبیث
الٰہی اغفر جمیع ذنبا باسم ذات اللہ جلالی
الٰہی ذات صفات تعالی منزہ اقدس وہم خیالی
الٰہی ارحم یا اسم اعظم صفت جلالی ویا جمالی
وانت سید اولاد آدم قریش جدک بنی ہاشم
فی حال مضطر مریض عشقک مثال مجنون بیابانی
خصوصاً محبوب قلوب مسکین محمود اقبال محمود خصالی
خصوصاً مسکین شاہ نقشبندی محمود افعال محمود خصالی
یا رب بحق النبی المصطفٰی العدنانی بحق ابو بکر وعمر عثمان علی ذی شانی
جئنا الیک یا نبی اشفع لنا عند ربی الف صلوٰۃ والسلام علی النبی عدنانی

طه ولسين الذى حتى نبى فى قبره — انت النبى ختم النبى احمد نبى لاثانى

ادخل مع حزب العربية بين نبى الملك عرب — فى باطنى قلبى عرب ظاهر عجم لسانى

اغفر لنا يا ربنا ذنب كثير من جهلنا — تبنا اليك يا تواب عمدًا خطا نسيانى

روحى فداك سيدى عبد ذليل خز سيدى — عدو مبين شيطان لعن شهوت والفانى

ارجو دعاء خيرك تحرك لنا شفتيك — احسن كما احسن لى من جود واحسانى

يا رب بحق انبيا والاوليا والاتقياء — ورزق رضاء وحبك والمعرفة سبحانى

لا غيرك معبودنا لا ملجاء مقصودنا — ليلًا نهارًا شغلنا فى السر والاعلانى

يا رب اذا اجابنا عونا معينا زنبينا — والنصر على عدونا النفس والشيطانى

يا رب بحق ليل القدر حتى مطلع الفجر — خير من الف شهر تنزل ملائك روحانى

يا رب بحق باب السلام بلغنا فى دار السلام — ورزق طواف بيت الحرام بالصدق والاتقانى

اقبل الهى دلنا الا ومن اعما لنا — شاهت الوجوه فى الكفر والطغيانى

سنه وسنين وثنتين الف بعد هجرة النبى ١٢٧٢ — هذا شهر رمضان شريف اسماء دعائى

سبع وعشرين فى رجب ليل جمعه معراج رب — افتح لنا باب الكرم بالامن والايمانى

يا رب بحق نقشبند خواجه بهاء الدين شيخ — اطهرنا من باب الفضل الروح والجمالى

محمود عبدك الذى عبد قديم سيدى — لله فلك رقبتى فى جودك لاثانى

محمود مسكين الذى محتاج الى باب الغنى

وسع لنا باب الغنى نجنا من عصيانى

ايا حبيبى دعاك حسبى قبول الى وانت ساقى — حضور قلبى بنفس روحى شفاء عمرى وكل بقائى

رفع بليات جميع آفات وقول فضل الفقير كرامات — وانت عاشق حب محمد وانت شارب شراب امانى

من سیف قاطع لا الٰہ ذبح نفس کافر لعین شد — مددیا شیخ عبد القادر جیلانی وانت شیخی ویا امامی
نزول رحمت عند ذکر المشایخ والاولیا والعلما — من اصحاب قلوب العارف مظہر علی الارض بستانی
الٰہی ارحم وانت اکرم ضیف مسکین ابن آدم — عدو آفاق وانفس النفس انجالت من الامثالی
قریب بعید بالحق واحد کلام عجمی کلام عربی — لاحاجت من لسان ناطق سکوت عاشق بالفاظ معانی
الٰہی نجاتا من کید ابلیس دجال وفتنہ شر — جماعت مسکین امت احمد دعا مقبول یا رحمانی
قدوم یدیک والعین علی الراس جہان بشاکر وہ ضیف — خرج من نا ندیر جمیع ظلمت من نورانیات والکفر طاغی
فاین آدم فاین نوح فاین موسیٰ فاین عیسیٰ — فاین احمد محمد شافع حی نبی قل اللہ باقی
خفی واخفی حجاب نفس ومن حبل الورید لا در باب — لطیفہ لا نفی تقول الی الا کنتم حی من الاجبالی

کرامت اولیاء حق و معجزات انبیاء حق
عقاید سنت جماعت حق سواد اعظم طریق مکی

قطعہ تاریخ وصال حضرت پیر و مرشد مسکین شاہ صاحب قبلہ قدس سرہٗ

متفق صوفیان ہیں اس پر سب — نزع کے وقت دیکھے ہلتے لب
ہوا الہام شاہ مسکین کو یہ — مجلس واعظ ختم کرنا اب ہے
۱۳۱۴ھ

قطعہ تاریخ رحلت حضرت مولوی احمد خیر الدین صاحب قبلہ

زیرا قدام پیر جو ہو دفین ہے — اس کو ملتا مقام علیین ہے
پہونچے اپنی مراد کو خیر الدین — آج کرنا ختم دسب واعظین
۱۳۱۵ھ

بیت

حال دنیا کا دیکھ محمودا ہے — کیا تھا اور کیا ہے اور کیا ہوگا

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً و مسلماً

مقصود اصلی از تالیف و تشریح فائدہ خلق اللہ اور بیان اظہار علت غامض ہے
تو بندہ مولف خاکسار بے مقدار عاصی پر معاصی فقیر حقیر بعید الوطن سید نفیفہ
ساکن گندف ملک پنجاب ضلع پشاور حال مقیم پانڈر کوڑہ۔ ناظرین باتمکین
خدمت مین عرض رسا ہے کہ اگر کسی جا خطا سرزد ہو تو بفحوائے والانسان
مرکب من الخطاء والنسیان پردہ عفو سے چھپائین۔

جب تلک طے نہ ولایت ہوئے صغرا کبرا
کہان قالب نے بھلا فیض نبوت دیکھا

ہے کہ اس شعر مین رمزیات
اے جان من و اے جانان من جاننا چاہئے
بسیار اور منافع کثیر واسطے خریداران اعمال کے ہین مگر بسبب عوارض مخفی
اور مہمومات غیر متناہی کہ دائم الحال اس احقر کے ہین بیان نہین ہو سکتے
لیکن بحکم ضرورت انجام سخن بدینجا کشید کہ مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ۔ بر بیان ضروری
چند نکات کہ عبارت از ولایت صغرا و کبرا و درو قول ملحدین است لاجرم صورت
بستان بخاطر ریخت از رابطہ نجاسہ و از خامہ بیانہ سپردہ می آید۔ لہذا نشستے
نمونہ از خروارے برائے ناظرین بضاعت تا دیدہ ظاہر کردہ مے آید۔
اے عزیز باتمیز سالک صاحب حال رہبر راہ اہل کمال گوہر درج شریعت

وحضرت طریقت آگاہ برج معرفت وحقیقت قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین مولانا پیر ومرشد محمود شاہ صاحب قبلہ نانڈیری نے شعر مذکورہ بالا کو کس طرح مطالب عجائب ونکات غرائب کے ساتھہ مزین کیا ہے گویا بحر عمیق متلاطم حقیقت اور دریائے زخار منظم طریقت مین غوطہ زن ہو کے دُرج وحدانیت برائے تصدیق قلوب عوام الناس خارج کیا اور بازار شریعت مین ظہور کا تجلّے جیکا کر خریداران اعمال کو بتلایا ہے یعنی فاش اور ظاہر ہونا نبوت کا ممکن نہین ہے جب تک ولایت صغرا اور ولایت کبرا سے عبور نہو جائے مطلب اصلی اور مقصد دلی اس شعر سے تردید قول مخالفین کا ہے اور جن لوگون نے مفہوم مخالف سمجھا ہے وہ لوگ بارہا اغوائے نفسانیت اور ہوائے جاہلیت مین گرفتار اور صحرائے گمراہی مین تیز رفتار ہین جیسا کہ بعض صوفیون اور کرامیون کا اعتقاد ہے کہ ولایت فوق ہے نبوت سے لہذا المحقق عارف باللہ نے فرمایا کہ جب تلک سطے الخ اور مصرعہ ثانی کے جزاخر واسطے استفہام انکاری کا ہے۔ فافہم ولا تسئل۔

بیان قالب

اے عزیز باتمیز جاننا چاہیئے کہ لفظ قالب جو مصرعہ ثانی مین مکتوب ہے اس سے مراد کالبد اور جسم آدمی ہے جسپر ہیولا اور شکل انسان کا اطلاق ہوتا ہے اور لفظ قالب اور مابعد اس کے لفظ نبوت سے مراد یہہ ہے کہ انسان مظہر خداوندی ہے اور اس قالب انسان مین ظہور اس ذات پاک کا ہے کیونکہ فرمایا رسول مقبول صلعم۔ ان اللہ تعالے خلق آدم علے صورتہ یعنے خدا نے

پاک نے اپنی صورت پر آدم کو پیدا کیا لیکن طالب مشاہدہ کو چاہیئے کہ جمال کو مشاہدہ حق کا دیکھے بلکہ ہر ایک وجود کو اسی طرح پر دیکھے جیساکہ اس مین تحقیق ہے ایک عارف مقام فرماتے ہین ؎ گر تجلّےٰ خاص خواہی صورت انسان بین ؏ ذات خورشد آشکارا اندراں خنداں بین ؏ یعنے حق سبحانہ نے اپنی ذات کو جسم انسان مین ظاہر کیا اگر تو چاہے کہ تجلّیٰ خاص کو دیکھے تو قالب انسان مین دیکھ۔ کیونکہ قالب انسان کامل مجموعہ غیب اور شہادت ظاہر باطن کا ہے۔ اور انسان سر اللہ ہے بیچ زمین کے۔ کاظہرت فی شئے کظہوری فے الانسان یعنے نہین ہے ظہور میرا کسی شئے مین جیساکہ ظہور میرا انسان مین ہے۔ کیونکہ انسان مجموعہ غیب شہادت ظاہر و باطن کا ہے اسلیئے انسان کو مراۃ حضرتین کہتے ہیں اور قابل صفتین بھی تمام رکھتے مین یعنے ایک حضرت وجود۔ دوم حضرت امکان یا ایک حضرت جمال دوسرا صفت جلال قال رسول صلعم اَلاِنسان سِرُ اللہِ فے الارض۔ ؎

عشق چون بنیاد در صحرا نہاد ؏ شور و شر اندر نہاد ما نہاد ؏ ؏
چون صنوبر قلب انسان راست کرد ؏ منزل انجا کرخت اینجا نہاد ؏ ؏

اور سوائے اس کے انسان موصوف ہے ساتھ صفات سبع حق سبحانہ کے یعنی سمیع ہے بصیر ہے اور علیم ہے کلیم ہے اور حی ہے اور قادر ہے اور مرید ہے۔ چنانچہ کسی شاعر نے اس صفات سبع کو شعر عربی مین جمع کیا ہے۔ ؎ حیاتٌ وعلمٌ وقدرۃ وارادۃ ؏ کلامہ حی البصار سمع مع البقار بلکہ انسان موصوف ہے تمام صفتون سے اسکے جیسا فرمایا حضرت نے کہ جو

شخص موصوف ہو دے ساتھ ایک صفت حق سبحانہ کے وہ بہشتی ہے
حضرت صدیق رض نے عرض کی۔ ہل فی یا رسول اللہ فرمایا حضرت نے کہا نیک
پس معلوم ہوا کہ انسان موصوف ہو تمام صفتیں حق سبحانہ سے اور یہہ مظہر
خاص حق کا ہے اور کیونکر مظہر خاص حق سبحانہ کا ہو گا کہ اس ہی قالب کے
مواخذ سے جل سلطانہ نے فرشتوں کو پیدا کیا اور علاوہ اس کے خلقت انسان
ذات نور الٰہی سے ہے اگر ظہور قالب اس ذات پاک کا نہوتا تو وجود کسی شئے
اشیاے ممکنہ سے ظاہر نہوتا۔ قال غوث الاعظم سئلت من ای شئے خلقت
الملائکۃ۔ قال عز و جل خلقت الملائکۃ من نور الانسان و خلقت الانسان من نور
ذاتی۔ سوال کیا غوث نے اے پروردگار عالم کس چیز سے پیدا کیا تو نے
فرشتوں کو ارشاد ہوا کہ پیدا کیا میں نے فرشتوں کو نور انسان سے اور
پیدا کیا انسان کو نور ذات اپنے سے۔ پس یہہ الہام مطابق حدیث
شریف کے ہے اول ما خلق اللہ نوری و روحی و عقلی و انا من نور اللہ
و المؤمنون من نوری و کل شئے من نوری۔ اول قطرہ دریاے محیط سے
سچا نور محمد صلعم کا تہا۔ اول وہ چیز کہ بطون سے ظہور میں آئی روح نبوی
تھی اور یہہ نور اور روح مصدر تمام موجودات کے ہیں۔ لولاک لما
خلقت الکونین بلکہ ظہور خدائی کا ظہور سے قالب حیات رسالت مآب صلعم
کے ہی لولاک لما اظہرت الربوبیۃ۔ یعنے کل موجودات وجود سے تیرے
ظہور میں آئے اگر تو نہوتا کون خدا کہتا اور کبریہ خدائی ظاہر ہوئی نہوتا وہ تو
گنج عالم نہوتا۔ کبھی تخم ظہور اللہ نہوتا۔ فافہم۔

رباعی

مظہر خاص بود انسان — نیک دریاب گر تو ئی عاقل
غیر او نیست ہر چہ می بینی — ہست انسان جملگی فاضل

بے شک کہ انسان مظہر خاص حق کا ہے کیونکہ خداوند عالم نے اس قالب خاکی کو مطیہ اپنا بنایا اور تمام خلق مطیہ انسان کا اور انسان خلیفہ حق کا ہے جیسا کہ فرمایا حق سبحانہ نے اے غوث اعظم کہ مین نے انسان کو مطیہ اپنا اور تمام خلائق کو مطیہ انسان کا یعنے مظہر خاص میرا انسان ہے اور ظہور میرا انسان مین ہے اور انسان مظہر تمام خلق کا ہے رباعی

چون ذات خود را د آسما نہاد — سر خود با آدم و حوا نہاد
ہر چہ باطن بود آخر شد پدید — ظاہر اندر انکہ اسما نہاد

اے عزیز قالب انسان امیر ہے اور باقی اسیر اور قالب انسان حاکم اور باقے محکوم اور قالب انسان خلیفہ حق کا ہے۔ انی جاعل فی الارض خلیفہ

ز مسجود ملائکہ آدم آمد — کہ نور پاک در وے بود مدغم
اگر این نکتہ دانستی عزازیل — ہزاران سجدہ آوردی دمادم

الانسان سری وانا سرہ - لو عرف الانسان منزلتہ عندی لقال فی کل نفس من الانفاس لمن الملک الیوم - یعنے انسان بھید میرا ہے اور مین بھید انسان کا اگر پہچانتا انسان مرتبہ کو اپنے جو نزدیک میرے ہے البتہ کہتا ہر دم ہر دم سے اپنے کہ مین مالک ہون اور مجھ ہی کو بادشاہی ہے۔ آج کے دن اور نہین ہے واسطے کسی کے سوا میرے - یعنی انسان سر اللہ ہے کہ ظہور ذات کا اسی صفت مین کامل ہے اور جب ذات

اسی مظہر مین ظاہر ہے پس یہ مظہر سر ذات ہوا البتہ ضرور کہے گا کہ آج کے روز بغیر میرے دوسرا کوئی صاحب اور مالک ملک کا نہین - پس اسیواسطے حق سبحانہ نے فرمایا کہ انسان سر میرا اور ہم ساز وہمدم اور ہم راز میرا ہے علاوہ اس کے قالب یعنے جسم وتن انسان کا روح اور زبان اس کے ہاتھہ اور پاؤن اور تمام وجود اس کا ظاہر کیا اللہ پاک نے واسطے اپنی ذات کے جسم الانسان ونفسہ وروحہ وسمعہ وبصرہ ولسانہ ویدہ رجلہ کل ذالک اظہرت نفسی لنفسی لاہو انا ولا انا غیرہ - یعنے تن انسان کا نفس اور روح اس کی اور سننا اور دیکھنا اوسکا - زبان اور ہاتھہ اور پاؤن اوس کے بلکہ تمام وجود کو اوس کے ظاہر کیا مین نے از روئے ذات کے واسطے اپنی ذات کے نہ وہ انسان مین ہون اور نہ مین غیر ان کا اسلئے عزیز فرمایا حق سبحانہ تعالی نے کہ انسان ظہور تام میرا ہے اور مین ساتھہ ذات اور صفات اور اسمار اور افعال اس مین ظاہر ہون یعنے انسان نہ عین مین ہون نہ وہ غیر مجہہ سے ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ - مصرعہ

مردان خدا خدا نباشند لیکن ز خدا جدا نباشند

پس مطلق نہ مقید ہے اور نہ مقید مطلق - اگرچہ از روے حقیقت کے مقید عین مطلق ہے مصرعہ گر حفظ مراتب نکنی زندیقی جس نے تمام مراتب کو طے کیا وہی انسان کامل ہے اور مقید سے مطلق ہو جاتا ہے قطرہ دریا سے ملتا ہے اور نور مطلق ہو جاتا ہے - ای جان من وی جانان من لیکن قالب پتلہ خاکی کو عرف عام مین انسان کہتے ہین اور ناطق بھی - مگر منطق والون

کی اصطلاح میں اِن دونوں لفظوں کو کلیان متساویان کہتے ہیں کیونکہ ہر ایک
کلی کے افراد دوسرے کلی پر صادق آتے ہیں یعنے انسان اور ناطق ہر دو
لفظوں کے مال لطرف دو قضیہ کلیہ موجبہ ہے کل انسانٌ ناطقٌ و کلُّ
ناطقٌ انسانٌ۔ یعنی ہر انسان ناطق ہے اور ہر ناطق انسان۔ اگر کوئی سوال
کرے کہ اِن دونوں لفظوں کا مفہوم واحد ہے۔ اور اس مفہوم کا اطلاق
ہر فرد بشر پر صادق آتا ہے خواہ کافر و مشرک و مرتد و مجوسی وغیرہ وغیرہ کیوں
نہوں۔ حال آنکہ یہہ دشمنان ایزدی اس نعمت غیر مترقبہ سے مایوس و محروم
ہیں کس طرح مظہر خاص ہو سکتے ہیں۔
جواب۔ لفظ قالب جو عبارت کالبد اور جسم آدم سے ہے یہ ہی مظہر
خاص ہے لیکن حرمان اس نعمت عظمےٰ سے عارضی ہے اور عوارض معتبر
نہیں۔ کیونکہ اسلام اصلی اور کفر و شرک وغیرہ عارضی ہے جیسا کہ فرمایا حضرت نے
کُلُّ مَولُودٍ یُولَدُ علے فطرت الاسلام الخ۔ جائے غور ہے فافہم
جواب دیگر اے عزیز باتمیز حضرات بزرگواران صوفیہ کے نزدیک
نام گوشت و پوست و نطق و صورت کا نہیں ہے بلکہ نام سیرت اور معنی
انسان کا ہے کیونکہ انسان موصوف ہے تین صفتوں پر۔ اول صفت ناقص
ہے دوم صفت کامل ہے۔ سوم اکمل۔ ناقص وہ کہ جو صفت حیوانی رکھتے
ہیں۔ کامل وہ ہیں جن میں صفت ملکی ہو۔ اکمل وہ ہیں کہ جن میں صفت رحمانی
حاصل ہو چنانچہ فرمایا ہے عارفوں نے اَلنَّاسُ علے ثلثۃ اَقسَامٍ۔ اَوَّلُھا یُشبِھُونَ البَھائِمَ
اُولٰئِکَ کَالاَنعَامِ بَل ھُم اَضَلُّ سَبِیلاً۔ کہ ہمیشہ ہمت ان کی اوپر کھانے پینے اور

جامع کے ہے۔ وثانیہا لیشبہون الانبیاء کہ ہمت ان کی سوا ے شوق
اور ذوق اور محبت ذکر و فکر حق نہین ہے۔ اور ہمیشہ غرق دریائے مراقبہ
اور مکاشفہ و مشہود اور عبادت کے رہتے ہین۔ ثالثہا لیشبہون الملائکہ
کہ ہمت ان کی بجز طاعت اور عبادت کے نہین ہوتی اور دائما مستغرق
اور صفات سے اپنے فانی اور صفات حق سے باقی۔ اسلئے آنحضرت
صلعم نے ارشاد فرمایا ہے کہ ان اللہ تعالے لخلق آدم علےٰ صورتہ و
علےٰ صورت الرحمن۔ مراد حضرت کی اس مثال سے یہہ ہے کہ ظہور خلق کا
اور جاری ہونا حکم الٰہی کا عالم خاص ہین کہ وہ وجود انسان کا ہے مانند
جاری ہونے اسرار روح انسانی کے ہے کیونکہ آدم مظہر تمام صفات حق
کا ہے اور غیر آدمی کو یہ مرتبہ میسر نہین۔ اور انسان متصف ساتھہ صفات ذات
کے ہین اور مظہر اتم حضرت حق کا انسان کامل ہے نہ انسان ناقص۔
ہو المراد۔ چنانچہ روزبہان شیرازی رحمتہ اللہ علیہ نے کتاب کشف الاسرار
مین یون تحریر فرمایا ہے۔ یک روز حالت غلبۂ سکر مین حق سبحانہ تعالی
نے ترکی قبا بستہ کلاہ کج سر پر مجھپر تجلی کیا مین نے دست اپنا دامن جلال
پر اُس کے مارکر کہا کہ قسم ہے حق وحدانیت تیری ذات کی مجھکو ایسا پہچانتا ہون
کہ اگر ہزار صورت سے آئے اور ہزار لباس عزت مین جلوہ کرے تو ازہر
مو تیری معرفت سے تغیر نہوگا اور ہاتھہ اپنا تیرے دامن سے نہ اٹھاؤنگا
جب تک کہ تجلی آجل اور کشف اعظم مجھپر منجلی اور منکشف نہ ہو تو اُس حالت
مین روزبہان علیہ الرحمتہ نے رہا اور تغیر نہ آتا بود ہو الکیونکہ حق سبحانہ بی نیاز

اور بے مثل اور بے چون بے چگون اور بے مانند اور لامکان اور قدیم ہے
اور بندہ حادث اور مکانی اور مقید ساتھہ جہت کے ہے اس سبب سے کہتے
ہین کہ دیدار دنیا مین چشم ظاہر سے ممکن نہین ہے اور نہایت محال ہے لیکن
چشم دل سے اوسوقت ممکن ہے کہ دل اوس کا اوصاف ذمیمہ سے باہر آوے
اور مقام موتوا قبل ان تموتوا کو پہونچے اور ساتھہ حیات قرب کے زندہ ہو تو
بیشک وہی قالب جو عبارت کالبد اور جسم انسان کامل سے ہے وہی مظہر
خاص الہی ہے۔

بمیر اے دوست پیش از مرگ اگر خود زندگی خواہی
کہ ادریس از چنین مردن بہشتی گشت پیش از ما ؎

ھُوَ المقصُود

مردان خدا خدا نباشد ؎ لیکن ز خدا جدا نباشد فہم

بیان ولایت

اے عزیز با تمیز شعر مذکورہ کے مصرعہ اوّل مین لفظ ولایت باعتبار
ذات قالب کے صفت واقع ہوئی ہے اور اس صفت کی راہ حاصل ہونا
اسطرح ممکن ہے کہ پہلے صورت اپنے مرشد کی باطناً ایسی نظر مین رکھے
کہ جسوقت آنکھہ بند کرے وہی صورت ظاہر مین دکھلائی دے رفتہ رفتہ
وہی صورت بولے اوٹھے اور جو مطلب چاہے اوس سے پوچھے جواب
باصواب حاصل ہووے بعد از ان خود صورت مرشد بن جاوے اور دوئی

شیخ کی بھاگ جاوے اور یکتا ہوجاوے اوسکو فنا فی الشیخ کہتے ہین بعد ازان ببرکت صحبت مرشد صورت آنحضرت صلعم کی خواب وبیداری مین دیکھے گا اوس صورت مبارک کو ایسا بغور دیکھے کہ وہ جمال مبارک نظر مین کھپ جاوے رفتہ رفتہ وہ بھی باتین کرے گا لیکن اوسوقت کمال عاجزی اور غریبی ظاہر کرے کیونکہ اوس مین رضا اللہ کی اون کی ہے بعد ازان اوس ذات رسول خدا صلعم کو بقا سمجھکر اپنے تئین فنا کرے تو اوسی کو فنا فی الرسول کہتے ہین بعد اس کے صورت اسم اللہ کا تصور کرکے اسکو حاصل کرے کہ اسیکو فنا فی اللہ کہتے ہین اور مصرعہ مذکور مین لفظ صغرا بفتح اول وسکون ثانی والف مقصورہ خردتر دکبرا بروزن صغرا بزرگ ترا گویند اور منطق والونکے نزدیک یہ ہے کہ ان موضوع النتیجۃ فی الاقترانی لیسمی صغراً ومحمولہا یسمی کبراً یعنی بدرستی کہ موضوع نتیجہ در قیاس اقترانی نام کردہ میشود اصغر از انکہ در غالب اخص ہست پس افراد او کمتر می باشند از بہر آنکہ وجود خاص نسبت بعام قلیل ہست ونام کردہ می شود۔ محمول نتیجہ را اکبر۔ از بہر انکہ اعم ہست پس افراد او بیشتر می باشند اور حضرات صوفیون کے نزدیک صغرا اور کبرا سے یہان مراد مقامات ہے آگے اس کا بیان کیا جاوے گا۔

اے جان سن واے جانان سن محقق عارف باللہ حضرت محمود شاہ صاحب ممدوح نے شعر مذکورہ کے مصرعہ اول مین لفظ ولایت سے بیان غیر کافی کو فرمایا اور بیان صغرا کبرا سے اظہار وافی کو واضح کیا اور بعد ازان مصرعہ ثانی مین بیان شافی فرماکر شعر مجموعہ مرکب مین جواب باصواب دندان شکن

مخالفین کو عطا کیا یعنے جب تلک ولایت صغرا اور ولایت کبرا کو طے نکرے
تب تک مرتبہ نبوت کو نہ پہونچے گا اور مرتبہ نبوت اعلیٰ اور اہم ہے مرتبہ
ولایت سے کیونکہ ولایت عبارت عرفان باللہ اور صفات اوسکے سے ہے
اور نبوت عبارت سفارت سے ہے درمیان عبد اور ذات اوس کے
وما قال بعض الصوفیة بدایت الاولیاء نہایت الانبیاء معنیٰ لہ
اور وہ جو کچھ کہ بعض صوفیون نے کہا ہے کہ ولایت افضل ہے نبوت سے
یہہ بات غلط ہے بلکہ معاملہ برعکس ہے اور کیون نہو گا کہ معارف انبیاء علیہم
السلام کتاب اور سنت ہے اور معارف اولیاء کا فصوص اور فتوحات مکی
ہے مصرعہ۔ قیاس کن ز گلستان من بہار مرا۔ اور ولایت اولیا اللہ کا
ڈھونڈھنے والا قربیت کا ہے اور ولایت انبیا علیہم الصلوات والسلام کا
نشانہ اقربیت کا بتلاتا ہے اور ولایت اولیاء اللہ کا دلالت ساتھ شہود
کے دکھلاتا ہے اور ولایت انبیا علیہم الصلوات والسلام کا نسبت مجہول
الکیفیت کا اثبات فرماتا ہے اور ولایت اولیاء اللہ کا قربیت کا شناخت
نہیں کر سکتا اور جہالت کو نہیں پہچانتا کہ کیا شئے ہے اور ولایت انبیا علیہم
الصلوات والسلام باوجود اقربیت عین کو بعد جانتا ہے اور شہود النفس کو
غیب کا تصور کرتا ہے اور اگر ولایت اولیاء اللہ کا ہے البتہ بداغ ظلیت
منسوب ہوتا ہے اور ولایت انبیاء علیہم الصلوات والسلام کا ہرچند از داغ
ظلیت برآمدہ ہے۔ پس بالضرور نبوت از ولایت افضل ہوئی۔ اور کیونکر
نہوگی کہ قرب نبوت ذاتی اور اصلی ہے اور مقام اولیا اللہ دائرہ ظلی ہے

ومن لم یطلع علی حقیقت ہما حکم بالعکس وجزم بالتقلب پس وصول در مرتبہ نبوت باشد وحصول در مقام ولایت زیرا کہ حصول بلاحظ ظلیت صورت نہ پذیرد۔ بخلاف وصول و انچہ بعض از مشایخ در وقت سکر گفتہ اند کہ ولایت افضل از نبوت ہست این قول فضول ہست بلکہ معتقدش مضل میگردد تا فی الحقیقت کار برعکس ہست۔ زیرا کہ نبوت نبی از ولایت ولی افضل است۔ مصرعہ گر بگویم شرح این بیحد شود۔ معارف و مذاہب بر اصحاب بصیرت مخفی مباد۔

اے دوست جانی اے محب لاثانی ولایت تین قسم پر منقسم ہوتی ہے ایک ولایت صغرا دوم کبرا سوم علیا ہے لیکن عامل شریعت اور رہبر طریقت حضرت محمود شاہ صاحب ممدوح نے شعر مذکور میں قسم ثالث کی طرف توجہ نہین فرمائی اسلئے کہ مراد آپکی ذکر ناسوتی ہے واسطے تردید قول مخالفین کے نہ ذکر ملکوتی اور ولایت صغرا و کبرا خاصۂ عالم صغیر کا ہے جسکو عالم ناسوت اور عالم محسوس اور عالم بہایم اور عالم خلق اور عالم شہادت اور عالم صورت اور عالم جوارح کہتے ہین کہ اور ولایت علیا خاصۂ عالم کبیر کا ہے جسکو عالم ملکوت اور عالم امر و عالم معقول عالم غیب و عالم معنی اور عالم باطن کہتے ہین۔ ولایت صغرا ولایت اولیاؤن کا ہے ولایت کبرا ولایت انبیاؤن کا ہے ولایت علیا ولایت اعلیٰؤن کا ہے مگر اصول عالم صغیر کا مقام کبرا سے مقام علیا تک ممکن ہے اور وہان قدم رکھ سکتا ہے کیونکہ اس قالب انسان ضعیف البنیان مین دس لطیفے ہین از انجملہ پانچ عالم امر سے ہین یعنے قلب و روح اور سر اور خفی اور اخفی کہ اجزا ہر عالم صغیر

انسان کا ہے اور تتمہ دیگر عالم خلق سے یعنے نفس اور عناصر اربعہ اور ان للیفون کے اصول عالم کبیر کے بیچ مین ہین جیسا عناصر اربعہ کے اجزا انسانی ہین لیکن اصول ان کے فوق العرش ظہور کا تجلی کھلاتا ہے اور اس مقام کو مقام لامکانی کہتے ہین ازین جاہست۔ کہ عالم امر را لامکانی گویند دائرہ امکان عالم خلق اور عالم امر اور عالم صغیر اور عالم کبیر وغیرہ یہانتک تمام ہوئے۔ جبکہ سالک واصل محمدی المشرب ہوکے بہ بلند فطرتی بلکہ یہ محض فضل ایزدی جل سلطانہ اس پنجگانہ عالم امر کو بترتیب سطے کرکے نقطۂ آخری دائرہ امکان کو پہونچتا ہے۔ اور اسی جا سیر الی اللہ تمام ہوتا ہے اور اطلاق اسم فنا اپنے پر حاصل کرے شروع در ولایت صغرا کہ ولایت عام اولیاؤن کا ہے دکھلا ہے۔ اور بعد از ان سیر در ظلال اسمار وجوبی جل سلطانہ کے فی الحقیقت آن ظلال کہ اصول اس پنجگانہ عالم کبیر کا ہے اور سایہ عدم آنجا راہ نہ یافت واقع ہوتا ہے۔ و آن ہمہ را بفضل خداوند جل سلطانہ بطریق سیر فی اللہ طے کردہ سد۔ نہایت آن بر سد۔ دائرظلال اسمار وجوبی را نیز تمام کردہ باشد واصول بمرتبہ اسما وصفات واجبی جل سلطانہ نمودہ بود نہایت عروج ولایت صغرا کا یہان تک تمام ہوا۔ اور اس موطن مین شروع حقیقت فنا کا متحقق ہوتا ہے۔ اور قدم در بدایت ولایت کبرا کہ ولایت انبیارون کا ہے قدم رکھہ سکتا ہے بعد از ان ولایت کبرا شروع ہوتی ہے اور اسطرح مقامات مذکورہ دوائر یعنے دائرہ وجوبی اور دائرہ واجبی وغیرہ اس ولایت کبرا مین طے کرنے کے بعد ولایت علیا شروع ہوتی ہے۔ اور اس ولایت علیا

ہین انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام قدم رکھہ سکتے ہین بخلاف اولیاؤن کے
بلکہ قدم رکھنا انکا ولایت کبریٰ ہین مشکل ہے لہذا محقق عارف باللہ حضرت
محمود شاہ صاحب قبلہ نے فرمایا جب تک سطے نہ ولایت ہوے صغرا کبرا۔

کہان قالب سے نے بھلا فیض نبوت دیکھا۔

تفہم سطے یعنے لپیٹ لینا ولایت یعنے عرفان صغرا یعنے خرد کبرا یعنی بزرگ
قالب یعنے کالبد جسم آدم۔ فیض یعنے فاش اور ظاہر کرنا تیر کا۔ نبوت۔ یعنی
سفارت درمیان عبد اور ذات سے اوس کے ہے۔ شعر مذکورہ مجموعہ کب
سے تردید قول مخالفین کا ثابت ہوا۔ اور نیز اقوال حضرات صوفیان کرام
اس امر کے ثبوت پر شاہد ہین جیسا کہ اس تقریر کے فحوا سے صراحتاً معلوم
ہوتا ہے کہ درجہ نبوت کا فوق ہے درجۂ ولایت سے اور نیز اقوال علمائے
دین عاملان شرع متین اس امر کے ثبوت پر موجود ہین اور یہی مذہب ہے
اہل سنت جماعت کا کہ درجہ نبوت فوق ہے درجہ ولایت سے اور ولی نہین
پہونچ سکتا درجہ نبی کو۔ جیسا کہ فرمایا ملا علی قاری شرح فقہ اکبر مین۔ ان الولی
لا یبلغ درجۃ النبی لان الانبیاء علیہم السلام معصومون مامونون عن خوف الخاتمۃ مکرمون بالوحی حتی فی المنام وبمشاهدۃ
الملئکۃ الکرام مامورون بتبلیغ الاحکام وارشاد الانام بعد
الاتصاف بکمالات الاولیاء العظام۔ فما نقل عن بعض الکرامیۃ
من جواز کون الولی افضل من النبی کفر وضلالۃ والحاد وجہالۃ
نعم قد یقع تردد فی ان مرتبۃ النبوۃ افضل ام مرتبۃ الولایۃ

لبد القطع بان النبي متصف بالمرتبتين وانه افضل من الولي
الذي ليس بنبي فمنهم من قال بالاول بناء على ان النبوة تكميل
الغير وهو بعد الكمال وفوقه في الجمال ويؤيده حديث فضل العالم
على العابد كفضلي على ادناكم ومنهم من قال بالثاني زعما بان الولاية
عبارة عن العرفان بالله وصفاته وقربه منه وكرامته عنده
والنبوة عبارة عن سفارة بينه وبين عبده وتبليغ احكامه اليه
والقيام بخدمة متعلقة بمصلحة العبد وقاسوا الغائب على الشاهد
الخلق على المخلوق بانهم شبهوا الولي بمجالس الملك والنبي بالوزير
في قيام امر الملك ولم يعرفوا بان مقام جميع الولي حاصل لانبياء
وبكل اتباعهم من الاصفياء وهو ان لا يحجبهم الكثرة عن الوحدة
ولا الوحدة عن الكثرة وهو فوق مرتبة التوحيد الصرف الذي
مقام عموم الاولياء فقول بعض الصوفية ان الولاية افضل من
النبوة معناه ان ولاية النبي افضل من النبوة واما قول بعض
الصوفية ان بداية الولاية نهاية النبوة فمعناه ان الولاية ما
يتحقق لا بعد قيام صاحبها بجميع ما تقرر من عند صاحب النبوة
فان الولي من واظب على الطاعات ولم يرتكب شيئا من المحرمات فما
دام عليه امتثال امر واجتناب زجر فلا يطلق عليه اسم الولي العرفي
وان كان يقال لكل مومن انه الولي اللغوي والله اعلم بالصواب واليه
يرجع المآب =

قصیدہ در بیان وصال پیر دستگیر حضرت محمود شاہ صاحب قبلہ ناندیڑی نور اللہ مرقدہ

آئی ہے کیسی غم کی خزان وامصیبتا
مرجھا گیا ہے باغ جہان وامصیبتا

غنچون سے بے کلی ہے عیان وامصیبتا
ہر گل ہے سینہ چاک یہان وامصیبتا

نرگس بھی آج چونک پڑی اپنے خواب سے
سنبل بتنگ آ ہی گیا پیچ وتاب سے

حالت یہہ عندلیب کی ہے اضطراب سے
نغمہ کے بدلہ نوحہ کنان وامصیبتا ہے

سوسن کو جوشِ غم نے کیا بینوا ہے آج
رو رو کے خون سرخ رخ ارغوان ہے آج

نخل علم کا سرو سہی پر گمان ہے آج
بے ثمر بون کے ورد زبان وامصیبتا

ناندیڑ مین تھا یہی جو ایک شیخ نامدار
چہرہ سے اوسکے شان ولایت تھی آشکار

محمود شاہ تھا عارف موسوم ذی وقار
دنیا سے ہو گیا وہ روان وامصیبتا

علم وکمال مین تھا وہ علامۂ شہیر
تھا زہد واتقا مین وہ ایک فرد بے نظیر

کسطرح فیض یاب تھے اس سے جوان وپیر
ہے اب کہان وہ فیض رسان وامصیبتا

ماہر فقط نہ علم شریعت سے ہی وہ تھا
تھا بلکہ سارے اہل عرفان کا مقتدا

سینہ تھا اوسکا مخزن اسرار کبریا
کیا پر اثر تھا اوس کا بیان وامصیبتا

ہر دم کھلا تھا ذکر نصیحت کا اوسکے باب
اعمال بد سے سبکو دلاتا تھا اجتناب

صد حیف ایسے اوج ہدایت کا آفتاب
زیر زمین ہوا ہے نہان وامصیبتا

تھا وہ خلیفہ حضرت مسکین شاہ کا
شہ رکن دین اوسیکا ہے تلمیذ باصفا

غم اوسکے انتقال کا کسکو نہین ہوا
مضطر ہین سارے خرد وکلان وامصیبتا

پابند ذکر تھا عجب اوسکا حال و قال
مصروف تھا اوسی مین وہی اوسکو تھا خیال
نفرت ہر ایک تکلف دنیا سے تھی کمال
تھا کیا متقئ زمان وامصیبتا
چرچا تھا اوسکے زہد کا ہر ملک مین مزید
آتے تھے دور دور سے عالم بشوق دید
شبلی کہون مین اوسکو وہ یا مثل بایزید
تھا فخر عابدان جہان وامصیبتا
تھا وہ مسافرون کا خبر گیر صبح و شام
ہر وقت اونکو آپ ہی پہنچاتا تھا طعام
بیمار ہو تو اوسکو دوا کا بھی اہتمام
کرتا تھا خود وہ بادل و جان وامصیبتا
مرغوب اوسکی طبع کو اچھی غذا نہ تھی
پہنا نہ تھا کبھی کوئی عمدہ لباس بھی
سچ بات یہ ہے ... سکو نہ منظور تھی کبھی
دنیا کی کوئی عزت و شان وامصیبتا
آتا تھا مالدار اگر کوئی اوسکے پاس
ہر عیب اوسکا اوسکو جتاتا تھا حق شناس
حق بات کہنے مین تھا کسی سے نکچہ ہراس
حق گو پھر ایسا ہوگا کہان وامصیبتا
وہ بے ریائی نفس کی وہ عجز و انکسار
رو دیتا خوف حق سے وہ ہر وقت زار زار
وہ علم وہ وقار وہ اخلاق بے شمار
کس کس صفت کو کیجیے بیان وامصیبتا
دیکھین کہان پھر ایسے ولئ خدا کو ہم
پائین کب ایسے فاضل دین ہدا کو ہم
لائین کہان سے ڈہونڈہ کے اس پارسا کو ہم
کیون کر کرین نہ آہ و فغان وامصیبتا
بے نفس بے ریا کوئی ایسا بشر کہان
یون خوف حق کا دلمین کسی کے اثر کہان
ناصح کہان پھر ایسا ہمین راہبر کہان
پائین کہان ہم اوسکا نشان وامصیبتا
افسوس ہمنے نعمت عظمیٰ کو کہو دیا
افسوس ہمنے قدر نہ کی اوسکی کچہہ ذرا
افسوس کیا عالم غفلت تھا جو گیا
خجلت زدہ یہہ دل ہے تپان وامصیبتا
ہمسے ہوئی نہ اوسکی خصائل کی پیروی
ہمکو ہوئی نہ اوسکے تفضل سے آگہی

ہم منہمک ہین حیف بلذات دنیوی
برکت سے اس بزرگ کے ای رب دوسرا

جھنجی ہین ہمکو کیون ہوا مان وامصیبتا
تو بخشدے گناہ ہمارے بصد عطا

کیا لکھے **احمد** ایہہ پردرد ماجرا
خامہ ہے خود بھی اشک فشان وامصیبتا

اعلان

الحمد اللہ علی احسانہ کہ دریں آوان فرخندہ زمان

دیوان محمود از طبعزاد قطب الاقطاب مولانا

ومقتدانا حضرت محمود شاہ صاحب قبلہ نانڈیڑی قدس سرہٗ

مولفہ جناب عبدالرشید خانصاحب خلف حضرت ایشان

زیور طبع سے آراستہ ہو چکا شایقین کی خدمت مین

عرض ہے کہ اس گوہر نایاب کو جلد خریدین فقط۔

المعلن

محمد غفور الدین عفی عنہ سررشتہ دار محکمۂ خفیہ پولیس اضلاع سرکار عالی